# سنی و شیعہ مکالمہ
# عقیدہ تقیہ

## تقیہ افضل عبادت
## یا
## مجبور کو دی گئی رخصت!





اہل سنت متکلم: جعفر صادق (ممتاز قریشی)

اہل تشیع متکلم: علی ناصر

تاریخ: 3 دسمبر سے 13 دسمبر 2021

واٹس اَپ گروپ

الاقتصاد فی الاعتقاد

(شیعہ گروپ)




# فہرست

| | |
|---|---|
| موضوع کا انتخاب۔ | 5 |
| فائنل متفقہ شرائط برائے مکالمہ | 9 |
| تقیہ اور اہل سنت مؤقف اور دعوی اہل سنت | 12 |
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے شرط 1 کی خلاف ورزی۔ | 19 |
| علامہ سرخسی حنفی اور تقیہ۔ | 20 |
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے شرط 5 کی خلاف ورزی۔ | 22 |
| علامہ ابو یعلی حنبلی اور تقیہ | 26 |
| شیعہ علی ناصر کا شیعہ مؤقف بتانے سے صاف انکار | 45 |
| تقیہ پر سُنی و شیعہ کے مابین سات اہم اختلافی نکات۔ | 48 |
| عقیدہ تقیہ دو جیّد شیعہ علماء (شیخ مفید اور خمینی) | 49 |
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے ترجمے میں خیانت اور غیر متعلق اعتراضات | 51 |
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے شرط 3 کی خلاف ورزی | 54 |
| شیعہ علی ناصر کے دو سوالوں کے علمی جواب | 55 |

تقیہ کرنا نیکی اور نہ کرنا برائی (اصول کافی کی صحیح روایت) 64

علمائے اہل سنت کا تقیہ پر اختلاف رائے 72

اہل سنت کتب سے عقیدہ تقیہ کی تائید 74

عزیمت رخصت سے افضل ہے۔ 78

تقیہ کے بغیر ایمان نہیں اور تقیہ کرنے والا ذلیل وخوار ایک ہی حدیث میں تقیہ کی تعریف اور مذمت (اصول کافی کی صحیح روایت)80

امام ابن تیمیہ اور تقیہ 89

تقیہ جب دل کرے جائز (اصول کافی کی صحیح روایت) 90

شیعہ کا تقیہ محبوب ترین عبادت ہے۔ (اصول کافی کی صحیح روایت) 98

تقیہ صریح جھوٹ اور منافقت (منہاج السنہ ابن تیمیہ) 103

تقیہ جائز جھوٹ ہے۔ (شیعہ عالم سید خوئی) 113

تقیہ منافقت ہے۔ (شیخ صدوق) 115

تقیہ مردار، سور کی طرح رخصت ہے۔ (شیعہ عالم عبد الکریم مشتاق) 119

کیا نبی کریم نے حضرت عمار کو تقیہ کا مطلقاً حکم دیا تھا؟ 122

فرمان نبوی اور دس سُنی وشیعہ جیّد علماء کا ترجمہ 123

| | |
|---|---|
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے تمام سُنی وشیعہ مفسرین کا انکار | 134 |
| اگر تقیہ حکم ہے تو خنزیر کی اجازت حکم کیوں نہیں؟ | 141 |
| دو قرآنی آیات اور فقل سے حکم یا رخصت | 142 |
| شیعہ علی ناصر کا اقرار کہ عقیدہ تقیہ فرض ہے۔ | 142 |
| شیعہ کا عقیدہ تقیہ (شیعہ کتاب التقیہ فی الفکر الاسلامی) | 143 |
| انبیائے علیہم السلام کے لئے تقیہ جائز نہیں ہے۔(قرآن اور شیعہ تفسیر) | 148 |
| ایمان کی علامت صدق چاہے نقصان ہو۔(نہج البلاغہ) | 151 |
| شیعہ علی ناصر کی طرف سے گروپ لاکڈ اور اہل سنت متکلم آوٹ | 152 |
| ایڈمن بخش حسین بھی شیعہ علی ناصر کی کم ظرفی سے لاعلم | 153 |
| لاکڈ گروپ میں شیعہ علی ناصر کے آخری جوابات | 154 |
| اہل سنت کا منہ توڑ جواب جسے شیعہ گروپ میں بھیجنے سے روکا گیا | 156 |
| تقیہ خاص کے لئے جائز نہیں ہے۔(دلائل) | 156 |
| آیت استخلاف اور تقیہ | 158 |
| لفظ جنتہ کے متعلق وضاحت اور شیعوں کی کم ظرفی | 161 |

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

## گفتگو کی شروعات اور موضوع کا انتخاب




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

**جعفر صادق:** چلیں۔ تقیہ پر ہی کوئی علمی بندہ گفتگو کرنا چاہے تو بتادے۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):**

أخبرنا الحسين (1) بن إدريس الانصاري قال: حدثنا سفيان بن وكيع قال: حدثنا عمر بن حماد بن أبي حنيفة قال: سمعت أبي يقول: سمعت أبا حنيفة يقول: القرآن مخلوق قال: فكتب إليه ابن أبي ليلى: إما أن ترجع وإلا لافعلن بك.

فقال: قد رجعت فلما رجع إلى بيته قلت يا أبي أليس هذا رأيك ؟ قال: نعم يا بني وهو اليوم أيضا رأيي ولكن أعيتهم التقية.

عمر بن حماد بن ابو حنیفہ کا بیان ہے میں نے اپنے باپ سے سنا کہ ابو حنیفہ قرآن کو مخلوق کہتا تھا۔ اس کی طرف قاضی بن ابی لیلی نے لکھ بھیجا یا تو اپنی رائے سے پھر جاورنہ ضرور تیرے ساتھ ایسا ایسا کرونگا تو ابو حنیفہ نے کہا میں نے رجوع کیا۔ جب ابو حنیفہ گھر واپس آیا تو میں نے اپنے اباسے کہا۔ ابا کیا یہ تیری رائے نہیں تھی؟؟ کہ قرآن مخلوق ہے۔

تو اس نے کہا ہاں میرے بیٹے۔ آج بھی میری یہی رائے ہے مگر میں نے ان سے تقیہ کیا۔

http://islamport.com/w/trj/Web/895/782.htm

کتاب: المجروحین

وَكَانَ يَحْيَى -رَحِمَهُ اللهُ- مِنْ أَئِمَّةِ السُّنَّةِ، فَخَافَ مِنْ سَطْوَةِ الدَّوْلَةِ، وَأَجَابَ تَقِيَّةً

یحیی بن معین جو ائمہ اہلسنت میں سے ہے۔ اسکی وثاقت کے بعد حنفی کسی اور کی طرف نہیں دیکھتے جرح وتعدیل میں اس نے سلطان کی قدرت اور خوف کی وجہ سے تقیہ کر لیا تھا۔

https://al-maktaba.org/book/31616/72620#p10

Surat No 3 : سورة آل عمران - Ayat No 28

لَا یَتَّخِذِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الۡکٰفِرِیۡنَ اَوۡلِیَآءَ مِنۡ دُوۡنِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۚ وَ مَنۡ یَّفۡعَلۡ ذٰلِکَ فَلَیۡسَ مِنَ اللّٰہِ فِیۡ شَیۡءٍ اِلَّاۤ اَنۡ تَتَّقُوۡا مِنۡہُمۡ تُقٰىۃً ؕ وَ یُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفۡسَہٗ ؕ وَ اِلَی اللّٰہِ الۡمَصِیۡرُ ﴿۲۸﴾

مومنوں کو چاہیے کہ وہ مومنوں کے ہوتے ہوئے کافروں کو اپنا دوست یا سرپرست نہ بنائیں۔ جو ایسا کرے گا اس کا اللہ سے کوئی (۲۸) تعلّق نہیں۔ سوا اس کے کہ تم (ان کے ظلم سے) "بچاؤ" (یعنی) تقیّہ کے لیے بظاہر ایسا طرزِ عمل اختیار کرو (تو اس میں کوئی حرج نہیں) اللہ تم کو اپنے (عذاب) سے ڈراتا ہے۔ اور تمہیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

**ایک شیعہ ممبر:** تقیہ کے شرعی ہونے پر شیعہ کتب سے دلیل چاہتے ہیں یا اہل سنت کی کتب سے؟ اگر اہل تشیع کی کتب سے تو حاضر خدمت ہوں۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** ایک بندہ گفتگو کرے تا کہ گفتگو کا پتہ چلے۔ مجھے ایڈ من بنائیں۔

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** ممتاز قریشی صاحب کو بھی ایڈ من بنادیا گیا ہے۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** قبلہ آپ گفتگو کریں گے تقیہ کے موضوع پر ممتاز قریشی صاحب سے۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** ممتاز قریشی صاحب فارغ ہیں تو جواب دیں

**بخش حسین حیدری شیعہ:** سلام دوستان ۔ قبلہ علی ناصر اور ممتاز قریشی صاحب ۔ دونوں کے درمیان کوئی گفتگو نہیں کرے گا۔ اول دونوں فریقین ایک دوسرے کی بات کا جواب دیں گے، جب وقت ملے گا اس وقت کی پابندی نہیں ہے ۔ جو جواب نہیں دے گا ویسے سوال پر سوال رکھے گا اس کو ہم نکالیں گے گروپ سے ۔ چاہیے علی ناصر صاحب ہو یا ممتاز قریشی صاحب۔

**جعفر صادق:** میری خواہش تھی کہ آپ سے گفتگو ہو۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** انہیں سے کرلیں ۔ مگر جواب دیتے جائیں کہ ابو حنیفہ اور یحیی بن معین کے تقیہ کا کیا ہو گا؟

**بخش حسین حیدری شیعہ:** @جعفر صادق: ان شاءاللہ آپ کو ہم سے اچھا مخالف ملا ہے امید ہے جواب اچھا ہو گا اور میری اس موضوع پر تحقیق نہیں ہے لھاذا جس پر عبور حاصل نہ ہو اس پر کلام نہیں کرتا۔

**جعفر صادق:** تقیہ قرآن و سنت میں جو بیان ہوا ہے اور جو تقیہ شیعہ کتب میں بیان ہوا ہے دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ جب گفتگو ہو گی تو ہر نکتہ کلیئر ہو جائے گا۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** میں نے اپنا موقف بیان کر دیا ہے۔ آپ گفتگو کریں۔ میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا تسلیم کرنے میں۔ میں تحقیق کے بغیر گفتگو نہیں کرتا۔ معذرت چاہتا ہوں۔ آپ اپنا دعویٰ رکھیں اور شرائط بھی اس کے بعد گفتگو کا آغاز کریں۔

**جعفر صادق:** میں کچھ دیر میں شرائط بھیج رہا ہوں۔ گفتگو کل دن میں شروع کریں گے اور جب بھی جسے وقت ملا جواب دے سکتا ہے۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** آپ نے کہیں ایسی گفتگو نہیں دعویٰ سے پہلے کیونکہ آپکو علم نہیں تھا بات آپکے امام اعظم کے گریبان تک پہنچ جائے گی۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

**جعفر صادق:** صبر کریں۔ اتنی جلد بازی ٹھیک نہیں ہوتی۔
**علی ناصر (شیعہ مناظر):** چلیں بہتر۔

**جعفر صادق:** ٹھیک ہے میں دعوی بھی آج رکھ دوں گا۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

**جعفر صادق:** میرے طرف سے کوئی خاص شرائط نہیں ہوتیں۔ بنیادی شرائط جو سب کے لئے قابل قبول ہوں۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** کال پر آئیں گے کیا۔

**جعفر صادق:** فارغ ہو کر رابطہ کرتا ہوں۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** رنگ تو بعد میں بدلا ہے آپ نے، جب بات امام اعظم پر آگئی۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** @علی ناصر۔ پچھلی باتوں کو چھوڑ دیں قبلہ ایک دفعہ اور کال کرتا ہوں۔

**جعفر صادق:** کوئی رنگ نہیں بدلا۔ باقی گفتگو تفصیل سے ہو گی تو حق ظاہر ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** حق تو ظاہر ہو ہی جائے گا۔ نہ گھوڑا دور ہے نہ میدان۔

**جعفر صادق:**

## ابتدائی شرائط برائے مکالمہ: موضوع تقیہ

1: گفتگو سے پہلے دونوں فریق *تقیہ* پر اپنے اپنے مسلک کے عقیدہ کو آسان الفاظ میں بیان کریں گے۔
2: مقدسات کی توہین اور فریق مخالف کی ذات پر حملہ کرنے والے کی شکست سمجھی جائے گی۔
3: گفتگو ٹو دی پوائنٹ موضوع کے مطابق ہو گی، موضوع سے باہر گفتگو نہیں ہو گی۔ جبتک ایک نکتہ کلیئر نہ ہو جائے دوسرے نکتے پر گفتگو نہیں ہو گی۔
4: دلائل ☜ قرآن کریم، سُنی وشیعہ صحیح روایات اور جیّد علماء کرام کے اقوال

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

دلائل کارد ☜ سند اور متن پر اشکال، دوسری صحیح روایت سے نفی بمعہ معتبر کتب کے حوالاجات (ذاتی آراء مسترد ہوں گی)
5: دونوں فریق پانچ منٹ سے زیادہ کی وائسز نہیں بھیجیں گے۔ ایک وقت میں دو وائسز اور تین حوالوں کی اجازت ہو گی۔

**نوٹ:** گفتگو بغیر وقت مخصوص کئے روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گی، مناظرین اپنی اپنی باری پر فارغ وقت کے مطابق چوبیس گھنٹے کے اندر جواب دینے کے پابند ہوں گے۔ گفتگو ختم ہونے تک گروپ لاکڈ رہے گا۔ گروپ ایڈمنز مناظرے کی شرائط پر دونوں مناظرین کی پابندی کرانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

شرائط پر اشکالات اور آپ کی مزید شرائط ہوں تو بتا دیجئے گا۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** گفتگو تحریری ہو گی وائس میں گفتگو کا رخ تبدیل ہو جاتا ہے۔ یہ شرط تبدیل کریں اور علی ناصر صاحب بھی تحریر میں بات کریں۔

**جعفر صادق:** قبول ہے۔ بعد میں پی ڈی ایف میں محفوظ بھی کی جائے گی۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** شرائط کو تبدیل کر کے دوبارہ لگا دیں۔

**جعفر صادق:**

## فائنل شرائط برائے سنی و شیعہ مکالمہ موضوع: تقیہ

1: گفتگو سے پہلے دونوں فریق * تقیہ * پر اپنے اپنے مسلک کے عقیدہ کو آسان الفاظ میں بیان کریں گے۔
2: مقدسات کی توہین اور فریق مخالف کی ذات پر حملہ کرنے والے کی شکست سمجھی جائے گی۔
3: گفتگو ٹو دی پوائنٹ موضوع کے مطابق ہو گی، موضوع سے باہر گفتگو نہیں ہو گی۔ جبتک ایک نکتہ کلیئر نہ ہو جائے دوسرے نکتے پر گفتگو نہیں ہو گی۔
4: دلائل ☜ قرآن کریم، سُنی وشیعہ صحیح روایات اور جیّد علماء کرام کے اقوال
دلائل کارد ☜ سند اور متن پر اشکال، دوسری صحیح روایت سے نفی بمعہ معتبر کتب کے حوالاجات (ذاتی آراء مسترد ہوں گی)
5: گفتگو تحریری ہو گی۔ ایک ٹرن میں زیادہ سے زیادہ تین جواب اور تین حوالوں کی اجازت ہو گی۔ ٹرن مکمل ہونے پر End , انتہی یا ختم لکھا جائے گا تا کہ دوسرا فریق سمجھ سکے کہ اب اس کا ٹرن شروع ہو چکا ہے۔
6: گفتگو مکمل ہونے کے بعد فریقین کو اجازت ہو گی کہ اگر وہ چاہیں تو پوری گفتگو پی ڈی ایف میں محفوظ کر کے عوام الناس تک پہنچا سکتے ہیں۔

نوٹ: گفتگو بغیر وقت مخصوص کئے روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گی، مناظرین اپنی اپنی باری پر فارغ وقت کے مطابق چوبیس گھنٹے کے اندر جواب دینے کے پابند ہوں گے۔ گفتگو ختم ہونے تک گروپ لاکڈ رہے گا۔ گروپ ایڈمنز مناظرے کی شرائط پر دونوں مناظرین کی پابندی کرانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

شرائط فائنل ہو جانے کے بعد دعوی پیش کروں گا۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): سلام علیکم۔ تحریر طولانی نہیں ہونی چاہیے۔

جعفر صادق: وعلیکم السلام۔ جی بالکل۔ حتی الامکان مختصر اور دوٹوک۔ غیر ضروری باتوں اور موضوع سے باہر نکات کا جواب لازم نہیں ہو گا، جب تک فریق موضوع سے تعلق کو واضح نہ کرے۔

@ علی ناصر: آپ کی شرائط ہوں تو پیش کر سکتے ہیں۔ میری شرائط قبول ہیں تو اس کا اظہار کر دیں۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): کوئی شرائط نہیں ہیں یہی کافی ہیں۔ گفتگو میں کیا شرائط۔ گفتگو کی خواہش تھی آپکی گفتگو کرینگے انشاءاللہ آپ آغاز کریں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: دونوں دوستان بغیر تنقید کے گفتگو کریں تا کہ کچھ حاصل ہو ۔ جس نے غلط بات کی تو کوشش کریں گے وہ اس سے رجوع کرے۔ جی ممتاز قریشی صاحب اپنا دعویٰ رکھیں تا کہ گفتگو کا آغاز کیا جائے۔

جعفر صادق: شرائط کے مطابق گفتگو سے پہلے تقیہ کے متعلق اہل سنت مؤقف / عقیدہ بیان کرتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قریشی صاحب عقیدہ بعد میں بیان کیجئے گا پہلے دعویٰ رکھیں، جب عقائد کے بارے میں دریافت کیا جائے پھر جواب عنایت فرمائیے گا۔ لھاذا دعویٰ رکھیں اپنا۔ جزاک اللہ

جعفر صادق: گفتگو ہمیشہ عقائد کی روشنی میں کی جاتی ہے۔ تقیہ پر اہل سنت واہل تشیع کے ہاں جو بنیادی فرق ہے اس کی تفصیل پہلے بیان کرنا مفید اور ضروری ہے تا کہ جب دعوی پیش کیا جائے تو سب کو علم ہو کہ عقائد میں اختلافی نکتہ ہی زیر بحث لایا جارہا ہے۔

اپنا عقیدہ عام فہم الفاظ میں بیان کرنا مشکل تو نہیں ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ دعویٰ رکھیں عقائد کی تفصیل وہ بعد میں دریافت کرلیں گے اگر ضرورت محسوس ہوئی۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: اگر مجھے فریق مخالف کے عقیدے کے اختلافی حصے کا علم ہی نہ ہو تو دعوی کیسے رکھوں۔ ہو سکتا ہے بعد میں وہ مکر جائے۔ پہلے اپنے اپنے عقیدے کو بیان کرنا سب کے لئے مفید ہے۔
☜ پہلی شرط قبول کرنے کے بعد اعتراض کیوں کیا جارہا ہے؟

بخش حسین حیدری شیعہ: مخالف آپ کے عقائد و نظریات پر یقین نہیں رکھتا اگر رکھتا ہوتا تو وہ تنقیح نہیں کرے گا لھاذا گفتگو کو طول دینے سے بہتر ہے اصل مقصد پر آئیں۔ آپ پر اعتراض نہیں کر رہے ہیں اصل مقصد کی طرف پلٹایا جارہا ہے آپ کو قریشی صاحب۔

جعفر صادق: مخالف اپنا عقیدہ تو رکھ سکتا ہے۔ اس میں کونسی پریشانی ہے۔ پہل میری طرف سے ہو رہی ہے۔ چاہے تو اس کی روشنی میں ہی اپنے عقیدے کو بیان کر دے۔ میں اصل مقصد پر ہی آؤں گا۔ عقیدہ پر کوئی اشکال نہیں کروں گا۔ ہر کسی کا اپنا عقیدہ ہے۔ میرا دعوی میرے عقیدے کے مطابق ہو گا۔ جواب دعوی بھی ظاہر ہے شیعہ عقیدے کے مطابق ہو گا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: دعویٰ رکھیں بعد میں عقیدہ بیان کریں، اگر مخالف دریافت کرے تو۔

جعفر صادق: مطلب پہلی شرط کی ہی مخالفت 😳

بخش حسین حیدری شیعہ: مخالفت نہیں دعویٰ کے بعد وضاحت کریں چلیں ٹھیک ہے دعویٰ رکھ کر عقیدہ بیان کریں۔ پہلے وضاحت اور بعد میں دعویٰ 😂 ۔ حیرت والی بات ہے۔

جعفر صادق: چلیں رعایت دیتا ہوں۔ اپنا عقیدہ رکھ کر دعوی بھی رکھ دیتا ہوں۔ جب دل چاہے ناصر صاحب اپنا عقیدہ اور جواب دعوی رکھیں 👍 اس کے بعد میں اپنے دعوی کی تائید میں دلیل دوں گا۔ اس طرح ٹھیک ہے؟
@بخش حسین حیدری صاحب! پہلے کونسی وضاحت؟ پہلی شرط ہی اپنا اپنا عقیدہ بتانے کے متعلق ہے۔ عقائد سب کے سامنے ہوں پھر اصل گفتگو۔ اس میں کونسی پریشانی ہے۔ شرائط دوبارہ دیکھ لیں۔ ناصر صاحب ان شرائط کو تسلیم کر چکے ہیں۔ بہتر ہے ان سے براہ راست گفتگو ہو۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ایتھے رکھ۔ گفتگو شروع نہیں ہوئی اور رعایت پہلے ہی دے دی بہت اعلی ظرفی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ آپ رعایت نہ دیں پورا زور لگا کر گفتگو کریں۔ اگر رعایت دی تو مزا نہیں آئے گا گفتگو کا آپ بغیر رعایت کے گفتگو کریں۔ یہ کپڑے وغیرہ کا کاروبار نہیں ہو رہا جو رعایت دیں گے۔

جعفر صادق: @بخش حسین صاحب! آپ سے گفتگو طئے نہیں ہوئی۔ شرط 1 کو آپ بحیثیت ایڈ من ختم کرنے کے مجاز ہی نہیں ہیں۔ انتظار کرتے ہیں۔ ناصر صاحب سے ہی اب مزید گفتگو ہو گی اور یہ میری اعلی ظرفی ہے۔ اگر سمجھ میں آ سکے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ دعویٰ رکھ کر عقیدہ بیان کریں ہچکچاہٹ کیسی میں نے یہ نہیں کہا کہ آپ نہ کریں۔

جعفر صادق: ہچکچاہٹ کیسی۔ آپ خود شرائط کے خلاف گفتگو شروع کرانا چاہتے ہیں۔
**شرط 1 کے مطابق دونوں فریق تقیہ پر اپنے اپنے مسلک کا عقیدہ سب کے سامنے عام فہم الفاظ میں رکھیں گے تا کہ دوران گفتگو کوئی ابہام نہ رہے۔ قارئین کے لئے سب عیاں ہو۔**
میں تو تیار ہوں۔ اہل سنت عقیدہ رکھ رہا ہوں۔ اس کے بعد ناصر صاحب تقیہ پر اہل تشیع عقیدہ بیان کریں گے۔ دعوی اس کے بعد رکھوں گا پھر جواب دعوی رکھا جائے گا۔ پھر دلائل، ترتیب سے گفتگو ہو گی تو سب کے سامنے ہر نکتہ کلیئر ہو تا جائے گا۔

## تقیہ اور اہل سنت

اگر کوئی مسلمان کافروں میں پھنس جائے، مثلاً محبوس ہو، مجبور، بے بس، عاجز ہو یا جیسے اندھا، اپاہج، لنگڑا، لولا اور بیمار ہو، اور دشمنان اسلام اسے کلمہ کفر کہلوانے پر کسی ایسی تکلیف دینے کی دھمکی دیں جو ناقابل برداشت ہو اور وہ جو دھمکی دے رہے ہیں اس پر وہ قادر بھی ہوں تو صرف زبان سے کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہے۔ جیسا کہ سورۃ نحل کی آیت (اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ وَ قَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ) میں اس شخص کو تقیہ کرنے کی رخصت دی گئی ہے جو تکالیف برداشت نہ کر سکے اور صبر کرنا محال ہو، لیکن فضیلت اسی میں ہے کہ جان دیدے اور تکلیف اٹھالے اور کفر کا کلمہ زبان پر نہ لائے کیونکہ حق پر ثابت قدم رہ کر جان قربان کر دینا زیادہ افضل ہے۔ تقیہ کی رخصت عام کے لئے ہے خاص (نبی امام وغیرہ) کے لئے نہیں ہے۔

## دعوی اہل سنت

تقیہ * صریح جھوٹ اور منافقت * ہے۔ بحالت مجبوری * کمزور، مجبور اور بے بس مؤمن * کو اس کی * رخصت * اسی طرح دی گئی ہے جس طرح * مردار، خون اور خنزیر کا گوشت * کھانے کی رخصت ہے اور یہ رخصت عوام کے لئے ہے * خاص * کے لئے نہیں ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

طئے شدہ شرائط کے مطابق اب شیعہ ناصر صاحب اپنے ٹرن میں * اہل تشیع کا عقیدہ تقیہ * بیان کریں گے۔ اس کے بعد * جواب دعوی * پیش کریں گے۔ اگر کوئی اشکال ہوا تو اس پر گفتگو ہو گی بصورت دیگر میں اپنے دعوی کے حق میں دلائل کی شروعات کروں گا۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): ۞1۞ ممتاز قریشی صاحِب پہلے تو آپ یہ فرمارہے تھے کہ "تقیہ" کرنا اور مردار کا گوشت کھانا برابر ہے اب کہہ رہے ہیں کہ عام لوگوں کو تقیہ کرنے کی رخصت دی گئی ہے؟ کون سی بات درست مانی جائے آپ کی؟
۞2۞ آپ نے کہا کہ: اگر کوئی مسلمان کافروں میں پھنس جائے، مثلاً محبوس ہو، مجبور، بے بس، عاجز ہو یا جیسے اندھا، اپاہج، لنگڑا، لولا اور بیمار ہو، اور دشمنان اسلام اسے کلمہ کفر کہلوانے پر کسی ایسی تکلیف دینے کی دھمکی دیں جو ناقابل برداشت ہو اور وہ جو دھمکی دے رہے ہیں اس پر وہ قادر بھی ہوں تو صرف زبان سے کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہے۔ جیسا کہ سورۃ نحل کی آیت (اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ) میں اس شخص کو "تقیہ" کرنے کی رخصت دی گئی ہے جو تکالیف برداشت نہ کر سکے اور صبر کرنا محال ہو۔ * یعنی اب آپ یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ تقیہ عام لوگوں کیلئے تو جائز ہے۔ لیکن انبیاء علیہم السلام کیلئے نہیں؟
اگر ایسا ہے تو بحث تقیہ پر نہیں بلکہ اس پر ہونی چاہئے کہ کیا ہادی (چاہے وہ نبی ہو امام ہو یا صحابی وغیرہ) کیلئے تقیہ جائز ہے یا نہیں اور ممتاز قریشی صاحِب صرف آپ کی بات نہیں چلنی اس پر دلیل دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو * "سورۃ النحل" * میں فرمایا ہے *(اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ)* یہ صرف عام لوگوں کیلئے ہیں نبی یا (شیعہ عقیدے کے مطابق) امام یا سنی عقیدے کے مطابق کسی ہادی (خلیفہ یا ھدایت کرنے والا کوئی بھی صحابی) کیلئے یہ جائز نہیں اس کی وضاحت فرمائیں۔ باقی آپ کے دعویٰ پر بعد میں گفتگو کرتے ہیں پہلے آپ کا مؤقف کلیئر ہو۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!




گفتگو اصل پر شروع ہوئی تھی مگر اب آپ فروعات پر آ گئے۔ پہلے آپ طئے کر لیں **تقیہ باعث ملامت فعل ہے یا نہیں۔**
آپ کا یہ کہنا کہ حالت مجبوری میں یہ ایسے ہی جائز ہے جیسے حالت اضطرار میں مردار کھانا۔ یعنی حالت مجبوری میں اگر کوئی تقیہ کرے تو وہ ایسا ہی ہے جیسے مردار کھا رہا ہو؟ کیونکہ دونوں میں اشتراک حکم ثانوی کا ہے لہذا دونوں ایک جیسے ہیں؟؟

**بخش حسین حیدری شیعہ:** قریشی صاحب موجود ہیں تو گفتگو آگے بڑھائیں۔

**جعفر صادق:** میری دونوں ہی باتیں درست ہیں۔ آپ نے شاید میرا دعوی پڑھنے سے پہلے یہ جواب لکھا ہے۔ میرے دعوی میں صاف صاف الفاظ ہیں کہ **مجبور کے لئے تقیہ کی رخصت اسی طرح ہے جیسے مردار، خون اور خنزیر کھانے کی رخصت ہے۔**
عام کے بجائے خاص یعنی ہادی (نبی اور امام وغیرہ) کے لئے تقیہ جائز ہے یا نہیں ہے، اس پر بھی ضرور گفتگو ہو گی کیونکہ میرے دعوی کے تیسرے مرحلے میں یہی نکتہ زیر بحث لایا جائے گا۔ اس سے پہلے آپ کو اقرار کرنا پڑے گا کہ

1: تقیہ صریح جھوٹ اور منافقت ہی ہے۔
2: تقیہ عام کے لئے ایسی رخصت ہے جیسے مردار، خون اور خنزیر کھانے کی اجازت دی گئی ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

اگر آپ تسلیم کرتے ہیں تو پھر جواب دعوی میں صرف اس آخری حصے کی نفی لکھیں جس سے آپ متفق نہیں ہیں، پھر میں ***خاص کے لئے تقیہ کی نفی*** پر ہی دلائل کی شروعات کروں گا۔ ان شاء اللہ

رہی بات سورت النحل کی آیت کا اطلاق صرف عام کے لئے کیوں اور خاص اس کے مصداق کیوں نہیں ہوسکتے اس پر دوران گفتگو تفصیل سے بات ہو گی۔

میرا دوٹوک مؤقف اوپر موجود ہے۔ یہ مؤقف میرا ذاتی مؤقف ہر گز نہیں ہے۔ میں یہاں اہل سنت کے نمائندے کی حیثیت سے موجود ہوں۔ اپنے مؤقف پر مضبوط دلائل بھی رکھتا ہوں۔

**تقیہ کوئی قابل فخر اور باعث بلندی درجات فعل نہیں ہے۔ یہ ایک ایسا قبیح فعل ہے جسے مجبور مؤمن کرنے کے بھی ہمیشہ شرمندہ اور غمگین رہتا ہے اور اس ڈر سے استغفار کرتا رہتا ہے کہ کہیں گنہگار تو نہیں ہو گیا۔ *بیشک تقیہ باعث ملامت فعل ہے۔***

آخر میں آپ سے دوبارہ گذارش ہے کہ *تقیہ پر اہل تشیع عقیدہ* عام فہم انداز سے پیش کر دیں تاکہ دونوں عقائد سب کے سامنے آجائیں اس کے بعد میرے دعوے کی نفی لکھیں تاکہ آپ کے *جواب دعوی* کے مطابق میں دلائل کی شروعات کر سکوں۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** ہمارے نزدیک تقیہ کی مختصر تعریف یہ ہے کہ

مخالفوں کے سامنے کسی دنیوی یا دینی نقصان سے بچنے کی خاطر حق اور حق پر اعتقاد رکھنے کو چھپانے کا نام تقیہ ہے۔

باقی آپکے 2 نقاط اہلسنت والی تقیہ کی تعریف میں شامل ہوتے ہیں۔ تشیع کی تعریف میں یہ شامل نہیں ۔

آپکی دونوں باتوں میں شدید اختلاف ہے۔ پہلے آپ نے کہا کہ تقیہ مردار کھانے جیسا ہے، باعث ملامت فعل ہے۔ مردار کھانا عام حالات میں باعث ملامت ہے، حالت اضطرار میں نہیں۔

دوسری بات کہ تقیہ جھوٹ اہلسنت کی تعریف میں زیادہ مناسب ہے کیونکہ آپکے امام اعظم نے ایسے ہی جھوٹ بول کر تقیہ کر لیا تھا۔

أخبرنا الحسين (1) بن إدريس الانصاري قال: حدثنا سفيان بن وكيع قال: حدثنا عمر بن حماد بن أبي حنيفة قال: سمعت أبي يقول: سمعت أبا حنيفة يقول: القرآن مخلوق قال: فكتب إليه ابن أبي ليلى: إما أن ترجع وإلا لافعلن بك. فقال: قد رجعت فلما رجع إلى بيته قلت يا أبي أليس هذا رأيك ؟ قال: نعم يا بني وهو اليوم أيضا رأيي ولكن أعيتهم التقية.

عمر بن حماد بن ابو حنیفہ کا بیان ہے میں نے اپنے باپ سے سنا کہ ابو حنیفہ قرآن کو مخلوق کہتا تھا۔ اس کی طرف قاضی بن ابی لیلی نے لکھ بھیجا یا تو اپنی رائے سے پھر جاورنہ ضرور تیرے ساتھ ایسا ایسا کرونگا تو ابو حنیفہ نے کہا میں نے رجوع کیا، جب ابو حنیفہ گھر واپس آیا تو میں نے اپنے ابا سے کہا.. کیا یہ تیری رائے نہیں تھی؟؟ کہ قرآن مخلوق ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

تو اس نے کہا ہاں میرے بیٹے، آج بھی میری یہی رائے ہے مگر میں نے ان سے تقیہ کیا۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** علی ناصر صاحب آپ کی گفتگو تمام ہو گی تو اینڈ لکھیں تا کہ قریشی صاحب جواب عنایت فرمائیں۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** الگ نوٹ پر لکھ رہا ہوں تھوڑا ویٹ کر لیں۔ معذرت ، آئندہ ایک ساتھ لکھ دونگا۔ قریشی صاحِب فرماتے ہیں:

میری دونوں ہی باتیں درست ہیں۔ آپ نے شاید میرا دعوی پڑھنے سے پہلے یہ جواب لکھا ہے۔ میرے دعوی میں صاف صاف الفاظ ہیں کہ مجبور کے لئے تقیہ کی رخصت اسی طرح ہے جیسے مردار، خون اور خنزیر کھانے کی رخصت ہے۔

قریشی صاحِب ہم نے آپ کا دعویٰ و مؤقف پڑھنے کے بعد ہی پوچھا ہے کہ آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں آپ نے مؤقف بتاتے کہا کہ :

(تقیہ کی رخصت اسی طرح ہے جیسے مردار، خون اور خنزیر کھانے کی رخصت ہے۔)

مزید آپ نے کہا کہ :

عام کے بجائے خاص یعنی ہادی (نبی اور امام وغیرہ) کے لئے تقیہ جائز ہے یا نہیں ہے۔

تو گزارش ہے کہ قریشی صاحِب اب بحث تو تقیہ کے *"وجود"* سے باہر آ گئی ہے چونکہ آپ نے خود تسلیم کیا کہ تقیہ جائز ہے (اب صورت کون سی ہے یہ الگ بحث ہے)۔

**اب گفتگو اِسی پر آئے گی کہ آیا ہادی (نبی، امام، خلیفہ صحابی وغیرہ) تقیہ کر سکتا ہے یا نہیں؟**

پھر آپ کا یہ کہنا کہ :

قریشی صاحِب (اس پر بھی ضرور گفتگو ہو گی کیونکہ میرے دعوی کے تیسرے مرحلے میں یہی نکتہ زیر بحث لایا جائے گا۔ اس سے پہلے آپ کو اقرار کرنا پڑے گا کہ

1: تقیہ صریح جھوٹ اور منافقت ہی ہے۔ *

2: تقیہ عام کے لئے ایسی رخصت ہے جیسے مردار، خون اور خنزیر کھانے کی اجازت دی گئی ہے۔

اگر آپ تسلیم کرتے ہیں تو پھر جواب دعوی میں صرف اس آخری حصے کی نفی لکھیں جس سے آپ متفق نہیں ہیں، پھر میں * خاص کے لئے تقیہ کی نفی * پر ہی دلائل کی شروعات کروں گا۔ ان شاءاللہ)

جواباً عرض ہے کہ آپ خود اقرار کر چکے ہیں کہ :

1: تقیہ جائز ہے (صورت پر کلام نہیں)۔

2: تقیہ صریح جھوٹ اور منافقت ہی ہے۔

تو قریشی صاحِب اب تقیہ جائز ہے بقول آپ کے اب آپ اسے منافقت کہیں جھوٹ کہیں ہمیں اِس سے کوئی سروکار نہیں ۔

آپ نے تقیہ کے جواز کیلئے آیتِ کریمہ پیش کی ہے اب قرآن اگر جھوٹ و منافقت کی تبلیغ دے رہا ہے (بقول آپ کے) تو آپ جانیں اللہ جانے باقی اب جو صورت باقی رہ گئی ہے وہ ہادی (نبی، امام، خلیفہ صحابی وغیرہ) کا تقیہ تو بات اِسی پر ہونی ہے چونکہ دو چیزیں آپ خود ہی تسلیم کر چکے ہیں۔

***باقی "سورۃالنحل" میں اللہ صرف عام لوگوں سے مخاطب ہے انبیاء علیہم السلام سے نہیں یہ ثابت کرنا آپ کے ذمہ ہے***

**جعفر صادق:** تقیہ پر پیش کی گئی آپ کی تعریف نامکمل ہے کیونکہ اہل سنت و اہل تشیع کے مابین اختلافی نکات کا ذکر ہی نہیں کیا گیا۔

1: تقیہ اہل تشیع کے ہاں رخصت ہے یا مستحب، واجب یا فرض وغیرہ۔
2: تقیہ کر کے جان بچانے والا افضل ہے یا جو حق پر ڈٹ کر شہید ہو جائے وہ افضل ہو گا۔
3: تقیہ عام و خاص سب کے لئے ہے یا نہیں۔

یہ نکات ہی اصل گفتگو کا لب لباب ہیں، میں ان نکات پر پہلے ہی وضاحت کر چکا ہوں۔ ان تینوں نکات پر آپ کا دوٹوک مؤقف بھی ضروری ہے۔ اگر میرے دعوے کے دونوں نکات پر شدید اختلاف ہے تو جواب دعوی میں انکار کر سکتے ہیں۔

حالت اضطرار میں مردار لذیذ نہیں بن جاتا، کراہت کے ساتھ ہی کھایا جائے گا اور کھانے والا اسے فخر سے نہیں بتائے گا کہ حرام کھا کر کوئی بڑا کارنامہ سرانجام دے دیا ہے۔ یہ فعل باعث ملامت ہی رہے گا، سب سے زیادہ تو اس کا اپنا ضمیر ہی اسے ملامت کرتا رہے گا۔

گفتگو کے اس مرحلے پر امام ابو حنیفہ کے متعلق روایت رکھنا مناسب نہیں ہے۔ اتنی جلد بازی نہ کریں۔
آپ کو اجازت ہے دوران گفتگو یہ روایت رکھئے گا۔ فی الوقت تقیہ پر اہل تشیع مؤقف کو مکمل کریں۔
اس کے بعد میرے دعوی کا انکار لکھیں تا کہ سب کے سامنے ہم دونوں کے بیچ اصل اختلاف واضح ہو جائے۔ آرام و سکون سے ایک ایک نکتہ کلیئر کریں گے۔ ان شاءاللہ

بحث تقیہ کے وجود سے اس وقت باہر آئے گی جب آپ تقیہ کو جھوٹ اور منافقت تسلیم کر لیں گے اور تقیہ کو مردار، خون اور خنزیر کھانے جیسی رخصت مان لیں گے۔ ہمارے درمیان جو اختلافی نکات ہیں ان پر کھل کر اظہار کریں تا کہ سب کے سامنے ہر نکتہ واضح ہو جائے۔
جب تک آپ میرے دعوے کے دونوں شروعاتی حصوں (تقیہ جھوٹ، منافقت اور مردار کھانے جیسی رخصت) سے انکار یا اقرار نہیں کر لیتے تیسرے حصے *خاص کے لئے تقیہ* پر گفتگو کیسے ہو سکتی ہے؟

اگر آپ کو تقیہ کو جھوٹ اور منافق کہنے سے کوئی سروکار نہیں تو کھل کر اسے تسلیم کرنے میں کیا قباحت ہے؟

قرآن کس وقت کونسا حکم کن کے لئے دے رہا ہے، یہ سب میرے دلائل کے بعد زیر بحث آئے گا۔ کافی دیر ہو چکی ہے۔ میں ایک بار پھر عرض کر رہا ہوں کہ آپ اچھی طرح غور و فکر کر کے کل تک تقیہ پر اہل تشیع نظریہ خاص طور اختلافی نکات پر وضاحت پیش کریں۔ اس

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

کے بعد میرے دعوی کا انکار لکھیں تاکہ گفتگو کی باقائدہ شروعات کی جاسکے۔ مزید گفتگو کل ناصر صاحب کے جوابات کی روشنی میں ہو گی۔
ان شاءاللہ۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** بقایا گفتگو ان شاءاللہ کل سے کریں گے ۔دونوں دوستاں نقطہ باے نقطہ گفتگو کریں جزاک اللہ خیرا

**جعفر صادق:** السلام وعلیکم۔ آج چھٹی کا دن تھا۔ میرا خیال تھا کہ آج گفتگو تفصیل سے ہو گی۔ شاید ناصر صاحب کہیں مصروف ہیں۔
خیر۔ اب کل گفتگو وہیں سے شروع کریں گے جہاں سے سلسلہ منقطع ہوا تھا۔ اللہ حافظ

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** قریشی صاحِب ہم نے عرض کیا کہ یہ تعریف ہم نے مختصراًبیان کی ہے شیعہ خیر البریہ اور "اہل تسنن" کے درمیان جو بنیادی اختلاف ہے تقیہ پر وہ تقیہ کے *"وجود"* پر ہے نا کے صورتوں پر کہ کہاں جائز ہے کہاں نہیں، تو ہم نے دوٹوک اور آسان موَقف آپ کو بتادیا۔ باقی آپ کے یہ تینوں نکات تقیہ کے وجود پر نہیں بلکہ فرع پر ہیں پہلے اصل کو کلیئر کریں تو فرع پر بھی آتے ہیں۔ قریشی صاحِب آپ کا موَقف آپ کے دعویٰ کورد کر رہا ہے۔ موَقف بتاتے ہوئے آپ قرآن کی آیت سے استدلال کر رہے ہیں کہ *"تقیہ جائز ہے*" پھر آپ خود اپنے موَقف کورد کرتے ہوئے دعویٰ میں تقیہ کو *صریح جھوٹ اور منافقت* کہہ رہے ہیں۔
اب آپ اِسے جو بھی نام دیں بہر حال تقیہ آپ نے خود قرآن سے ثابت کیا ہے اب بحث کو آگے بڑھائیں۔ جنابِ والا آپ نے ***"تقیہ"*** کو قرآن سے ثابت کر کے بحث کو باہر کر دیا ہے۔
اگر آپ اِس پر کلام کرتے کہ تقیہ قرآن سے ثابت نہیں تو ہم جواب دہ ہوتے لیکن آپ نے خود ہی تقیہ کو تسلیم کیا ہے کہ سورۃ النحل سے تقیہ ثابت ہے اب بحث تقیہ کے اصل پر نہیں بلکہ جُزیات پر ہے۔ تو گزارش ہے کہ بات کو آگے بڑھائیں۔ میری چھٹی جمعہ کے دن رہتی ہے۔

**جعفر صادق:** تقیہ کا *وجود* اہل تشیع واہل سنت کے ہاں ایک جیسا نہیں ہے، اہل سنت کے ہاں تقیہ کیا ہے اور کیا نہیں ہے اسے پہلے ہی واضح دوٹوک بیان کر دیا گیا ہے۔
* شیعہ تقیہ * قرآن وسنت کے صریح خلاف ہے اور جس تقیہ کی قرآن وسنت میں رخصت دی گئی ہے اس کا *شیعہ تقیہ * سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ صرف *لفظ تقیہ * دکھادینے سے عقیدہ ثابت نہیں ہو جاتا۔
ہمارے درمیان بنیادی اختلاف یہ ہے کہ * تقیہ دوسرے حرام کھانے جیسی **رخصت** ہے کہ نہیں۔ *

◆ اہل تشیع کے نزدیک تقیہ کرنا نیکی ہے اور نہ کرنا برائی ہے، تقیہ ہے تو ایمان ہے، تقیہ نہیں تو ایمان نہیں ہے،، تقیہ محبوب عبادت ہے، تقیہ ہی صبر ہے، تقیہ ہی اصل دین ہے، جسے جب ضرورت ہو تقیہ کر سکتا ہے وغیرہ وغیرہ، ایسے تقیہ کا دین اسلام سے کیا تعلق !
* ہمارے ہاں تو حق پر ڈٹ کر جان قربان کرنے والا افضل ہے۔ *

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

آپ نے تقیہ پر اہل تشیع عقیدہ بیان کر کے یہی بتانا ہے کہ

1: تقیہ ☜ رخصت ہے یا نہیں۔

2: تقیہ ☜ باعث ملامت وشرمندگی فعل ہے کہ نہیں۔

3: تقیہ ☜ عام وخاص سب کے لئے ہے یا نہیں۔

اگر اہل تشیع تقیہ وہی ہے جو قرآن وسنت کے مطابق ہے تو پھر جواب دینے میں کیا مشکل ہے؟

میرے مؤقف اور دعوی میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ میرے مؤقف اور دعوی کو اس تناظر میں دیکھیں۔

مؤقف ☜ مردار، خون اور خنزیر کھانا حرام ہے۔ (سورت المائدہ 3)

دعوی ☜ مردار کھانے کی رخصت دی گئی ہے۔ (سورت المائدہ آیت 3 اور البقرہ آیت 173)

اسی طرح میرا دعوی ☜ تقیہ صریح جھوٹ اور منافقت ہے۔ (دلائل بعد میں)

مؤقف ☜ مجبور بے بس کمزور کو تقیہ کی رخصت دی گئی ہے۔ (سورت النحل آیت 106)

کیا اب بھی مؤقف اور دعوی کو متصادم قرار دیں گے؟

عالم صاحب! **جو * تقیہ * قرآن میں ہے وہ * شیعہ تقیہ * ہرگز نہیں ہے۔** آپ براہ مہربانی * تقیہ پر اہل تشیع عقیدہ * کی وضاحت کر دیں۔ یقین کریں میں اس عقیدے پر کوئی اشکال نہیں کروں گا۔ اس کے بعد آپ کو میرے دعوی کے خلاف * جواب دعوی * لکھنا ہے۔ مدعی میں ہوں۔ میری ذمہ داری ہے کہ اپنے دعوی کو دلائل سے ثابت کروں، آپ انہیں رد کیجئے گا۔ گفتگو کا یہی علمی طریقہ ہے۔

اس لئے پھر عرض کر رہا ہوں کہ کل آپ کے جوابات اس طرح ہوں۔

1: اہل تشیع کا تقیہ کے متعلق مکمل مؤقف۔ (خاص طور پر جواب طلب نکات)

2: جواب دعوی۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** دونوں دوستان نقطہ بائے نقطہ گفتگو کریں۔ ابھی تک آپ دوستان کی بحث تعریف پر ہی چل رہی ہے لھاذا کلیئر کریں۔

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** اگر ایک پوائنٹ پر بات ہو تو جواب بھی بروقت دیا جاسکتا ہے۔ ورنہ رات میں ہی فرصت ملتی ہے۔ تعریف پر اعتراض انکا ایک لغو کلام تھا۔ تعریف جامع اور مانع تھی جیسی ہونی چاہیے۔

**جعفر صادق:** @بخش حسین صاحب! میری طرف سے تو ہر نکتہ کلیئر ہے۔ اگر کہیں وضاحت کی ضرورت ہے تو ناصر صاحب پوچھ سکتے ہیں۔
@علی ناصر: گفتگو ایک ایک پوائنٹ پر ہی ہوگی۔ کم از کم آپ اہل تشیع کے تقیہ پر جواب طلب نکات ہی کلیئر کر دیں۔ دونوں فریقین کا تقیہ پر مؤقف سب کے سامنے ہوگا۔ کسی کو کوئی ابہام بھی نہیں ہوگا۔ دوران گفتگو سب دیکھ لیں گے کہ کس کا مؤقف عین قرآن وسنت کے

مطابق ہے۔ اگر آپ کی تعریف جامع ہے تو صرف ان نکات کو کلیئر کرنے میں کیا حرج ہے جن پر ہمارے درمیان اختلاف ہے۔ میں نے آپ کی بتائی گئی تعریف پر کوئی اعتراض نہیں کیا بلکہ صرف یہ کہا ہے کہ یہ تعریف نامکمل ہے۔

تقیہ پر ہم دونوں کا مکمل اور دوٹوک مؤقف اس لئے ضروری ہے کہ قارئین یہ جان سکیں کہ ہمارے درمیان کن نکات پر اختلاف ہے، کس کو کیا ثابت کرنا ہے اور کسے کیا دفاع کرنا ہے۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): پہلے آپ نے کہا کہ میں نے تعریف پر اعتراض نہیں کیا صرف اتنا کہا کہ تعریف نامکمل ہے۔ اب یہ اعتراض نہیں تو اور کیا ہے؟ لگتا ہے آپ ڈاکٹر بنا امتحان دئے بن گئے کیونکہ تعریف اور اختلاف یہ دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ ہم سے دو الگ تعریفیں پوچھیں جاتیں ہیں اور ان میں کیا فرق ہوتا ہے یہ بھی پوچھا جاتا ہے یعنی فرق تعریف کا حصہ نہیں ہے۔

علامہ سرخسی حنفی تقیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں:

والتقية أن يقي نفسه من العقوبة بما يظهره وإن كان يضمر خلافه وقد كان بعض الناس يأبى ذلك ويقول إنه من النفاق والصحيح أن ذلك جائز لقوله تعالى «إلا أن تتقوا منهم تقاة » وإجراء كلمة الشرك على اللسان مكرها مع طمأنينة القلب بالإيمان من باب التقية.

تقیہ یہ ہے کہ کوئی اپنے آپ کو عقوبت اور سزا سے بچانے کے لئے ایسی چیز کا اظہار کرئے جس پر اس کا عقیدہ نہیں ہے۔

بعض لوگ اس طریقے کو پسند نہیں کرتے اور اس کو نفاق سمجھتے ہیں۔ لیکن صحیح نظریہ یہ ہے کہ یہ کام جائز ہے کیونکہ اللہ نے ارشاد فرمایا «إلا أن تتقوا منهم تقاة.»



تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

تقیہ کے موردمیں سے ایک قلبی اعتقاد کے خلاف شرک آمیز کلمات کو مجبوری کی حالت میں زبان پر لاناہے۔

اسکامطلب سرخسی حنفی نے نامکمل تعریف کی ہے اور ممتاز حنفی نے مکمل تعریف کی ہے۔

اس بات کااقرار کرلیں پھر گفتگو آگے بڑھاتے ہیں۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** علی ناصر صاحب آپ طنزیہ گفتگونہ کریں اگر کہیں پر مسئلہ حل نہیں ہورہاتو مینشن کرکے بتائیں میں وہ




موقف سامنے رکھوں گااور اس پر عمل کروایاجائے گانہیں توگفتگو کوختم کردیاجائے گا۔ یہاں پر دوستان دیکھ رہے ہیں اور بہت



(٤٥)

لانه لاضرورة الى تبديل الاعتقاد فانه لا اطلاع لاحد من العباد على اعتقاده وهو المراد أيضا من قوله تعالى من كفر بالله من بعد إيمانه فأما قوله تعالى الا من أكره وقلبه مطمئن بالايمان فهو عمار بن ياسر رضي الله عنه وقد ذكرنا قصته وعن جابر الجعفي انه سأل الشعبي رحمه الله عن الرجل يأمر عبده أن يقتل رجلا قال فيها ثلاثة أقاويل قائل يقتل العبد وآخر قال يقتل المولى والعبد وآخر قال يقتل المولى والمراد بيان حكم القصاص عند القتل مكرها انه على من يجب فان أمر المولى عبده بمنزلة الاكراه لانه يخاف على نفسه ان خالف أمره كأمر السلطان في حق رعيته ثم لم يذكر القول الرابع وهو الذي ذهب اليه أبو يوسف انه لا يقتل واحد منهما وكان هذا القول لم يكن في السلف وانما سبق به أبو يوسف رحمه الله واستحسنه وبيان المسألة يأتي في موضعه وفي الحديث دليل ان المفتي لا يقطع الجواب على شيء ولكن يذكر أقاويل العلماء في الحادثة كما فعله الشعبي رحمه الله ولكن هذا اذا كان المستفتي ممن يمكنه التمييز بين الاقاويل ويرجح بعضها على البعض فان كان بحيث لا يمكنه ذلك فلا يحصل مقصوده ببيان أقاويل العلماء رحمهم الله فلا بد للمفتي من أن يبين له أصح الاقاويل عنده للاخذ به وعن الحسن البصري رحمه الله التقية جائزة للمؤمن الى يوم القيامة الا انه كان لا يجعل في القتل تقية وبه نأخذ والتقية ان يقي نفسه من العقوبة بما يظهره وان كان يضمر خلافه وقد كان بعض الناس يأبى ذلك ويقول انه من النفاق والصحيح ان ذلك جائز لقوله تعالى الا أن تتقوا منهم تقاة واجراء كلمة الشرك على اللسان مكرها مع طمأنينة القلب بالايمان من باب التقية وقد جاء أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص فيه لعمار بن ياسر رضي الله عنه الا أن هذا النوع من التقية يجوز لغير الانبياء والرسل عليهم الصلاة والسلام فأما في حق المرسلين صلوات الله عليهم أجمعين فما كان يجوز ذلك فيما يرجع الى أصل الدعوة الى الدين الحق وقد جوزه بعض الروافض لعنهم الله ولكن تجويز ذلك محال لانه يؤدي الى أن لا يقطع القول بما هو شريعة لاحتمال أن يكون قال ذلك أو فعله تقية والقول بهذا محال وقوله الا انه كان لا يجعل في القتل تقية يعني اذا أكره على قتل مسلم ليس له أن يقتله لما فيه من طاعة المخلوق في معصية الخالق وايثار روحه على روح من هو مثله في الحرمة وذلك لا يجوز وبهذا يتبين عظم حرمة المؤمن لان الشرك بالله أعظم الاشياء وزرا وأشدها تحريما قال الله تعالى تكاد السموات يتفطرن منه الى قوله عز وجل أن دعوا للرحمن ولدا ثم يباح له اجراء كلمة الكفر في حالة الاكراه

تقیہ افضل عبادت یامجبور کودی گئی رخصت!

کچھ سیکھ کر جائیں گے۔ جزاک اللہ سلامت رہیں۔

جعفر صادق: سب سے پہلے تو آپ کے اس جواب پر سخت تحفظات ہیں۔ وہ پیش کر رہا ہوں۔ اس کے بعد اپنے جوابات رکھتا ہوں۔

1: براہ مہربانی طئے شدہ شرائط دیکھی جائیں۔ شرط 1 (دونوں فریقین اپنا اپنا عقیدہ بیان کریں گے) پر دو دن گذر گئے شیعہ عالم کی طرف سے عمل نہیں کیا گیا، آج شرط 2 کی بھی خلاف ورزی کرتے ہوئے ذاتیات پر طنز کیا گیا ہے۔ (ڈاکٹر بنا امتحان کے!)

2: گفتگو اس وقت شروعاتی مرحلے میں ہے، اہل سنت کی طرف سے *تقیہ* پر دوٹوک مؤقف اور دعوی تک رکھ دیا گیا ہے اور ابھی تک شیعہ عالم سے بار بار درخواست کرنے کے باوجود *تقیہ* پر کھل کر مکمل مؤقف نہیں رکھا جا سکا۔

3: مدعی کے بجائے مدعا علیہ (شیعہ عالم) نے *بغیر مؤقف اور جواب دعوی* کے روایات و اسکینز رکھنا شروع کر دئے ہیں۔ پہلے دن امام ابو حنیفہ کے متعلق روایت رکھی گئی اور آج علامہ سرخسی کے حوالے و اسکینز رکھے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قریشی صاحب میں لکھ چکا ہوں آپ سے پہلے جب دیکھا اس کو وارننگ دی ہے۔ اپنا مسئلہ مجھے بتائیں اگر حل نہ ہو تو شکوہ کریں۔ جزاک اللہ

جعفر صادق:


(٤٥)

لانه لاضرورة الى تبديل الاعتقاد فانه لا اطلاع لاحد من العباد على اعتقاده وهو المراد أيضا من قوله تعالى من كفر بالله من بعد إيمانه فأما قوله تعالى الا من أكره وقلبه مطمئن بالايمان فهو عمار بن ياسر رضى الله عنه وقد ذكرنا قصته وعن جابر الجعفى انه سأل الشعبي رحمه الله عن الرجل يأمر عبده أن يقتل رجلا قال فيها ثلاثة أقاويل قائل يقتل العبد وآخر قال يقتل المولى والعبد وآخر قال يقتل المولى والمراد بيان حكم القصاص عند القتل مكرها انه على من يجب فان أمر المولى عبده بمنزلة الاكراه لانه يخاف على نفسه ان خالف أمره كأمر السلطان فى حق رعيته ثم لم يذكر القول الرابع وهو الذى ذهب اليه أبو يوسف انه لا يقتل واحد منهما وكان هذا القول لم يكن فى السلف وانما سبق به أبو يوسف رحمه الله واستحسنه وبيان المسئلة يأتى فى موضعه وفى الحديث دليل ان المفتى لا يقطع الجواب على شئ ولكن يذكر أقاويل العلماء فى الحادثة كما فعل الشعبي رحمه الله ولكن هذا اذا كان المستفتى ممن يمكنه التمييز بين الاقاويل ويرجح بعضها على البعض فان كان بحيث لا يمكنه ذلك فلا يحصل مقصوده ببيان أقاويل العلماء رحمهم الله فلا بد للمفتى من أن يبين له أصح الاقاويل عنده للاخذ به وعن الحسن البصرى رحمه الله التقية جائزة للمؤمن الى يوم القيامة الا انه كان لا يجعل فى القتل تقية وبه نأخذ والتقية ان يقى نفسه من العقوبة بما يظهره وان كان يضمر خلافه وقد كان بعض الناس يأبى ذلك ويقول انه من النفاق والصحيح ان ذلك جائز لقوله تعالى الا أن تتقوا منهم تقاة واجراء كلمة الشرك على اللسان مكرها مع طمأنينة القلب بالايمان من باب التقية وقد بينا أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص فيه لعمار بن ياسر رضى الله عنه الا أن هذا النوع من التقية يجوز لغير الانبياء والرسل عليهم الصلاة والسلام فأما فى حق المرسلين صلوات الله عليهم أجمعين فما كان يجوز ذلك فيما يرجع الى أصل الدعوة الى الدين الحق وقد جوزه بعض الروافض لعنهم الله ولكن تجويز ذلك محال لانه يؤدى الى أن لا يقطع القول بما هو شريعة لاحتمال أن يكون قال ذلك أو فعله تقية والقول بهذا محال وقوله الا أنه كان لا يجعل فى القتل تقية يعنى اذا أكره على قتل مسلم ليس له أن يقتله لما فيه من طاعة المخلوق فى معصية الخالق وايثار روحه على روح من هو مثله فى الحرمة وذلك لا يجوز وبهذا يتبين عظم حرمة المؤمن لان الشرك بالله أعظم الاشياء وزرا وأشدها تحريما قال الله تعالى تكاد السموات يتفطرن منه الى قوله عز وجل أن دعوا للرحمن ولدا ثم يباح له اجراء كلمة الكفر فى حالة الاكراه

*کسی عبارت کے متعلق نامکمل کہنا اس عبارت پر اعتراض نہیں بنتا۔*

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

**اعتراض ☜ جب آپ کی بیان کی گئی تعریف پر کوئی اشکال وارد کیا جاتا۔**

آپ نے علامہ سرخسی کی آدھی بات ہائی لائیٹ کی ہے۔اس سے بھی وہی تقیہ ثابت ہو رہا ہے جسے اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔

**تقیہ ☜ سزا و عقوبت سے بچنے کے لئے کمزور بے بس کے لئے تقیہ کی رخصت ہے۔**

**تقیہ اور نفاق** ☜ علامہ صاحب نے آگے تقیہ کے نفاق نہ ہونے کی بات نہیں کہی بلکہ بلاواسطہ نفاق تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کے قول کی وجہ سے تقیہ جائز ہے ورنہ تقیہ درحقیقت نفاق ہی ہے۔

مردار، خون اور خنزیر *حرام* ہیں لیکن مخصوص حالات میں انہیں کھانا *جائز* بھی ہے۔اسی طرح تقیہ بھی *نفاق* ہے مخصوص حالات میں *جائز* ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ آگے علامہ سرخسی نے رافضیوں پر لعنت بھیجتے ہوئے دوٹوک وہی مؤقف لکھا ہے جو میں اوپر پیش کر چکا ہوں کہ تقیہ عام کے لئے رخصت ہے لیکن خاص (نبی و امام وغیرہ) کے لئے جائز نہیں ہے۔

@بخش حسین! میں نے بھی نشاندہی کی ہے۔

## علی ناصر شیعہ کی بیچ میں مداخلت شرط نمبر 5 کی خلاف ورزی




جعفر صادق: *میرے جواب مکمل ہونے سے پہلے آپ کی دخل اندازی شرط 5 کی خلاف ورزی ہے۔*

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

بخش حسین حیدری شیعہ: اب آپ نے مجھے بتا دینا میں حل نکالوں گا اگر حل نہ ہوا تو شکوہ کیجیے گا بقایا آپ گفتگو جاری رکھیں۔

جعفر صادق: قارئین ملاحظہ کر سکتے ہیں کہ شرائط طئے ہونے کے بعد * تقیہ * پر اہل سنت عقیدہ اور اپنا دعوی پہلے دن ہی پیش کر چکا ہوں۔ اصولاً ناصر صاحب کو اہل سنت عقیدے پر اشکال کی ضرورت ہی نہیں تھی، اس کے باوجود میں نے ان کے اشکالات پر جوابات دیے ہیں۔ میں اب بھی پر امید ہوں کہ ناصر صاحب * تقیہ * کے متعلق اپنا مؤقف یا کم از کم میرے پوچھے گئے نکات کو ہی کلیئر کر دیں گے۔ میں ان کے عقیدے / مؤقف پر کوئی اشکال نہیں کروں گا بلکہ اس کے بعد * جواب دعوی * کی گذارش کروں گا، پھر جس پوائنٹ سے انہوں نے میرے * دعوی * سے اختلاف کیا ہو گا، صرف اسی پوائنٹ کو زیر بحث لایا جائے گا۔ ہماری گفتگو کا یہی مقصد ہے کہ اہل سنت و اہل تشیع کے ہاں تقیہ کے متعلق جو بنیادی اختلافات ہیں ان پر گفتگو کی جائے تاکہ عوام الناس کو مستند معلومات فراہم کی جا سکیں۔

علی ناصر (شیعہ مناظر):




/https://www.google.com/amp/s/www.islamweb.net/amp/ar/fatwa/42123

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

اب ڈاکٹر نہیں سمجھ پاتے کہ تعریف عبارت میں کہاں سے کہاں تک ہے تو گفتگو کیسے آگے بڑھایا جائے۔ اہلسنت کی مشہور ویبسائٹ نے ہمیں یہیں تک تعریف بتائی ہے ورنہ آگے کی عبارت میں نے بھی پڑھ رکھی تھی۔ ان لوگوں نے علامہ اعضاء سرخسی کی عبارت سے یہی تعریف نکالی ہے۔

سمعت الضحاك يقول في قوله:"إلا أن تتقوا منهم تقاة"، قال: التقيةُ باللسان. مَنْ حُمل على أمر يتكلم به وهو لله معصيةٌ، فتكلم مخافةً على نفسه، وقلبه مطمئن بالإيمان، فلا إثم عليه، إنما التقيَّة باللسان.

ضحاک سے سنا ہے کہ وہ اللہ کے اس کلام «إلا أن تتقوا منهم تقاة» کے بارے میں کہتا تھا: یہاں زبانی تقیہ مراد ہے، کسی کو ایسی بات کہنے پر مجبور کر دے کہ جس سے اللہ کی نافرمانی لازم آتا ہو اور وہ مجبور شخص اپنی جان بچانے کے لئے وہ بات زبان پر لائے اور ساتھ ہی اس کا دل ایمان سے مستحکم ہو۔ لہذا ایسی صورت میں وہ گناہ گار نہیں ہو گا۔

https://lib.eshia.ir/41737/6/315/6834

ممتاز صاحب صاحب آپ بضد ہوگئے اپنی بات پر اس لئے ضحاک نے کیا کہا تقیہ کے متعلق ذکر کیے دیتے ہیں۔ اس سے یہی لازم آئے گا امام اعضاء نے مکمل تعریف کی باقی نے ناقص۔

تحریر طولانی نہ کریں۔

جعفر صادق: مجھے اندازہ ہے کہ آپ *اہل تشیع مؤقف اور جواب دعوی* رکھنے کے بجائے علمائے اہل سنت سے تقیہ کی تعریف دکھانے میں کیوں لگ گئے ہیں۔ بحر حال میں جواب دے دیتا ہوں۔ نیٹ کی سائیٹ پر کسی عالم کی ایک عبارت رکھی گئی ہے تو اس سے آپ یہ استدلال لے رہے ہیں کہ علامہ سرخسی کے نزدیک بس یہی تقیہ کی تعریف ہے۔ اگرچہ میں اس تعریف سے بھی واضح کر چکا ہوں کہ اس سے *شیعہ تقیہ* ہرگز نہیں جو افضل عبادت، نیکی، اصل دین سمجھ لیا جائے۔

علامہ سرخسی نے تو صاف صاف کہا کہ لوگ تقیہ کو نفاق کہتے ہیں لیکن اللہ کے قول سے یہ جائز ہے۔ اس سے یہ مراد کیسے ہو گی کہ تقیہ نفاق نہیں ہے، اگر تقیہ نفاق نہیں تو اللہ عزوجل نے مجبور کو رخصت کیوں دی؟، یہ تو آپ بھی مانتے ہیں کہ تقیہ کے لئے *مجبوری* شرط اول ہے۔ بالفرض *تقیہ جھوٹ و نفاق* نہیں تو مجبوری کی شرط کیوں؟

دوسری بات آپ نے خود اصل کتاب کا اسکین بھی پیش کیا ہے، اسی اسکین میں آگے جو عبارات ہیں وہ بھی تو علامہ سرخسی کی ہیں، آدھی بات کا اقرار اور آدھی بات کا انکار سمجھ سے بالاتر ہے۔ اس تعریف سے بھی اہل سنت مؤقف کی تائید ہو رہی ہے۔ تقیہ مجبور، بے بس لاچار کو دی گئی ایک رخصت ہی ہے۔ یہ کوئی قابل فخر کام نہیں ہے جس پر فضائل و درجات ملنے کی کوئی امید ہو۔

کیا بھوک سے تنگ آکر کتا کھانے والے کو بعد میں فخر و خوشی ہو گی کہ میں نے کتا کھایا تھا اور یہی اصل دین ہے، نیکی ہے، جب دل چاہے گا میں کتا ہی کھایا کروں گا، نیکی الگ، ثواب الگ۔ !

آپ کو *اہل تشیع مؤقف اور جواب دعوی* رکھنا ہے۔ بہتر ہے طریقے سے گفتگو شروع کریں۔ یہی مناسب ہو گا۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

علمائے اہل سنت کی فکر نہ کریں۔ آپ اس وقت اہل تشیع کے نمائندے کی حیثیت سے موجود ہیں، آپ کو اہل تشیع نکتہ نظر عوام تک پہنچانا ہے۔ جو آپ کا کام ہے اسے پہلے کریں۔ باقی اعتراضات دوران گفتگو شوق سے کرتے رہئے گا۔ آپ بھی یہاں ہیں اور میں بھی موجود ہوں۔ آرام سے تفصیلی گفتگو نکتہ بہ نکتہ ہوتی رہے گی۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): آپ کے اندازہ سے مجھے کچھ لینا دینا نہیں۔ طئے یہ ہوا تھا کہ ایک ایک نقاط پر گفتگو ہوگی اور جب تک ایک بات کلیر نہ ہو جائے بات آگے نہیں ہوگی۔ مکتبہ میں بے شمار موارد ایسے ہیں جہاں سرخسی نے جو تعریف تقیہ کی کی ہے اسکو نقل کیا گیا ہے, لہذا یہ اتہام میرے اوپر نہ لگائیں کہ میں نے آدھی بات نقل کی ہے۔




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

علامہ سرخسی کی اس عبارت کو ملالیں پھر بھی آپکا موقف ثابت نہیں ہوتا، کیونکہ آپ نے نبی کے ساتھ ساتھ امام وغیرہ کا بھی ذکر کیا ہے، جبکہ علامہ سرخسی نے امام وغیرہ کا ذکر نہیں کیا۔

ابو یعلی حنبلی آپکی تعریف کے خلاف جارہے ہیں۔ کہتے ہیں حالت خوف میں تقیہ جائز ہے امام کے لئے، یہاں تک کہ وہ کلمہ کفر زبان پر جاری کرے، شراب پئے، فریضہ نمازوں کو ترک کرے،، روزہ حج۔



كتاب
المعتمد في أصول الدين
للقاضي أبي يعلى محمد بن الحسين بن محمد بن خلف بن أحمد بن الفراء الحنبلي البغدادي
المتوفى عام ٤٥٨ هـ / ١٠٦٦ م
حققه وقدم له
الدكتور وديع زيدان حداد
دار المشرق
ص.ب ١٩٤٦، بيروت - لبنان

٢٥٤ القاضي أبو يعلى بن الفرّاء

وصرف الغنائم الى أهلها وقسم الخمس على مستحقّيه والنفل اذا رأى المصلحة في ذلك ، وأخذ الجزية وصرفها في وجهها وقتال الخوارج والبغاة والجهاد .

٤٥٠ فصل

ومعرفة عين الامام غير واجب في حقّ العامّة وانّما تجب معرفته في الجملة وانّ لهم إماماً ، واذا حدث لهم حكومة وأمر يتعلّق بنظره عرفوه بظاهر الاخبار في دار الخليفة أو غيرها انّ هذا هو الامام . وحكي عن سليمان بن حرب ان معرفة عينه واسمه واجب على جميع الامّة . والدلالة عليه انه لو وجب في حقّ العامّة لوجب عليهم معرفة ما به يصير إماماً من صفاته وصفات العاقدين ولا يجب معرفة ذلك بلا خلاف ، ولأنه كالأمير والقاضي والمفتي ولا تجب معرفته عينه بل يجزأ بظاهر الأخبار .

٤٥١ فصل

ويجوز للإمام الدخول في التقيّة عند المخافة ، ولا يجوز دخوله فيها على غير مخافة ، والتقية هي الخوف من إيقاع فعل لا يجوز إيقاعه كالتظاهر بكلمة الكفر وشرب الخمر أو ترك ما لا يجوز تركه مثل ترك الصلوات المفروضات وصوم رمضان // والحجّ ونحو ذلك فهذا يجوز الدخول فيه عند الخوف وإيقاع المكروه ، ولا يجوز عند عدمه ، خلافاً للرافضة في قولهم يجوز للإمام التقيّة على غير مخافة ، وخلافاً لسليمان بن حرب والأزارقة من الخوارج في قولهم لا يجوز للإمام الدخول في التقيّة بحال ، وخلافاً للصفريّة من الخوارج في قولهم تجوز التقيّة في الاقوال ولا يجوز دخولها في الاعمال . وأما جواز التقيّة على الأنبياء عليهم السلام في تبليغ ما أمروا بتبليغه فهو جائز عليهم عند الخوف ، وانّه يجوز تأخير ذلك الى وقت الأمن على نفسه ، خلافاً للقدرية في قولهم لا يجوز ذلك عليهم فيما يتعلّق بالنبوّة والتبليغ عن الله عزّ وجلّ . والدلالة على جواز ذلك عند الخوف ومنعه عند الأمن قوله تعالى : ﴿إلاّ من أكره وقلبه مطمئنّ بالإيمان ولكن من شرح بالكفر صدرًا فعليهم غضب

اہلسنت موقف میں آپ نے امام کو بھی استثناء کیا تقیہ سے مگر یہاں تو ابو یعلی حنبلی امام نے تقیہ کی رخصت امام کو دی ہے، اس کے لئے جائز ہے تقیہ۔

2۔ آپکا قول: تقیہ کے لئے مجبوری شرط اول ہے بالفرض تقیہ نفاق و جھوٹ نہیں تو مجبوری کی شرط کیوں*؟

**اہلتشیع نے کب مجبوری کی قید نہیں لگائی ہے؟**

* ہمارے نزدیک تقیہ کی مختصر تعریف یہ ہے کہ مخالفوں کے سامنے کسی دنیوی یا دینی نقصان سے بچنے کی خاطر حق اور حق پر اعتقاد رکھنے کو چھپانے کا نام تقیہ ہے*

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

حالت اضطرار کے علاوہ تقیہ کیسے ہو گا؟ علامہ سرخسی نے کہا ہے جو لوگ تقیہ کا انکار کرتے ہیں انکا کہنا ہے کہ یہ نفاق ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ جائز ہے, کیونکہ انکے نزدیک تقیہ اور نفاق میں فرق ہے:

تقیہ حالت اضطرار میں دل میں ایمان کو رکھنا اور زبان پر کفر کا نام ہے۔ نفاق دل میں کفر اور زبان پر اسلام کا نام ہے۔




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

وَهُوَ الَّذِي يَسْتُرُ كُفْرَه ويُظْهر إِيمَانَهُ

https://al-maktaba.org/book/23691/1952#p1

یعنی علامہ سرخسی آپ کے بقول نفاق اور تقیہ کا فرق نہیں جانتے۔

علماء اہلسنت کی فکر آپ کے ذمہ ہے۔ مجھے فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ میں یہاں اہلتشیع نقطہ فکر پہنچانے کے لئے نہیں موجود ہوں بلکہ آپ کی باتوں کا جواب دینے کے لئے موجود ہوں۔

میری تعریف ناقص نہیں تھی یہ بات لوگوں پر واضح کرنا ضروری تھا بلکہ الٹا آپ کی تعریف درست نہیں کیونکہ اس آپ کے دعوے کے مطابق علامہ سرخسی کی تعریف ناقص ہے وہ صرف نبی کے لئے تقیہ درست قرار نہیں دیتے جبکہ آپ نے امام وغیرہ کو بھی شامل کیا ہے اور ابو یعلی حنبلی نے تو امام کے لئے تقیہ کے لئے جائز قرار دیا ہے یہاں تک کہ نماز ترک کر دے، کفر اختیار کرے، شراب پیئے، روزہ حج چھوڑ دے۔




شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے اس بیان سے واضح ہوا کہ شریعت کا ہر حکم مصلحت کے تابع ہے۔ شریعت کے احکامات سے ایک حکم کسی امر کے جواز کا ہے۔ یعنی کسی شئے کے جائز ہونے میں بھی کوئی نہ کوئی مصلحت ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!






ہے اوراق کی تلاش میں نہ موجود ہے غور کیا جاتا ہے اسلئے کہ میرا اول ایک ایسے امر میں مصروف ہے کہ جس پر زیادتی ممکن نہیں اور نہ میں منقولات کے نقل کرنے میں انتہا درجہ کی کوشش کر سکتا ہوں دہرانے اور جاننے والے کے سامنے اس کو بیان کرتا ہوں متین اپنی بیان سے صرف تنہا ہوں اپنی ہی گرد کو جمع کرنے والا ہوں اپنے وقت کا بندہ اور اپنے بخت کا تمیذ ہوں اور اپنے ہی خیال بیندی دہ مقیدہ ہوں اور اپنے ہی ناقص متاع کو غنیمت سمجھنے والا ہوں۔ جو اس کو پسند کرکے اسی پر بس کرنا چاہے وہ بس کرے نہیں تو وہ مختار ہے جو چاہے سو کرے۔ اور چونکہ آیۃ (و للہ الحجۃ البالغہ) جیت تحقیق شرائع اور بھید اعمال کے راز اور احکام منزل من اللہ کے اسرار کی طرف اشارہ ہے۔ اور یہ کتاب کتاب بھی انہیں کی ایک بالیدہ شاخ ہے اور اسی کے کنارہ سے چودھویں رات کے چاند نکلے ہیں۔ اسلئے اس کا نام حجۃ اللہ البالغہ رکھا گیا حسبی اللہ ونعم الوکیل و لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم +

## مقدمہ

بعض لوگ خیال کیا کرتے ہیں کہ شریعت کے احکامات کوئی مصلحت نہیں متضمن ہیں اور اعمال اور اُن کی جزا میں جو منجانب اللہ مقرر ہے کوئی مناسبت نہیں ہے اور احکام شریعت سے تکلیف کرنا بعینہٖ ایسا ہے کہ جیسے کوئی آقا اپنے ملازم کی فرمانبرداری کی آزمائش کرنے کو کسی پتھر کے اٹھانے یا کسی درخت کے چھونے کا حکم دے جس میں بجز آزمائش کے اور کوئی فائدہ نہیں۔ پس اگر اسکی اطاعت کرے جزا پاوے اور سرکشی کرے تو سزا دی جاوے +

یہ گمان بالکل غلط ہے۔ حدیث اور اُن زمانوں کے اجماع جنکی خوبی اور برکت پر خود شرع نے شہادت دی ہے اس خیال کی تکذیب کرتے ہیں۔ جو شخص امور ذیل کو نہ سمجھ سکے اسکی واقفیت اُس سوزن کی نمی سے کیا زیادہ ہو سکتی ہے جسکو دریا میں غوطہ دیا ہو۔ کہ اعمال کا اثر نیتوں پر اور اُن نفسانی حالتوں پر موقوف ہے جن سے اعمال سرزد ہوتے ہیں جیساکہ رسول خدا نے فرمایا۔ انما الاعمال بالنیات۔ اعمال کا ثواب نیتوں پر موقوف ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے فرمایا۔ لن ینال اللہ لحومھا ولا دماؤھا ولکن ینالہ التقوی منکم۔ خدا سے نہیں نزدیک کرتے ہیں۔ قربانیوں کے گوشت اور نہ خون لیکن تمہاری پرہیزگاری اُس سے نزدیک کر دیتی ہے۔ اور نماز خدا کی یاد اور اسکے حضور میں عاجزی کرنے کے لئے مشروع کی گئی ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے "اقم الصلوۃ لذکری" میری یاد کرنے کو نماز پڑھ اور نماز سے یہ بھی مقصود ہے کہ اسکی طفیل سے آخرت میں دیدار خدا نصیب ہو جاوے +

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے "سترون ربکم کما ترون ھذا القمر لا تضامون فی رویتہ فان استطعتم ان لا تغلبوا علے صلوۃ قبل طلوع الشمس وصلوۃ قبل غروبھا فافعلوا" بیشک تم اپنے پروردگار کو ایسا ہی دیکھو گے جیسا اس چاند کو دیکھتے ہو سکے دیدار میں کچھ شک و شبہ تم کو نہ ہوگا۔ پس اگر تم سے اسکا اہتمام ہو سکے کہ سورج نکلنے اور غروب ہونے سے پہلے کوئی چیز تم کو نماز سے باز نہ رکھے تو ایسا ہی کرو +

اور زکوۃ کا حکم شریعت میں اسلئے دیا گیا ہے کہ اُس سے بخل کی کمینہ عادت جاتی رہے اور حاجتمندوں کی کار برآری ہوتی ہے جیساکہ زکوۃ نہ دینے والوں کے حق میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے " ولا یحسبن الذین یبخلون بما آتاھم اللہ من فضلہ ھو

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

اب جب آپ یہ مانتے ہیں کہ احکامات میں لوگو کے لئے مصالح مضمر ہیں تو اب طرزِ استدلال سمجھئے: تقیہ جائز ہے۔ مطلب تقیہ میں مصلحت ہے۔

آپ کہتے ہیں کہ "تقیہ بندے کے لئے باعثِ ندامت و شرمندگی ہے" جبکہ مصلحت کہتے ہیں: نفع کے حصول کو یا فساد کے دفع کو۔ معلوم ہوا کہ تقیہ کے جواز میں یا تو بندے کو "نفع" ہوتا ہے۔ یا "فساد زائل ہوتا"، اگر اس سے شرمندگی حاصل ہو تو شرمندگی کوئی "نفع" نہیں اور نہ ہی "کسی فساد کو دفع کرنے کی موجب ہے" اگر تقیہ باعثِ شرمندگی ہو تو ماننا پڑے گا کہ شریعت کا یہ حکم مصلحت کے خلاف ہے۔ جبکہ اسلام کا کوئی جائز یا حرام عمل باعث شرمندگی نہیں۔ نوٹ: میرا مؤقف تعریف سے ثابت ہے کہ تقیہ جائز ہے اور نفاق نہیں ہے۔ میں بہت سی چیزیں طوالت کے سبب سے ذکر نہیں کر رہا۔

@بخش حسین حیدری شیعہ: میں نے اسکین لگانا اس لئے شروع کر دیا تاکہ ممتاز صاحب اپنا دعویٰ درست کر لیں۔ ان کا دعویٰ ہی جب اہلسنت مؤقف کے خلاف ہے تو میں کیسے مان لوں اہلسنت کا نمائندہ مجھ سے بات کر رہا ہے۔ میں انکی مدد کر رہا ہوں۔ ان سے کہیں نقطہ بحث مزید نا پھیلائیں، 4،3 نقاط چھیڑ دیتے ہیں پھر مجھے طولانی جواب دینا پڑتا ہے ہر بات کا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ٹھیک ہے اب آپ خاموش رہیں قریشی صاحب آتے ہیں تو میں کوشش کرتا ہوں کہ ایک نقطہ پر گفتگو ہو۔ لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ میں نے عرض کیا تھا تعریف نہ کی جائے دعویٰ رکھا جائے لھذا تعریف کر کے گفتگو کو طول دیا جارہا ہے قریشی صاحب ایک نقطہ پر گفتگو کریں۔

علی ناصر (شیعہ مناظر):




ان کے اعتراض کا جواب کیسے دیتا میں ؟؟

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

بخش حسین حیدری شیعہ: میں بات کرتا ہوں ابھی آپ میسج مت کریں جب قریشی صاحب آجائیں تب گفتگو کریں گے۔

جعفر صادق: بہتر ہوتا کہ آپ میرے اندازے کو غلط ثابت کرتے اور مزید کسی اہل سنت عالم کے قول کو پیش کرنے کے بجائے تقیہ پر *اہل تشیع عقیدہ* خاص طور پر جواب طلب نکات کی وضاحت کرکے اپنا *جواب دعوی* بھی لکھتے تاکہ گفتگو باقاعدہ شروع کی جاسکتی۔ آپ کا طنزیہ انداز اور اب لہجے کی گرمی سے یہ تو ظاہر ہوگیا کہ آپ لوگ ***تقیہ پر گفتگو کرتے وقت بھی تقیہ*** کرنے پر مجبور ہو۔ آپ کو علم نہیں ہے کہ طئے شدہ پانچوں شرائط کی آپ نے خلاف ورزی بھی کردی ہے۔

*شرط #1* تقیہ پر دونوں فریقین کا عقیدہ ☜ آپ نے نامکمل عقیدہ بیان کردیا۔ آپ سے تقیہ کی تعریف نہیں پوچھی گئی تھی بلکہ اہل سنت واہل تشیع کے مابین ***عقیدہ تقیہ*** پر جو اختلاف ہے اس پر گفتگو کرنے کے لئے عقیدہ پوچھا گیا تھا۔ اگر اختلافی نکات پر آپ رائے نہیں دیں گے تو گفتگو کن نکات پر کی جائے۔

*شرط #2* آپ نے ذاتیات پر حملہ کیا، آج بھی ماحول کو خراب کرنے کی کوشش کی۔

*شرط #3* گفتگو عقائد، دعوی اور جواب دعوی کے مطابق کرنے کے بجائے آپ نے یکطرفہ طور دلائل دینے شروع کردئے جبکہ مدعی میں تھا، دلائل دینا میرے ذمہ تھا۔

*شرط #4* دلائل بحیثیت مدعی مجھے ***قرآن کریم، سُنی وشیعہ صحیح روایات اور تائید جیّد علماء کرام*** سے دینے تھے اور آپ کو رد کرنا تھا، آپ نے سب الٹ پلٹ کردیا۔

*شرط #5* ایک ٹرن میں تین جواب دینا طئے ہوا تھا، جب تک ایک فریق اپنا جواب ختم نہ کرے بیچ میں دخل اندازی **ممنوع** تھی۔ آپ نے اس کی بھی پابندی نہیں کی۔

بحرحال میں آج کے اعتراضات کا بھی جواب دیتا ہوں۔ اگرچہ تین کے بجائے چار جواب ہوجائیں گے۔

علامہ سرخسی کے متعلق میں نے یہ کب کہا کہ آپ نے آدھی بات نقل کی ہے؟ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ وہی علامہ سرخسی رافضیوں پر لعنت بھیجتے ہوئے نبیوں کے لئے تقیہ کا جائز نہ ہونا بھی بیان کررہا ہے۔ آدھی بات قبول اور آدھی بات کا انکار کیوں؟

رہی بات قاضی ابویعلی کے قول کی تو آپ کو ذہن میں رکھنا چاہئے کہ **ہمارے ہاں امام کا وہ مقام ومرتبہ نہیں ہے جو اہل تشیع کے ہاں ہے**۔ دوسری بات **عقائد علمائے کرام کے اقوال سے نہیں بلکہ قرآن وسنت کی روشنی میں بنتے ہیں**۔ اگر آپ چاہیں تو مدعی بن کر اہل سنت عقیدے پر اپنا دعوی پیش کرسکتے ہیں، میں آپ کو نہ صرف قرآن وسنت بلکہ جمہور علمائے اہل سنت کے اقوال سے دکھادوں گا کہ تقیہ صرف عام کے لئے جائز ہے، خاص کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ کئی واقعات بھی پیش کروں گا جہاں تقیہ نہ کرتے ہوئے صحابہ، تابعین سمیت ہر دور کی معتبر شخصیات نے جان قربان کردی۔ وہ سب چاہتے تو تقیہ کرنے سے ان کی زندگی بچ سکتی تھی۔ *ایسا فعل جو شیعہ کے نزدیک اصل دین ہے، افضل عبادت ہے، نیکی ہے اور جب دل چاہے کرنے کی اجازت بھی ہے، اس کے متعلق دور نبوی سے آج تک کسی مؤمن نے بھرپور فائدہ نہ اٹھایا اور اپنی جان ومال دین پر قربان کردیا!* میں اگر اس وقت کوئی اسکین یا دلیل نہیں پیش کررہا تو اس سے یہ

نہ سمجھیں کے میرے پاس دلائل نہیں ہیں۔ گفتگو ہمیشہ طریقے سے کی جائے تو منطقی انجام تک پہنچا جاسکتا ہے۔ آپ کی طرح میں بھی یہاں اسکینز کی بھرمار کردوں تو اس سے کیا حاصل۔ آپ میں اور مجھ میں یہی فرق ہے۔ جب دلائل کا وقت آئے گا تو پھر میرے دلائل کو رد کیجئے گا۔ بد قسمتی سے بار بار کہنے کے باوجود آپ اپنا عقیدہ کھل کر بیان نہیں کرپا رہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: معذرت خواہ ہوں۔ قریشی صاحب آپ کو یاد دلاتا چلوں کہ ابھی بھی آپ کی تعریف پر بات چل رہی ہے پہلے اس نقطے کو کلیر کریں۔

جعفر صادق: علامہ سرخسی * نفاق * کا مطلب بخوبی جانتے تھے، اسی لئے تو رافضیوں پر لعنت بھیجی ہے کیونکہ ***رافضیوں کا تقیہ درحقیقت نفاق ہی ہے۔*** جن عقائد کو دل میں چھپایا جاتا ہے وہ ایمان سے کوسوں دور ہیں، زبان پر تقیہ کرکے ایمان کا اظہار کیا جاتا ہے۔

* دل میں کفر اور زبان پر ایمان یہی تو نفاق ہے۔ *

علمائے اہل سنت کے اقوال کا سہارہ لینا آپ کی مجبوری ہے۔ صرف یہ موضوع نہیں، اہل تشیع سے جس موضوع پر گفتگو کی جائے، کبھی کھل کر اپنے عقائد و نظریات اور اپنی کتب کو زیر بحث نہیں لایا جاتا، کیونکہ عوام کے سامنے پول کھل جاتا ہے۔

میں نے کب دعوی کیا کہ علامہ سرخسی کی تعریف ناقص ہے، ہر عالم نے اپنے انداز سے تقیہ کی تعریف لکھی ہے۔ شیعہ علماء نے بھی اپنے الفاظ میں تعریف بیان کی ہے۔ ویسے ہم یہاں تقیہ کی تعریف پر تو بات ہی نہیں کررہے، ایک دوسرے کے عقیدے کو صرف پیش کردینا ہے، تاکہ قارئین دونوں کے عقائد سمجھ لیں اور کوئی ابہام نہ رہے۔ آپ ٹال مٹول کرکے شکوک پیدا کررہے ہیں۔

بحرحال گفتگو تو دعوی اور جواب دعوی کی روشنی میں ہونی ہے۔ میں نے امید کا دامن ابھی بھی نہیں چھوڑا۔ آپ شیعہ عقیدہ تقیہ پر وضاحت طلب نکات لکھ کر جواب دعوی لکھیں، میں تو اپنا دعوی ثابت کرنے کے لئے تین دن سے تیار ہوں۔

@بخش حسین: ☜ بحث تعریف پر نہیں عقیدے کے متعلق ناصر صاحب کے اشکالات پر چل رہی ہے۔

@علی ناصر: بیشک شریعت کے ہر حکم میں مصلحت ہوتی ہے۔ تقیہ مجبور بے بس کو اس لئے رخصت دی گئی ہے تاکہ بے چارے کی جان بچ جائے، یہ مصلحت آپ کو نظر نہیں آرہی؟

شریعت میں ہمیشہ نرمی رکھی گئی ہے، بیمار، مجبور اور بے بس پر کوئی جبر یا سختی نہیں ہے، لیکن اس کا مطلب یہ تھوڑی ہے کہ اسی نرمی کا غلط فائیدہ لیتے ہوئے دین کو ہی پوری نرمی میں ڈھال دیا جائے، وہی نرمی افضل بن جائے، اصل دین بن جائے، جس کا دل چاہے اس نرمی کو سر آنکھوں پر رکھ لے، باعث ثواب وبلندی درجات سمجھنا شروع کردے۔ (لاحول ولا قوت)

## *علی ناصر شیعہ کے طرز استدلال کا آپریشن*

خنزیر کھانا (تقیہ) جائز ہے۔ مطلب خنزیر کھانے (تقیہ) میں مصلحت ہے۔

*موقف:* خنزیر کھانا (تقیہ) باعث شرمندگی وملامت فعل ہے۔

**مصلحت کہتے ہیں بوقت ضرورت بہتر عمل *(سب سے بہتر عمل مصلحت نہیں ہوتی)***

اس سے معلوم ہوا کہ خنزیر کھانے (تقیہ) سے بندے کو جو نفع ملتا ہے وہ زندگی یا تکالیف سے عافیت ہے۔ اس سے یہ کیسے ثابت ہوا کہ خنزیر کھانا (تقیہ) بہترین عمل، نیکی، افضل عبادت ہے اور خنزیر کھا کر (تقیہ کر کے) جان بچالینا قابل فخر فعل ہے۔

خنزیر (تقیہ) باعث شرمندگی فعل ہی ہے کیونکہ خنزیر (سور) اتنا حرام ہے کہ نام لینے سے بھی کراہت ہوتی ہے، اسے بحالت مجبوری کھانے والا ہمیشہ شرمندہ ہی رہے گا۔ شریعت کا یہ حکم جان بچانے کے لئے ضرور ہے، لیکن جس نے حق پر ڈٹ کر خنزیر کھانے (تقیہ) سے انکار کر دیا اور جان دے دی وہ زیادہ افضل ہے، تقوی اور ایمان کا یہ درجہ اصل ایمان ہے۔ خنزیر کھانا (تقیہ کرنا) اصل ایمان ہر گز نہیں ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: سرکار گفتگو تعریف پر چل رہی ہے آپ نے جو تعریف کی اس میں اقرار بھی اور انکار بھی، میں آپ دونوں کی بات کلیئر کروانا چاہتا ہوں۔

جعفر صادق: میں صدقے۔۔۔ حضور تعریف آپ کے ناصر صاحب نے پیش کی ہے۔ کہیں تو میں شیعہ کتب سے بھی تعریف پیش کر سکتا ہوں۔ اصل میں جب تک تقیہ پر دونوں طرفین کا مکمل نظریہ نہ آجائے آگے گفتگو غیر مفید ہو گی۔ اب یہی دیکھیں۔ ناصر صاحب مدعی نہ ہوتے ہوئے بھی اہل سنت علماء کے قول پیش کر رہے ہیں۔ کہاں عقیدہ اور کہاں اقوال علماء۔ ویسے میں نے آج چند اہم نکات لکھے ہیں جن پر اہل تشیع واہل سنت کے ہاں سخت اختلاف ہے۔ ناصر صاحب سے اس کی وضاحت کروائیں۔ جب موقف آجائے گا تو آگے گفتگو ہو گی۔

بخش حسین حیدری شیعہ: سرکار پہلے تعریف کس پیش کی ہے، میں سکرین شاٹ دیتا ہوں۔



تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

**جعفر صادق:** جن نکات پر اختلاف ہو ناصر صاحب نشاندھی کر دیں۔ دلائل دینا میرا کام ہے۔ اگر ناصر صاحب مدعی بننا چاہیں تو بھی میں حاضر ہوں۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ بس شرائط پر پابندی ضروری ہے۔

## تقیہ پر اہل سنت و اہل تشیع نظریہ

| اہل سنت | اہل تشیع |
|---|---|
| 1: تقیہ باعث ملامت و شرمندگی ہے۔ | 1: تقیہ محبوب عبادت ہے۔ |
| 2: تقیہ صریح جھوٹ و منافقت ہے۔ | 2: تقیہ جھوٹ اور منافقت نہیں ہے۔ |
| 3: تقیہ صبر نہیں بلکہ ثابت قدم رہ کر تکالیف برداشت کرنا صبر ہے۔ | 3: تقیہ صبر ہے اور کرنے والے کو دہرا اجر دیا جائے گا۔ |
| 4: تقیہ نہ کرنے والا تقوی و ایمان کے اعلی درجہ پر ہے۔ | 4: تقیہ نہیں تو ایمان نہیں ہے۔ |
| 5: تقیہ نہ کرنا نیکی ہے اور تقیہ کرنا برائی ہے اس لئے بغیر مجبوری جائز نہیں ہے۔ | 5: تقیہ کرنا نیکی اور نہ کرنا برائی ہے۔ |
| 6: تقیہ صرف سخت ضرورت میں مجبور کو دی گئی رخصت ہے۔ | 6: تقیہ جب ضرورت ہو کرنا چاہئے۔ |
| 7: تقیہ صرف عام کے لئے ہے خاص کے لئے جائز نہیں ہے۔ | 7: تقیہ خاص و عام دونوں کے لئے جائز ہے۔ |

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

بخش حسین حیدری شیعہ: *تقیہ اور اہل سنت*

اگر کوئی مسلمان کافروں میں پھنس جائے، مثلاً محبوس ہو، مجبور، بے بس، عاجز ہو یا جیسے اندھا، اپاہج، لنگڑا، لولا اور بیمار ہو، اور دشمنان اسلام اسے کلمہ کفر کہلوانے پر کسی ایسی تکلیف دینے کی دھمکی دیں جو نا قابل برداشت ہو اور وہ جو دھمکی دے رہے ہیں اس پر وہ قادر بھی ہوں تو صرف زبان سے کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہے۔ جیسا کہ سورۃ نحل کی آیت (اِلَّا مَنۡ اُكۡرِهَ وَقَلۡبُهٗ مُطۡمَـئِنٌّ بِالۡاِيۡمَانِ) میں اس شخص کو تقیہ کرنے کی رخصت دی گئی ہے جو تکالیف برداشت نہ کر سکے اور صبر کرنا محال ہو، لیکن فضیلت اسی میں ہے کہ جان دیدے اور تکلیف اٹھالے اور کفر کا کلمہ زبان پر نہ لائے کیونکہ حق پر ثابت قدم رہ کر جان قربان کر دینا زیادہ افضل ہے۔ تقیہ کی رخصت عام کے لئے ہے خاص (نبی امام وغیرہ) کے لئے نہیں ہے۔

جعفر صادق: یہ مکمل عقیدہ کی وضاحت ہے۔ شرط 1 میں یہی طئے ہوا تھا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: یہ تعریف کس نے بیان کی ہے لمبی تحریر نہ لکھیں۔

جعفر صادق: یہ تعریف نہیں ہے۔ مکمل عقیدہ ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے لکھا کہ نہیں صرف یہ جواب دیں۔

جعفر صادق: کیا لکھا؟

بخش حسین حیدری شیعہ: یہ والی تعریف سمجھیں یا عقیدہ۔ میں بگڑی ہوئی گفتگو کو ترتیب دے رہا ہوں

جعفر صادق: مجھے دکھائیں کہ میں نے اسے تعریف لکھا ہو۔ پہلے دن سے عقیدہ کی وضاحت کے متعلق بات ہو رہی ہے حضور۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ عقیدہ سمجھ لیں تو میں لکھ دیتا ہوں جو عقیدہ بیان کیا ہے اس پر گفتگو ہو رہی ہے۔ بعد میں علی ناصر صاحب نے عقیدہ بیان کیا اس پر بات ہو جائے گی نقطہ باے نقطہ چلیں۔ آپ دونوں کھچڑی بنا رہے ہیں اس لیے مجھے دخل دینا پڑا۔ اس عقیدے میں آپ نے اقرار بھی کیا اور انکار بھی۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: کھچڑی ناصر صاحب نے بنائی ہے۔ *عقیدہ ہر کسی کا اپنا اپنا۔* انہیں اختلافی نکات پر بات ہی نہیں کرنی اس لئے اہل سنت عقیدے پر اعتراضات شروع کر دیئے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میری جان پہلے عقیدہ کس نے بیان کیا۔ آپ نے یا علی ناصر صاحب نے؟

جعفر صادق: میں نے بیان کیا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر پہلے ایک کلیر کریں بعد میں دوسرے نقطہ پر یہ تو نہیں پہلے کو چھوڑ دیں اور دوسرے کی طرف بھاگ پڑیں۔

جعفر صادق: کیا کلیئر کرنا ہے؟

بخش حسین حیدری شیعہ: ایسا ہو سکتا قریشی صاحب، بس عقیدے میں آپ نے تقیہ کو قرآن مجید کی آیات کے مطابق ثابت کیا ہے ۔ اصل تو تقیہ ہے۔

جعفر صادق: دونوں کے ہاں یہی اختلافات ہیں۔ اگر مجھے اہل سنت کا دفاع کرنا ہے تو ناصر صاحب مدعی بن جائیں۔ تقیہ شیعہ والا قرآن سے ثابت ہی نہیں ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نقطہ بائے نقطہ چلیں ان شاءاللہ بہت فائدہ مند گفتگو ہو گی۔

جعفر صادق: یہی سات نکات ہیں۔ میں بحیثیت مدعی یا مدعاعلیہ دونوں طرح گفتگو کے لئے تیار ہوں۔ ایک ایک نکتہ پر الگ سے بات کروں گا۔ ان شاءاللہ۔ شرط یہ ہے کہ ناصر صاحب شرائط کی پابندی کریں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میری جان میں نے فلحال نہ سنیت والے پر اعتراض کیا نہ تشیع والے پر ۔ صرف یہ پوچھا کہ تقیہ کو آپ نے قرآن مجید کی آیت سے ثابت کیا کہ نہیں؟ گفتگو نقطہ بائے نقطہ ہو گی لیکن جس ترتیب سے میں کروا رہا ہوں جو عقیدہ آپ نے بیان کیا اس پر آپ جواب دہ ہیں اور جو علی ناصر صاحب نے کیا اس پر وہ ۔ میرا سوال ہے : تقیہ کو آپ نے قرآن مجید کی آیات سے ثابت کیا کہ نہیں؟

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: بالکل ثابت کیا ہے۔ اب ناصر صاحب کا کام ہے کہ جو تقیہ شیعہ کے ہاں ہے اسے قرآن سے ثابت کرے۔ اس سے پہلے اقرار کرلے کہ ہمارہ تقیہ پر یہ عقیدہ ہے۔ یعنی اختلافی نکات پر دوٹوک وضاحت۔ اشاروں کنایوں میں گفتگو نہیں ہوتی۔ اپنا عقیدہ کھل کر بتانے میں گھبراہٹ کیسی؟

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے تقیہ کی اصل کو قرآن مجید سے ثابت کیا۔ اب رہے گئے نقاط، اس میں آپ جو شامل کریں مثال دے رہا ہوں حقیقت نہیں: نماز، ایمان، روزہ، جان، مال، عمل وغیرہ یہ بن گئے نقاط، جھوٹ منافقت وغیرہ، اصل کو مانا اب ان کے نقاط پر گفتگو کرنی ہے۔

جعفر صادق: الحمدللہ تقیہ کے خلاف کئی آیات بھی موجود ہیں۔ آپ نماز، ایمان، روزہ وغیرہ کو تقیہ سے ملا رہے ہیں۔
کیا نماز ایمان یا روزے کی نفی پر بھی آیات موجود ہیں؟ تقیہ خنزیر کھانے جیسی رخصت ہے۔ اصل دین افضل عبادت یا کوئی نیکی نہیں ہے حضور۔

بخش حسین حیدری شیعہ: میری جان میں نے آپ کو مثال دی ا، آپ اتنا سمجھنے سے قاصر ہیں۔ حیرت ہے قریشی صاحب جب کہ لکھا حقیقت نہیں ہے صرف نکات بنائے ہیں۔

جعفر صادق: غلط مثال دی ہے میری جان۔ کہاں خنزیر اور تقیہ اور کہاں نماز روزہ اور دیگر عبادات! رحم فرمائیں حضور۔
کیا یہ سات نکات سنی و شیعہ کے مابین اختلافی نہیں ہیں؟

بخش حسین حیدری شیعہ: جس آیت سے آپ نے تقیہ کو ثابت کیا اس میں کیا منافقت اور جھوٹ کا ذکر ہے؟ خنزیر کا ہے؟ اس لیے کہا آپ اصل کو چھوڑ کر فرع پر گفتگو کر رہے ہیں پہلے اصل کلیر کریں۔

جعفر صادق: ان ساتوں نکات پر بات کئے بغیر تقیہ پر کیا گفتگو کریں؟ اس آیت میں بہت کچھ ہے۔ گفتگو شروع تو ہو۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ان نکات پر گفتگو تو ہو گی لیکن آپ نے تقیہ کو ثابت کر کے انکار کر رہے ہیں۔ آپ اصل کو تسلیم کریں نکات کی طرف میں لے کر چلتا ہو علی ناصر صاحب کو آپ تو اصل کا انکار کر رہے ہیں۔

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: اللہ کے بندے۔۔۔میں اس تقیہ کا انکار کر رہاہوں جو افضل عبادت نیکی اور اصل دین ہے۔ کیا آپ کے نزدیک تقیہ کے یہ فضائل نہیں ہیں؟
شیعہ والے تقیہ کی اصل میں ہی گڑبڑ ہے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ پھر شیعہ اور سنیت کی طرف پلٹ رہے ہیں ۔جب کہ میں شیعہ سنی پر بات نہیں کر رہاوہ علی ناصر کرے گا۔

جعفر صادق: بھائی۔۔۔ہم یہاں شیعہ و سنی عقائد پر ہی بات کر رہے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے قرآن مجید کی آیات سے تقیہ ثابت کر کے انکار کر رہے ہیں آیت کا انکاری نہ ہی سنی نہ ہی شیعہ آپ لکھ دیں تقیہ ثابت ہے قرآن مجید سے بقایا اختلاف پر گفتگو جاری رکھیں۔ آپ انکار کر رہے ہیں اس لیے میں آیا۔

جعفر صادق: میں تو مکمل عقیدہ لکھ چکا ہوں۔ناصر صاحب لکھ دیں کے مجھے اس سے اختلاف نہیں ہے۔یا لکھ دیں کہ ہمارے عقیدے کے مطابق فلاں فلاں بات درست نہیں ہے۔ بات ختم
پھر جواب دعوی لکھ کر میرے دعوی کی نفی لکھ دے۔اس میں کیا مشکل ہے اور کتنی دیر لگتی ہے۔میں شیعہ عقیدہ تقیہ کے ان ساتوں نکات کا کھل کر انکار کر رہاہوں۔علی ناصر صاحب بھی ذرا ہمت کریں اور کھل کر وضاحت کر دیں۔مسئلہ کلیئر ہو جائے گا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے اقرار کے ساتھ انکار کیا ہے ۔آپ لکھ دیں کہ تقیہ قرآن سے ثابت ہے ۔بقایا جھوٹ ،منافقت یہ اختلاف ہے ۔لیکن آپ ثابت کر کے انکار کر رہے ہیں۔ناصر صاحب اب اس وقت گفتگو کریں گے جب میں بولوں گا پہلے نہیں اس طرح کھچڑی نہیں بنانا چاہتے۔

جعفر صادق: بھائی جس تقیہ کا اقرار کیا ہے وہ میں نے مکمل لکھا بھی ہے۔کیا شیعہ کے نزدیک وہی تقیہ مراد ہے؟ اللہ کو حاضر ناضر سمجھ کر جواب دیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: بھائی آپ نے نیچے جو جھوٹ اور منافقت کہا اس کو اس آیت کے مطابق نہیں کہا نہ،وہ آپ نے اپنی طرف سے کہا ہے۔
جعفر صادق: تقیہ جھوٹ ہے منافقت ہے ی انہیں؟ یہ تو دوران گفتگو کلیئر ہو جائے گا۔میرے دعوی کا پہلا نکتہ یہی ہے۔جب تک ناصر صاحب جواب دعوی نہیں لکھتے میں دلائل کیسے دوں؟

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

بخش حسین حیدری شیعہ: جواب دعویٰ بعد میں آئے گا پہلے تو اس نے آپ کے عقیدہ پر سوال اٹھادیا ہے ۔اس کے بعد اس کا عقیدہ پھر آپ کے دعویٰ پر ،جواب دعویٰ۔ آپ نے جو عقیدہ لکھا ہے اس پر سوال رکھا ہے نہ کہ جواب دعویٰ پر پہلا نقطہ ہی عقیدہ ہے نہ۔

جعفر صادق: اچھی بات ہے۔ پھر گفتگو اسی طرح چلنے دیں۔ اعتراضات کرنا مجھے بھی آتا ہے۔ مجھے بھی حق ہے کہ شیعہ کتب سے دلائل دینا شروع کر دوں۔ میرے لئے کوئی مسئلہ نہیں۔ ناصر صاحب جس طرح بہتر سمجھیں گفتگو کریں۔ میں اب حکمت عملی چینج کرتا ہوں۔ اب صرف دفاع نہیں بلکہ جوابی دلائل بھی رکھوں گا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر گفتگو نقطہ بائے نقطہ نہیں چلے گی پہلے ایک بات کلیر کریں بعد میں دوسری رکھیں ،پہلے آپ نے عقیدہ رکھا ہے تو اس کو ڈیفنڈ کریں اگر نہیں کرسکتے تو لکھ دیں پھر علی ناصر کے عقیدہ پر بات کرلیتے ہیں۔ آپ میرے عقیدہ پر سوال اٹھاتے تو میں وضاحت کر کے چلتا یہ بات نہیں کہ آپ پر سوال کرتا جواب نہ دیتا۔

جعفر صادق: میں دفاع کر رہا ہوں۔ کوئی پریشانی نہیں ہے۔ شرائط کی پابندی وہ خود ختم کر چکے ہیں۔ میرا بھی حق ہے کہ اہل تشیع کے تقیہ کے متعلق وہ حقائق سامنے رکھوں جن کا اقرار کرنے سے ناصر صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!

بخش حسین حیدری شیعہ: نقطہ بائے نقطہ چلیں برادر میں نے کال پر دونوں کو کہا تھا جب تک ایک نقطہ کلیر نہیں ہو گا آگے نہیں بڑھنے دوں گا۔

جعفر صادق: آپ جب عقیدہ ہی نہیں رکھیں گے تو سوال کیسے اٹھاؤں۔۔۔۔اسی وجہ سے تو ناصر صاحب پریشان ہیں۔ حالانکہ میں نے کہہ دیا تھا کہ کوئی سوال نہیں اٹھاؤں گا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ مجھے بتائیں میں عمل کرواؤں گا ،آپ کے کہنے سے پہلے اس کو کہہ دیا طنزیہ گفتگو نہ کریں۔

جعفر صادق: چلیں۔ آپ ہی بتائیں۔ مجھے کونسا نکتہ کلیئر کرنا ہے؟ اور ناصر صاحب بھی کوئی نکتہ کلیئر کریں گے یا بس اعتراض ہی کرتے رہیں گے۔

بخش حسین حیدری شیعہ: ناصر صاحب کیوں عقیدہ نہیں رکھیں گے میں وعدہ کرتا ہوں وہ عقیدہ رکھے گا اور اپنے علماء سے ثابت کرے گا اس کو ۔ آپ نقطہ بائے نقطہ چلیں۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

جعفر صادق: ناصر صاحب سے وضاحت کروائیں۔ کسی ایک نکتے پر ہی گفتگو کر لے۔ کم از کم اپنا موٴقف تو پہلے بتانا ہوگا کہ نہیں؟

بخش حسین حیدری شیعہ: جب ناصر صاحب کوئی نقطہ کلیئر نہیں کریں گے تو مجھے بتائیں میں عمل کرواؤں گا۔ فلحال آپ اپنے بیان کیے گئے عقیدہ پر اٹھے ہوئے سوالات کے جوابات دے کر کلیئر کریں اور وہ اپنا موقف رکھتے ہیں۔

جعفر صادق: میں اب مصروف ہو رہا ہوں۔ آپ ناصر صاحب سے مشورہ کر لیں۔ سات نکات سامنے ہیں۔ میرے خیال میں یہی اہم اختلافی نکات ہیں۔ مزید ہوں تو بتا سکتے ہیں۔ اگر اختلافی نکات پر گفتگو ہی نہیں کرنی تو پھر کس پر کرنی ہے۔ گیارہ بجے کے بعد حاضر ہوتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ نے جو عقیدہ بیان کیا اس پر جواب دے کر آگے بڑھیں اب ناصر صاحب گفتگو کریں گے۔ امید ہے مجھے دوبارہ زحمت نہیں دیں گے کہ آپ دونوں کو اصل گفتگو کی طرف لاؤں۔ جزاک اللہ خیرا۔ سلامت رہیں دونوں۔

* تقیہ اور اہل سنت *

اگر کوئی مسلمان کافروں میں پھنس جائے، مثلاً محبوس ہو، مجبور، بے بس، عاجز ہو یا جیسے اندھا، اپاہج، لنگڑا، لولا اور بیمار ہو، اور دشمنان اسلام اسے کلمہ کفر کہلوانے پر کسی ایسی تکلیف دینے کی دھمکی دیں جو ناقابل برداشت ہو اور وہ جو دھمکی دے رہے ہیں اس پر وہ قادر بھی ہوں تو صرف زبان سے کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہے۔ جیسا کہ سورۃ نحل کی آیت (اِلَّا مَنۡ اُکۡرِہَ وَ قَلۡبُہٗ مُطۡمَئِنٌّۢ بِالۡاِیۡمَانِ) میں اس شخص کو تقیہ کرنے کی رخصت دی گئی ہے جو تکالیف برداشت نہ کر سکے اور صبر کرنا محال ہو، لیکن فضیلت اسی میں ہے کہ جان دیدے اور تکلیف اٹھالے اور کفر کا کلمہ زبان پر نہ لائے کیونکہ حق پر ثابت قدم رہ کر جان قربان کر دینا زیادہ افضل ہے۔ تقیہ کی رخصت عام کے لئے ہے خاص (نبی امام وغیرہ) کے لئے نہیں ہے۔

یہ عقیدہ اور یہاں سے جواب دے کر آگے بڑھیں۔

جعفر صادق: اب ناصر صاحب کا ٹرن ہے۔ میں انہیں جواب دے چکا ہوں۔ مزید کسی نکتہ کو کلیئر کرنا ہے تو اس کے لئے مجھے اسکینز و دلائل رکھنے پڑیں گے جو کہ اس مرحلے پر نہیں رکھے جاتے۔ یا تو میرے عقیدے کے مخالف میں ہی ناصر صاحب جواب دعوی لکھ کر بتائیں کہ کن نکات سے انہیں اختلاف ہے۔ میں بحیثیت مدعی انہی نکات پر الگ الگ دلائل دینا شروع کروں گا۔ کم از کم یہ بات تو ظاہر ہو جائے گی کہ شیعہ تقیہ کے متعلق اختلافی نکات کا دفاع نہیں کر سکتے۔ میں اہل سنت عقیدہ کا دفاع کرنے کے لئے تیار ہوں۔

اہل تشیع اور اہل سنت کا تقیہ پر یہی موٴقف ہے۔ اگر اہل تشیع کا تقیہ پر یہ موٴقف نہیں تو جس نکتے پر بھی اختلاف ہو، علی ناصر صاحب اعتراض کر سکتے ہیں۔ اگر ناصر صاحب دفاع کرنا نہیں چاہتے تو مدعی بن جائیں۔ کسی بھی نکتے پر دعوی لکھیں۔ میں جواب دعوی لکھ کر دلائل سے اہل سنت عقیدے کا دفاع کروں گا۔ ان شاء اللہ

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

☜ عقائد ہمیشہ قرآن و سنت اور صحیح روایات سے ثابت کئے جاتے ہیں۔ علمائے کرام کے اقوال تائید میں دکھاجاتے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: قریشی صاحب کب کہا کہ شیعہ دفاع نہیں کرسکتے۔ فلحال آپ کے عقیدہ پر سوال اٹھائے گئے ہیں ان کو کلیئر کریں اور یہ الزام عائد کرنا بند کریں۔

جعفر صادق: غضب خدا کا۔۔۔چار دن سے ناصر صاحب عقیدہ تک نہیں لکھ سکے۔ تین جملے تعریف کے لکھ کر سمجھ رہے ہیں کہ عقیدہ بیان ہو گیا۔ سات اختلافی نکات پر مؤقف بھی نہیں لکھا۔ اگر اقرار یا انکار بھی نہیں کریں گے تو گفتگو کیسے اور کن نکات پر کروں؟
رہی بات عقیدے پر سوال اٹھانے کی تو ڈھونڈ ڈھونڈ کر چند علماء کی آدھی عبارات سے ناصر صاحب اعتراض کر کے وقت گذار رہے ہیں۔ خیر میں جواب دیتا آرہا ہوں اور مزید اعتراضات کئے تو اب صرف جواب نہیں دوں گا بلکہ شیعہ کتب سے اپنی تائید میں دلائل بمعہ اسکینز بھی دوں گا۔ اب گفتگو روایتی طریقے سے ہٹ کر ہو گی کیونکہ فریق مخالف شرائط کی پابندی نہیں کر رہا۔

بخش حسین حیدری شیعہ: اس نے اپنا عقیدہ لکھا ہے آپ پہلے اپنا کلیئر کریں اور بعد میں اس کے عقیدے پر سوال رکھیں، اگر وہ عقیدہ مکمل نہ ہوا تو دوبارہ لکھے گا اور اپنے جید علماء سے ثابت کرے گا۔ فلحال تو آپ اپنے عقیدہ کی وضاحت کرنے سے گھبرا کیوں رہے ہیں یا یہ سمجھ لوں کہ آپ نقطہ بائے نقطہ گفتگو نہیں کرنا چاہتے۔ بقایا جہاں پر وہ شرط کی خلاف ورزی کرے تو بتائیں اس پر عمل کروایا جائے گا وہ اسکے پابند ہیں۔

جعفر صادق: پہلی بات ہمیں صرف اپنا اپنا عقیدہ لکھنا تھا۔ اسے ایک دوسرے سے منوانا نہیں تھا۔ میں مدعی ہوں۔ گفتگو کے دوران اپنے دعوی کی روشنی میں مجھے اپنا عقیدہ ہی ثابت کرنا ہے اور دفاع کرنا ہے۔ ناصر صاحب کو بھی صرف اپنا عقیدہ رکھ دینا ہے مجھے منوانا نہیں ہے۔ جواب دعوی رکھ کر وہ میرے دعوی کا انکار کریں گے اور اس شیعہ عقیدے کا دفاع کریں گے جو بتا چکے ہوں گے۔
دونوں فریقین کے عقائد سب کے سامنے ہوں گے تو قارئین کو علم ہو گا کہ کسے کیا ثابت کرنا ہے اور کسے کن نکات کا دفاع کرنا ہے۔
عقیدہ پر وضاحت کی گھبراہٹ تو اسے ہونی چاہئے جو کھل کر اقرار یا انکار تک نہیں کر پارہا۔ میں تو دوٹوک ایک ایک نکتہ لکھ کر بتا رہا ہوں کہ یہ سنی و شیعہ کے مابین اختلافی نکات ہیں۔ آپ بتائیں کن نکات پر متفق اور کن نکات سے اختلاف رکھتے ہیں۔
جی جی۔۔۔۔وہ سب لوگ دیکھ رہے ہیں کہ ناصر صاحب شرائط کی کتنی پاسداری کر رہے ہیں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: جب اپنا عقیدہ لکھا ہے تو اس کو ثابت کرنا کیا عیسائیت کا کام ہے میری جان۔ آپ کو ہی ثابت کرنا ہے۔ اب آپ اپنا لکھا ہوا عقیدہ ثابت کرنے سے قاصر ہیں ۔ چلیں لکھ دیں میں ثابت نہیں کر سکتا پھر شیعہ عقیدے پر گفتگو کرتے ہیں

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: یہ آفر بھی دے چکا ہوں۔ میرا عقیدہ میرا دعوی سمجھ کر ناصر صاحب کو جواب دعوی لکھنے کا کہیں۔ جب وہ انکار ہی نہیں کریں گے تو مجھے کیا پتہ کس نکتے کو ثابت کرنا ہے۔ جواب دعوی لکھوائیں۔۔۔ میں آج ہی فارغ ہو کر اپنا عقیدہ دلائل سے ثابت کرنا شروع کرتا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: اختلافی نکات آپ نے لکھے ہیں۔ ان کو بھی ثابت کرنا ہو گا ون بائے ون لکھنے سے ثابت ہو گیا۔
آپ کی قیاس یا آپ کی تاویلات حجت نہیں ہو گی جید علماء کے اقوال سے، میں گفتگو کو جتنا ختم کروا رہا ہوں آپ ضد پر اڑے ہوئے ہیں۔

جعفر صادق: میں یہاں اقوال علماء سے عقیدا تھوڑی ثابت کروں گا اور نہ ہی اقوال علماء سے عقائد ثابت کئے جاتے ہیں اور نہ اقوال علماء سے عقائد کو رد کیا جاتا ہے۔
قرآن وسنت صحیح روایات

بخش حسین حیدری شیعہ: جواب دعویٰ بعد میں لکھیں گے پہلے عقیدہ تو ثابت ہو اور یہ آفر دین میں نہیں چلتی۔ آپ کو شاید لکھنے سے نہیں سمجھ آ رہا تو کال پر آئیں سمجھاتا ہوں۔

جعفر صادق: اففف۔۔۔ ناصر صاحب سے ان اختلافی نکات کا انکار تو لکھوائیں۔ ان کے مؤقف کا مجھے کیا پتہ۔۔۔ میں محنت بھی کروں اور آخر میں وہ کہے کہ مجھے تو اختلاف ہی نہیں تھا۔ میرے ساتھ کئی بار ایسا ہو چکا ہے۔ معذرت کے ساتھ۔ کال پر ابھی نہیں آ سکتا۔ ڈیوٹی پر ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: آپ ثابت کریں عقیدہ اور بعد میں ااس کے عقیدہ پر گفتگو کریں دعویٰ اور جواب دعویٰ۔ اس نے آپ کو آپ کے عقیدہ پر پکڑا ہوا ہے آپ ثابت کریں۔ آپ عقیدہ ثابت کریں وہ جواب دعویٰ لکھتے ہیں۔

جعفر صادق: ون باء ون ان نکات پر شیعہ مؤقف لکھنے سے کونسی قیامت آ جائے گی۔ میں نے بھی تو صاف صاف لکھ دیا ہے۔ شیعہ عقیدہ تقیہ میں ایسا کیا ہے جسے چھپایا جا رہا ہو۔
یا کہہ دیں کہ میں نے شیعہ عقیدہ تقیہ کے خلاف غلط بیانی کی ہے۔ آپ لوگ تقیہ کے متعلق ان ساتوں نکات سے متفق نہیں ہو۔ پھر سنی و شیعہ کے ہاں اختلاف کیا رہا؟ گفتگو کن نکات پر ہو؟

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

ٹھیک ہو گیا۔ شام تک جواب دعوی لکھوائیں۔ میرا عقیدہ ہی میرا دعوی ہے۔*

بخش حسین حیدری شیعہ: پھر گفتگو کا رخ تبدیل ہو جائے گا لھذا پہلے عقیدہ ثابت کریں بعد میں لکھوادیں گے جواب دعویٰ۔

جعفر صادق: ناصر صاحب عقیدے کا انکار کرے گا تو ثابت کروں گا نہ میری جان۔ مجھے کیا پتہ بتائے گئے مکمل عقیدے کے کس حصے سے متفق ہیں اور کس حصے سے انہیں اختلاف ہے؟
ثابت کونسا نکتہ کروں؟ پہلی بار گفتگو کر رہے ہیں کیا؟

بخش حسین حیدری شیعہ: اب جو آپ نے دعویٰ لکھا وہ ختم ہو گیا اب رہ گیا عقیدہ اس پر تنقیح کرے گا اور آپ جواب عنایت فرمائیں۔

جعفر صادق: میں ہر آپشن دے چکا۔ میرا دعوی تو مختصر ہے۔ عقیدہ تو تفصیل سے لکھا ہے۔ اس پر ناصر صاحب کا موقف *جواب دعوی* کی شکل میں لکھوائیں۔ میں اس جواب دعوی کی روشنی میں اپنا عقیدہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں۔ بس؟ اور کیا چاہیئے آپ کو؟؟
میں اب مصروف ہوں۔ بعد میں حاضر ہو تا ہوں۔

بخش حسین حیدری شیعہ: وہ لکھیں گے اب آپ کا دعویٰ ختم ہوا اور عقیدہ پر جواب دیں اس کو، خیر سے جائیں اور واپس آئیں اچھی گفتگو کی توقع ہے۔

جعفر صادق: شکریہ۔ میں کہیں جا نہیں رہا۔ ڈیوٹی پر ہی ہوں۔ تقیہ پر اہل سنت کا عقیدہ بھی لکھ دیا۔ اہل سنت کی طرف سے دعوی بھی لکھ دیا۔ آج چوتھا دن ہے۔
ابھی تک تقیہ پر عوام کو علم نہیں ہو سکا کہ آخر اہل تشیع کا موقف کیا ہے۔ کن نکات پر اہل سنت سے اختلاف ہے۔
نہ عقیدہ اور نہ ہی جواب دعوی۔
اوپر سے بغیر کسی انکار اور جواب دعوی کے علماء اہل سنت کی عبارات سے اعتراضات کی بھرمار۔۔
اللہ کا واسطہ۔۔۔ کم از کم عوام کو یہی بتا دیں کہ * اہل سنت شیعہ کے خلاف غلط پروپیگنڈہ کرتے ہیں اور ہمارے نزدیک تقیہ کوئی افضل عبادت نہیں ہے بلکہ مجبور کو دی گئی رخصت ہے۔ تقیہ کوئی نیکی نہیں ہے۔ تقیہ ہمارے نزدیک اصل دین بھی نہیں ہے۔ خاص و عام سب تقیہ کر سکتے ہیں۔*

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

یقین کریں اس سے بھی میرے عقیدے کا انکار ہو جاتا ہے اور آپ لوگوں کا *جواب دعوی* بن جاتا ہے۔ پھر آگے میرا کام ہے اپنا عقیدہ کس طرح ثابت کرتا ہوں۔

جعفر صادق:




اس پر خاص توجہ کی گذارش کرتا ہوں۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): میرے خیال سے گروپ والوں کا وقت بے جا ضائع ہو رہا ہے۔ موصوف فرما رہے ہیں: (سب سے بہتر عمل مصلحت نہیں ہوتی) یعنی یہ مان گئے ہیں کہ تقیہ میں مصلحت ہے اور جس میں مصلحت ہو وہ باعث ندامت و شرمندگی نہیں ہے۔ اگر پھر بھی نادم و شرمندہ ہو تو یہ کیسا مسلمان ہے کہ شریعت کچھ کہے، اسکا دل کچھ اور کہے۔ دوسری بات کہ جب کم درجہ کا عمل مصلحت رکھتا ہے تو سب سے بہتر عمل بدرجہ اولی مصلحت رکھتا ہے۔ ناانکا دعویٰ درست ہے نا اصطلاحات کا انکو علم ہے۔ النہایہ ابن اثیر سے بھی ثابت کر چکا ہوں کہ تقیہ اور نفاق میں ضدین کی نسبت ہے۔ دونوں ایک ساتھ جمع نہیں ہوسکتے۔

کیونکہ تقیہ دل میں ایمان اور زبان پر کفر کا نام ہے۔ نفاق دل میں کفر اور زبان پر اسلام کا نام ہے۔ انکا دعویٰ یہ تھا کہ تقیہ خاص کے لئے نہیں ہے نبی امام وغیرہ کے لئے۔ جب میں نے دکھایا کہ امام کے لئے جائز ہے تو انہوں نے کہا کہ آپ کی امامت اور ہماری امامت میں فرق ہے۔ یعنی شروع سے ہی دعویٰ مبہم تھا بعد میں تاویلات پر آگئے ڈاکٹر صاحب۔ پہلے ڈاکٹر صاحب دعویٰ اپنا درست کر لیں، درمیان مکالمہ دعویٰ درست نہیں کیا جاتا۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جعفر صادق: آپ کی اس بات سے میں بھی متفق ہوں کہ گروپ والوں کا وقت ضایع ہو رہا ہے کیونکہ آپ نے قسم کھائی ہوئی ہے کہ شیعہ کا *عقیدہ تقیہ* اور سُنی و شیعہ کا اس پر اختلاف کھل کر بتانا نہیں ہے اور نہ زیر بحث لانا ہے۔

کل تو آپ نے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ آپ اہل *تشیع نکتہ نظر پہنچانے کے لئے نہیں آئے* آگے یہ کہا کہ میری باتوں کے جواب دینے کے لئے موجود ہیں۔ جبکہ دونوں ہی باتیں درست نہیں ہیں۔




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

جب آپ کو تقیہ پر شیعہ نکتہ نظر بتانا ہی نہیں ہے تو واقعی وقت ضایع نہ کیا جائے۔ رہی بات میری باتوں کے جوابات کی تو پہلے دن سے آج تک میری کس بات کا آپ نے جواب دیا ہے؟ میں نے *شیعہ کا عقیدہ تقیہ* پوچھا تو آپ نے *تعریف* لکھ دی۔ میں نے اختلافی نکات لکھ دئے تو آپ نے ان پر اقرار یا انکار تک نہیں کیا۔

بیشک تقیہ میں مصلحت ہے اور وہ ہے جان بچانا۔

خنزیر کھانے میں بھی مصلحت ہے تاکہ بھوک سے موت نہ آجائے۔

سوال 1: کیا ایک مؤمن خنزیر کھا کر خوشی اور فخر کرے گا؟ شیعہ کے ہاں مردار، خنزیر حرام ہے یا اصل دین و ایمان؟

سوال 2: تقیہ بھی ایک رخصت ہے تاکہ کمزور کی جان بچ سکے۔ لیکن تقیہ نہ کرنے والا افضل ہو گا کہ نہیں؟

سوال 3: بقول اہل تشیع تقیہ ہی اصل دین و ایمان ہے تو مطلب مشکلات میں تقیہ نہ کر کے جان دینے والا حرام موت مر گیا؟

مجھے اصطلاحات کا بخوبی علم ہے۔

مصلحت ☜ سب سے بہترین عمل ہر گز نہیں ہے۔

https://www.urduinc.com/english-dictionary/مصلحت-meaning-in-urdu

اگر کہیں حادثہ ہو جائے اور کئی معصوم جانیں ضایع ہوں تو یہی کہا جاتا ہے کہ اس میں اللہ کی کوئی مصلحت ہو گی۔ *نقصان اور فائدہ* دونوں کی موجودگی میں ہی مصلحت کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ کیا نماز، روزہ اور دیگر عبادات کے لئے مصلحت کا لفظ استعمال کر سکتے ہیں؟ مصلحت جسے حکمت بھی کہہ سکتے ہیں۔ اللہ عزوجل کے ہر کام میں کوئی نہ کوئی مصلحت ہوتی ہے یعنی ان کاموں میں کسی کا فائیدہ اور کسی کا نقصان ہوتا ہے۔ بارش، گرمی، سردی، مشکلاتیں، کامیابیاں سب میں اللہ کی مصلحتیں ہوتی ہیں۔

ایک ہوتا ہے حکم جس کی بجاآوری ہمارے لئے لازم ہے۔ ہر مؤمن پر فرض اور واجب ہے۔ ایک ہوتی ہی رخصت جس پر عمل کرنا نہ کرنا ہماری صوابدید پر ہے۔ تقیہ میں جان بچانا مصلحت ہے لیکن لازم نہیں ہے کہ اس سے جان بچائی جائے بلکہ اس مصلحت پر عمل نہ کرنا بہترین عمل ہے۔ تقیہ اگر ہر مؤمن کے لئے فرض واجب ہے، اصل دین و ایمان ہے تو اقرار کریں، اگر نہیں تو مان لیں کہ تقیہ ایسی مصلحت ہے جس پر ایک مؤمن ہمیشہ نادم رہے گا کیونکہ دوران تقیہ اس کی زبان ناپاک ہوتی رہی۔ یہ ایمان کی باتیں ہیں اس لئے آپ کو سمجھ نہیں آرہی۔ بیشک تقیہ مجبور و بے بس کے لئے ایک آپشن ہے، چاہے تو عمل کرے چاہے تو نہ کرے۔

*تقیہ اور نفاق* میں اوپر اس نکتہ کو کلیئر کر چکا ہوں۔

اہل تشیع کے عقائد اہل سنت کے نزدیک کفر ہیں۔ تقیہ کرتے وقت ان عقائد کو دل میں چھپا کر زبان پر اہل سنت کی تائید کی جاتی ہے۔

دل میں کفریہ عقائد زبان پر ایمان کا اظہار ☜ یہی منافقت ہے۔

کچھ علمائے اہل سنت کے نزدیک اہل تشیع کا تقیہ منافقت سے بھی بدتر ہے کیونکہ منافق تو جانتا ہے کہ اس کے دل میں ایمان نہیں ہے صرف زبانی اقرار کر رہا ہے، لیکن شیعہ تو جسے چھپا رہا ہے اسے ہی اصل ایمان سمجھتا ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

میرا دعوی تھا نہیں بلکہ اب بھی ہے کہ * تقیہ خاص کے لئے رخصت ہرگز نہیں ہے۔ * آپ نے ایک عالم سے قول دکھا کر امام کے لئے تقیہ جائز ہونا دکھایا ہے۔ شروع گفتگو سے اس وقت تک آپ نے مدعی نہ ہوتے ہوئے بھی تین دلائل دئے ہیں۔

1: امام ابو حنیفہ کا تقیہ ☜ اس واقعہ کا مکمل حوالا اور اسکین رکھیں تاکہ عوام تک اصل حقیقت پہنچ سکے۔

2: علامہ سرخسی نے رافضیوں پر لعنت کرتے ہوئے انبیائے کرام کے تقیہ کی نفی بیان کی ہے۔ کیا آپ ان کے اس مؤقف سے متفق ہیں؟

3: قاضی ابو یعلی نے امام کے لئے تقیہ کی رخصت کا اقرار کیا ہے تو وضاحت کریں کہ اس سے مراد اہل تشیع کے عقائد کے مطابق امام معصوم مراد ہے؟

علی ناصر (شیعہ مناظر): یہ انسان مسلسل شریعت مقدسہ کا مذاق اڑا رہا ہے اور شریعت کی توہین کر رہا ہے۔ بالفرض ممتاز قریشی اگر ایک جنگل میں راستہ بھٹک جائیں اور بھوک اس قدر ہو کہ جان نکلنے والی ہے اور اچانک ان کو سور دکھائی دے تو عقل یہی فیصلہ کریگی کہ ممتاز قریشی افضل مخلوق ہیں اور افضل کو مفضول پر مقدم کرنا چاہیے اور شریعت بھی اسکی اجازت دیتی ہے اور بالفرض ممتاز قریشی نے اسے کھالیا اور انکی انکی جان بچ گئی تو وہ اللہ کا شکر ادا کرینگے کہ تو نے اپنی دین میں اتنی آسانی رکھی ہے سختی نہیں رکھی ہے۔ اسکے بعد اگر ممتاز قریشی سچے مسلمان ہونگے اور اس بات کا عقیدہ رکھتے ہونگے کہ شریعت نے اجازت دی ہے تو اس میں مصلحۃ ہوگی مفسدہ نہیں ہو گا اور جس چیز کو شریعت مصلحت کہے ممتاز قریشی اس پر نادم و شرمندہ نہیں ہونگے۔

دوسرے اور تیسرے جواب کی باری تو تب آئے گی جب آپ اپنا دعویٰ درست کر لیں بقول آپ کے تقیہ جھوٹ اور نفاق ہے۔

جھوٹ تو آپ کا مذہب ہے اور واجب سمجھ کر بولا جاتا ہے (کیونکہ آپکا اعتراض ہے کہ تقیہ جھوٹ ہے)۔

جب آپ کے مذہب میں جھوٹ کی رخصت ہے اور بعض دفع واجب ہے پھر تقیہ سے آپ کو کیا مسئلہ ہے جس کا مقصد جان مال حرمت کو بچانے کے لئے ایمان کو پوشیدہ رکھنا ہے۔ اگر تقیہ باعث ندامت و شرمندگی ہے تو آپ کے علماء امام محدثین اور معاذاللہ صحابہ نے یہ ندامت یہ جانتے ہوئے اٹھائی کہ اسکا ترک کرنا بہتر ہے (آپ کے بقول)۔ اسکے بعد آپکا عقیدہ رسول اللہ ص کے مطابق کیا ہو گا جنہوں نے جناب عمار کو اسکی اجازت دی اور کہا دوبارہ ایسا ہو تو پھر سے تقیہ کرنا۔ یعنی اللہ کا رسول خود اپنی امت کو مشورہ دے رہا ہے کہ تقیہ کرو جبکہ اسکا ترک کرنا افضل ہے۔ اسکے بعد اللہ بھی جناب عمار کی تائید میں آیت نازل کر رہا ہے۔

اسکے بعد آپ کہیں گے کہ یہ وہ والا تقیہ نہیں تھا جو شیعوں کا ہے جب کہ میں نے تقیہ کا تعارف کرادیا ہے تعریف کر کے، کہ ہمارے یہاں تقیہ کسے کہتے ہیں۔ ہمارے نزدیک تقیہ یہ ہے کہ مخالفوں کے سامنے کسی دنیوی یا دینی نقصان سے بچنے کی خاطر حق اور حق پر اعتقاد رکھنے کو چھپانے کا نام تقیہ ہے۔ جناب عمارع کا تقیہ وہی تھا جو ہمارے ہاں ہے۔

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

## شیعہ و سنی کے مابین وہ سات نکات جن پر شیعہ اقرار یا انکار کرنے سے گھبراتے ہیں!

جعفر صادق: شیعہ تقیہ کے اصل حقائق عوام کے سامنے رکھنا شریعت مقدسہ کی توہین ہرگز نہیں ہے۔ آپ کھل کر اقرار یا انکار کریں کہ

سوال 1: اہل تشیع کے ہاں تقیہ محبوب ترین عبادت ہے کہ نہیں؟

سوال 2: اہل تشیع کے ہاں تقیہ صریح جھوٹ و منافقت نہیں ہے تو کیا تقیہ کرتے وقت شیعہ سچ بولتے ہیں؟

سوال 3: کیا اہل تشیع کے نزدیک تقیہ صبر نہیں ہے؟ اور تقیہ باز کو دہرا اجر نہیں دیا جائے گا؟

سوال 4: کیا اہل تشیع کے ہاں تقیہ نہ کرنے والا تقوی و ایمان کے اعلی درجہ پر ہو گا یا جس نے تقیہ نہیں کیا تو اس کا ایمان ہی نہیں ہے؟

سوال 5: اہل تشیع کے ہاں تقیہ نہ کرنا نیکی ہے یا تقیہ کرنا نیکی ہے؟

سوال 6: اہل تشیع کے ہاں تقیہ صرف سخت ضرورت میں مجبور کو دی گئی رخصت ہے یا جب جس کا دل چاہے تقیہ سے فیض اٹھا سکتا ہے؟

سوال 7: اہل تشیع کے ہاں تقیہ صرف عام کے لئے ہے یا خاص کے لئے بھی جائز ہے؟

### تقیہ پر اہل سنت و اہل تشیع نظریہ

| اہل سنت | اہل تشیع |
|---|---|
| 1: تقیہ باعث ملامت و شرمندگی ہے۔ | 1: تقیہ محبوب عبادت ہے۔ |
| 2: تقیہ صریح جھوٹ و منافقت ہے۔ | 2: تقیہ جھوٹ اور منافقت نہیں ہے۔ |
| 3: تقیہ صبر نہیں بلکہ ثابت قدم رہ کر تکالیف برداشت کرنا صبر ہے۔ | 3: تقیہ صبر ہے اور کرنے والے کو دہرا اجر دیا جائے گا۔ |
| 4: تقیہ نہ کرنے والا تقوی و ایمان کے اعلی درجہ پر ہے۔ | 4: تقیہ نہیں تو ایمان نہیں ہے۔ |
| 5: تقیہ نہ کرنا نیکی ہے اور تقیہ کرنا برائی ہے اس لئے بغیر مجبوری جائز نہیں ہے۔ | 5: تقیہ کرنا نیکی اور نہ کرنا برائی ہے۔ |
| 6: تقیہ صرف سخت ضرورت میں مجبور کو دی گئی رخصت ہے۔ | 6: تقیہ جب ضرورت ہو کرنا چاہئے۔ |
| 7: تقیہ صرف عام کے لئے ہے خاص کے لئے جائز نہیں ہے۔ | 7: تقیہ خاص و عام دونوں کے لئے جائز ہے۔ |

جہاں تک جنگل میں بھوک کی شدت سے مجبور ہو کر سور کھانے کا معاملہ ہے تو الحمد للہ *میں مر جانا پسند کروں گا لیکن ایسی زندگی قبول نہیں کروں گا جو حرام کھانے سے حاصل ہو۔ شریعت نے رخصت دی ہے پابند نہیں کیا۔ میرے نزدیک ایسی موت شہادت

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

کی موت ہے۔ جو کام میرے سرکار صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے لئے جائز نہیں، اس کے بارے میں سوچنا بھی میرے لئے ممکن نہیں ہے۔ اللہ تعالی ہمیں سیرت نبوی پر عمل کرنے کی توفیق دے آمین۔

البتہ آپ میری جگہ شوق سے سور کھائیں گے کیونکہ * اہل تشیع کے ہاں اس قسم کی رخصت کو محبوب ترین عبادت، اصل دین و ایمان اور نیکی کا درجہ حاصل ہے * بلکہ سور کھا کر آپ صابرین میں شامل ہو جائیں گے اور دہرا اجر بھی ملے گا! دین نہ ہوا مذاق ہو گیا !

خیر۔۔۔ ذاتیات سے باہر نکلیں اور اپنے مسلک کے عقیدے پر گفتگو کریں تا کہ حق و باطل ظاہر ہو جائے۔

اگر میرا دعوی درست نہیں تو آپ درست کر کے لکھ دیں، * وہی تو آپ کا **جواب دعوی** ہو گا۔ *

جھوٹ کس کا مذہب ہے؟ ہماری چار دن سے کی گئی گفتگو پڑھ کر قارئین سمجھ سکتے ہیں۔

**تقیہ ندامت و شرمندگی نہیں تو ذرا حضرت عمار بن یاسر کی کیفیت پر بھی روشنی ڈالیں جب وہ نبی کریم کے پاس آئے تھے تو کیا وہ خوش تھے کہ کوئی بڑا کام کر کے آئے ہیں؟ فخر کر رہے تھے؟ نبی کریم نے انہیں خوش ہو کر مبارک باد دی تھی؟ ان کے عمل کو اصل دین و ایمان قرار دیا تھا؟**

نبی کریم نے دوبارہ * **اسی صورتحال** * میں اجازت دی تھی یا حکم دیا کہ جب دل چاہے ایسا بولتے رہنا کیونکہ زیادہ سے زیادہ ثواب ملتا رہے گا؟

کیوں عوام کو گمراہ کرتے ہیں۔ ہر کسی کو اپنی قبر میں جانا ہے۔ ایک عام فہم بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب کوئی * حقیقت * چھپانی ہو تو * جھوٹ * بولے بغیر ممکن ہی نہیں ہے۔ * **حقائق کے خلاف بولنا جھوٹ ہی کہلاتا ہے۔** حقائق کے مطابق بولنا سچ کہلاتا ہے۔ *

* سورہ النحل: آیت 106 *

*مَنۡ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ اِيۡمَانِهٖۤ اِلَّا مَنۡ اُكۡرِهَ وَ قَلۡبُهٗ مُطۡمَئِنٌّۢ بِالۡاِيۡمَانِ وَ لٰكِنۡ مَّنۡ شَرَحَ بِالۡكُفۡرِ صَدۡرًا فَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۰۶﴾*

* ترجمہ: جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ سے کفر کرے بجز اس کے جس پر جبر کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو (۱) مگر جو لوگ کھلے دل سے کفر کریں تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور انہی کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔ *

**اہل تشیع کے ہاں تقیہ رخصت کا درجہ نہیں رکھتا بلکہ شیعہ تو اس آیت کے دوسرے حصے کے مصداق ہیں کیونکہ دل کھول کر تقیہ کرتے ہیں اور شرم تو بالکل بھی نہیں آتی۔**

## * شیعوں کا عقیدہ تقیہ: دو جیّد شیعہ علماء کی نظر میں *

بیسویں صدی کے شیعہ جیّد عالم: امام خمینی (کشف الاسرار صفحہ 128)

تقیہ کے معنی یہ ہیں کہ انسان کسی حقیقت کے خلاف کچھ کہے یا قوانین شریعت کے خلاف عمل کرے۔

چوتھی صدی کا شیعہ جیّد عالم: شیخ مفید (تصحیح الاعتقاد صفحہ 137)

تقیہ: حق کو چھپانا اور اعتقاد پر پردہ ڈالنا، مخالفین سے چھپانا، اور اس انداز میں اپنے مذہب کا اظہار ترک کرنا جس کے انجام کار دنیا یا آخرت میں کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔




SUNNI 313
WWW.SUNNILIBRARY.COM

## فصل: في التقيّة

قال أبو جعفر: باب التقيّة ... إلى آخره (١).

قال الشّيخ المفيد: التقيّة: كتمان الحق وستر الاعتقاد فيه ومكاتمة المخالفين وترك مظاهرتهم بما يعقب ضرراً في الدّين أو (٢) الدّنيا (٣)، وفرض ذلك إذا علم بالضّرورة أو قوي في الظّنّ، فمتى لم يعلم ضرراً بإظهار الحقّ ولا قوي في الظّنّ ذلك لم يجب فرض التّقيّة.

وقد أمر الصّادقون ـ عليهم السّلام ـ جماعة من أشياعهم بالكفّ (٤) والإمساك عن إظهار الحقّ، والمباطنة والسّتر له عن أعداء الدّين، والمظاهرة لهم بما يُزيل الرّيب عنهم (٥) في خلافهم. وكان ذلك هو الأصلح لهم، وأمروا طائفة أُخرى من شيعتهم بمكالمة الخصوم ومظاهرتهم ودعائهم إلى الحقّ، لعلمهم بأنّه لا ضرر عليهم في ذلك، فالتّقيّة تجب بحسب ما ذكرناه، ويسقط فرضها في مواضع أُخرى ـ على ما قدّمناه ـ وأبو جعفر أجمل القول في هذا (٦) ولم يفصّله ـ على ما بيّناه ـ وقضى بما أطلقه فيه من غير تقيّة على نفسه لتضييع الغرض في التّقيّة، وحكم

(١) الاعتقادات ص ١٠٧.
(٢) في بقيّة النّسخ: و.
(٣) أنظر «أوائل المقالات ـ ص ٤٩٦». ج.
(٤) «ق»: بالكتم.
(٥) «ح» «ش»: منهم.
(٦) في المطبوعة: ذلك.

تقیہ: حق کو چھپانا اور اعتقاد پر پردہ ڈالنا، مخالفین سے چھپانا، اور اس انداز میں اپنے مذہب کا اظہار ترک کرنا جس کے انجام کار دنیا یا آخرت میں کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

«۱۲۸»




...علومات سر شار وخرد بی‌پایان گاهی کارهای خدائی‌را معین‌میکنید
...شوید وگاهی شغل پیمبری‌را معین میکنید و پیغمبر تراش میشوید
...که پا از گلیم خود درازنکرده بیخود مارا بزحمت نمیانداختید .
...ار تقیه   این بیخردان بعادت همیشه دست وپائی کرده ازهر گوشه
...ان‌خورده فهمیده ونفهمیده برخ دینداران میکشند ازاینجهت‌دست
...سخن گم کرده وازاین شاخه بآن شاخه بریده مراعات تناسب و
...را نمیکنند ازاینرو پای‌اخبار تقیه‌را پیش کشیده میگوید (زراره
...ی پرسیدم جوابی‌داد ودیگری‌آمد وهمان‌را پرسید جوابدیگری
داد وباز دیگری‌آمد وهمان‌را پرسید جواب دیگری داد گفتم درجواب سه‌نفر از
شیعیان که‌یك‌چیز پرسیدند سه‌جواب دادید گفت برای‌آنستکه اختلاف بین‌آنها‌افتد
وشناخته‌نشوند‌پس‌از آن‌میگوید‌اگر‌این‌احادیث‌هم‌صحیح‌باشد‌دیگر چه‌عرض کنم)
مانمیدانیم اینها چطور ازحکم خرد یکبار دور افتاده وهرچه پیش‌قلمشان
می‌آید مینگارند هرچه میخواهد ازکار درآید وگرنه روابودن بلکه واجب‌بودن
تقیه ازروشنترین احکام عقلست معنی تقیه‌آنستکه انسان حکمی‌را برخلاف‌واقع
بگوید یاعملی برخلاف میزان شریعت‌بکند برای حفظ کردن خون یاناموس‌یامال
خود یادیگری مثلا وضوء بحسب حکم خدا واجبست از مرفق آب بریزند و پارا
باید مسح بکشند بعضی سنیان‌را رأی‌اینست که باید ازسر انگشتان تامرفق بعکس
بشویند وپارا نیز باید شستشو دهند دراینصورت یکنفر میخواهد وضوء بگیرد در
بلاد سنیان اگر مثل‌شیعیان وضوء بگیرد جان‌خود یامسلم دیگر درخطر است در
اینجا حکم خدا اینست که باید مثل‌آنان وضوء بگیرد وخودرا درخطر نیندازد و
این حکم مطابقست باحکم قطعی خرد هیچ‌عقلی نمی گوید دراینصورت وضوء‌را
مثل شیعیان بگیرد گرچه جان خود یامسلمان دیگر درخطر باشد درزمان ائمه
دین هر کس‌ازتاریخ مطلعست میداند که زمانی بوده که‌برای امامان وشیعیان‌آنها

تقیہ کے معنی یہ ہیں کہ انسان کسی حقیقت کے خلاف
کچھ کہے یا قوانین شریعت کے خلاف عمل کرے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

غور کریں! شیخ مفید کے مطابق مخالفین سے کسی خطرے کے پیش نظر اپنے عقائد چھپانا تقیہ ہے۔ مخالفین یعنی اہل سنت کیونکہ شیعہ اہل سنت کو ہی اپنا مخالف تصور کرتے ہیں۔ سادہ الفاظ میں اہل سنت عقائد کا اظہار اور شیعہ عقائد کا اخفاء (جسے وہ حق سمجھتے ہیں) تقیہ ہے۔

☜ اپنے قول و عمل سے واقعہ یا حقیقت کے خلاف یا اپنے عقیدہ و ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا اور اس طرح دوسروں کو دھوکہ اور فریب میں مبتلا کرنا ہی تقیہ ہے۔

**استدلال:**

زمانہ قدیم اور زمانہ جدید کے دو شیعہ جیّد علماء کرام کے مطابق تقیہ باز کا قول و فعل حقیقت کے خلاف ہوتا ہے۔ حقیقت کے خلاف جو بھی کہا جائے یا کیا جائے، وہ جھوٹ کہلاتا ہے۔

جھوٹ قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق ایک برائی بلکہ گناہ کبیرہ ہے۔

◆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ

مومنو! تم ایسی باتیں کیوں کہا کرتے ہو جو کیا نہیں کرتے۔

◆ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ

خدا اس بات سے سخت بیزار ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔ (سورت صف 2،3)

◆ اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ

جھوٹ افتراء تو وہی لوگ کیا کرتے ہیں جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اور وہی جھوٹے ہیں۔ (سورت النحل 105)

میں نے دو جیّد علماء کرام سے تقیہ کی تعریف دکھادی ہے۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا تقیہ ہرگز ہرگز * اہل تشیع والا تقیہ * نہیں تھا۔ کیا شیعہ تقیہ کرکے کبھی دُکھی ہوئے ہیں؟ کبھی ضمیر نے ملامت کیا ہے؟ شیعہ کے ہاں تو اصل دین و ایمان ہی تقیہ ہے! لاحول ولا قوت۔

آپ سے ہر بار کئی کئی سوالات کئے جارہے ہیں۔ کوشش کریں۔ علمی انداز سے رد کریں۔ تقیہ پر شیعہ عقیدہ اور اختلافی نکات پر دوٹوک مؤقف بھی لکھیں تاکہ مجھے دلائل دینے میں آسانی ہو۔

**بخش حسین حیدری شیعہ:** آپ یہ شرم وغیرہ کے لفظ استعمال مت کریں پھر سامنے والا حریف بھی ایسی گفتگو کرے گا اور تسلسل ختم ہو جائے گا۔

## علی ناصر شیعہ کی طرف سے ترجمے میں خیانت اور موضوع سے بھاگنے کی بھونڈی کوشش

**علی ناصر (شیعہ مناظر):** تقیہ آنستکہ انسان حکمی را بر خلاف واقع بگوید یا عملی بر خلاف میزان شریعت بکند برائ حفظ کردن خون یا ناموس یا مال خود یا دیگری

تقیہ یہ ہے کہ انسان حکم کے خلاف کچھ کہے یا قوانین شریعت کے خلاف عمل کرے اپنی جان بچانے کے لئے یا ناموس و عزت بچانے کے لئے یا اپنے اور دوسرے کو مال کو بچانے کے لئے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!




یہ ہے مکمل تعریف اسکے بعد خمینی نے مثال دی ہے۔ آدھی عبارت کیوں دی؟

بڑے مزے لے لے کر حنفی ماں بہن سے نکاح کرتے ہیں کیونکہ انکے یہاں حد نہیں اس پر اور کوئی حالت مجبوری نہیں ہوتی انکی جب دل چاہے۔ تقیہ حالت خوف میں ہے اپنی جان عزت اور مال بچانے کے لئے۔

آپ کی طوالانی عبارت پر 2 سوال:

ا. آیت حضرت عمار کی شان میں نازل ہوئی یا مذمت میں ؟

2: رسول نے انکو منع کیا یا دوبارہ کرنے کا حکم دیا؟

جعفر صادق: @بخش حسین: گر ناصر صاحب کی ذات پر حملہ کرتا تو ضرور معذرت بھی کرتا۔ گفتگو اس وقت دو نکات کو کلیئر کرنے کے متعلق ہے۔

1: تقیہ کرنے والا جھوٹ بول کر تقیہ کرتا ہے یا سچ بول کر۔

2: تقیہ کرنے کے بعد شرمندگی ہوتی ہے، دُکھ ہوتا ہے یا اسے افضل عبادت سمجھ کر خوشی سے جھومنا چاہئے۔

میرا جواب دوبارہ پڑھیں۔ میں نے *جیّد شیعہ علماء کی بیان شدہ تعریف* سے تقیہ کا صریح جھوٹ ہونا دکھا کر سورت النحل آیت 106 کو بھی پیش کیا ہے۔ *حضرت عمار نے تقیہ بول کر جان تو بچا لی لیکن وہ نادم اور دُکھی ہو کر نبی کریم کے پاس آئے تھے۔ جبکہ اہل تشیع تقیہ کرتے وقت نہ شرم محسوس کرتے ہیں اور نہ دُکھی ہوتے ہیں۔ *

ایک طرف حضرت عمار کا تقیہ دوسری طرف اہل تشیع کا تقیہ! فرق سب کے سامنے ہے۔

اگر میں غلط ہوں تو نشاندھی کر دیں۔

@ناصر صاحب۔۔ مجھے تقیہ کی تعریف ہی دکھانی تھی، پورا پیج دکھانے کی ضرورت آپ کو ہونی چاہئے۔

☜ میرے بیان کئے گئے سات نکات کو غلط ثابت کر سکتے ہیں تو کوشش کریں۔

دوسری بات آپ نے تقیہ کی تعریف کا ترجمہ نامکمل کیوں لکھا ہے، ان الفاظ کا ترجمہ کیوں نہیں کیا؟ *برخلاف واقع گوید*۔ میرے کئے گئے ترجمے کو ہی پڑھ لیتے۔ میرا استدلال ہی ان الفاظ پر ہے، لیکن وہ الفاظ آپ کو ہضم نہیں ہو رہے اس لئے عوام سے چھپانا مقصود ہے۔

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

*** حقیقت کے خلاف بولنا ہی تقیہ ہے۔ سچ کا تقیہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ***

آپ ویسے تو تمام شرائط کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو چکے ہیں، پھر بھی قارئین ***شرط نمبر 3*** کو دیکھ کر ناصر صاحب کا یہ جواب بھی پڑھیں۔




جب آپ کا دل چاہے مجھ سے الگ اہل سنت پر کئے گئے اعتراض پر گفتگو کر لیجئے گا۔ میں نہ صرف دفاع کروں گا بلکہ اہل تشیع کے ہاں اللہ عزوجل، انبیائے کرام اور اپنے ہی ائمہ اہل بیت کے متعلق جو صحیح روایات میں غلاظت بھری ہوئی ہیں انہیں بھی آشکار کروں گا۔ ان شاء اللہ۔

✔ اس وقت تقیہ پر اہل تشیع عقیدے کا علمی انداز سے دفاع کریں تو وہ آپ کے لئے مناسب ہو گا۔




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

## *ناصر صاحب کے دو سوال*

### سوال 1: آیت حضرت عمار کی شان میں نازل ہوئی یا مذمت میں؟

***جواب:*** یہ آیت ایک افسوس ناک واقعے کے پس منظر میں نازل ہوئی، تمام سُنی و شیعہ مفسرین نے اس آیت کے ذیل میں یہ واقعہ بیان کیا ہے۔ اس میں مجبور کو دی گئی رخصت اس کی شان کیسے ہوگئی؟ بلکہ دل کھول کر کفر بولنے والوں کی مذمت ضرور بیان ہوئی ہے۔

### * اہل سنت کی تفسیر مظہری *

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ آیت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ مشرکین نے انھیں، ان کے والد یاسر، والدہ سمیہ اور صہیب، بلال، سالم اور خباب رضی اللہ عنہم کو پکڑ لیا تھا۔ وہ انھیں شدید عذاب میں مبتلا کرتے تھے۔ سمیہ رضی اللہ عنہا کو تو دو اونٹوں کے درمیان باندھ دیا گیا اور ان کی شرمگاہ میں نیزہ مارا گیا اور ظالموں نے کہا: تونے صرف مردوں کے لیے اسلام قبول کیا۔ انھیں اور ان کے خاوند کو شہید کر دیا گیا۔ یہ دونوں اسلام کے پہلے شہید تھے۔ عمار رضی اللہ عنہ نے بے بس ہو کر ان کی پسند کے مطابق نازیبا کلمات کہہ دیے تھے حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی گئی کہ عمار کافر ہو چکے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ عمار رضی اللہ عنہ تو سر کے بالوں سے لے کر پیروں تک ایمان سے بھرے ہوئے ہیں۔ ایمان ان کے گوشت اور خون میں حل ہو چکا ہے۔''

* عمار رضی اللہ عنہ روتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ * رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے آنسو صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے: ''اگر وہ دوبارہ تمھیں مجبور کریں تو پھر وہی کلمات کہہ دینا۔'' اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ ﴾

(تفسیر مظہری، النحل 16:106)



تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

فرمایا ہاں۔ پھر پوچھا گیا کیا مومن بخیل ہوسکتا ہے؟ فرمایا ہاں، پھر پوچھا گیا کیا مومن جھوٹا ہوسکتا ہے؟ فرمایا نہیں۔

میں کہتا ہوں ظاہر یہ ہے کہ احادیث میں مومن مذکور سے مراد نبی کریم ﷺ کے زمانہ کے لوگ ہیں۔ اسی وجہ سے اس بات پر اجماع ہے کہ تمام صحابہ کرام صدوق اور عدول ہیں۔ ان میں سے کسی کی بات پر طعن نہ ہوگا۔ یا اس سے مراد مومن کامل ہے اور وہ صوفی فانی فی اللہ اور باقی باللہ ہے۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

"جس نے کفر کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لانے کے بعد [1] بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا [2] اور اس کا دل مطمئن ہے ایمان کے ساتھ [3] (تو اس سے مواخذہ نہ ہوگا) لیکن وہ (بدنصیب) کھل جائے کفر کے ساتھ (جس کا سینہ) تو ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے [4]"

[1] یہ مبتدا متضمن معنی شرط ہے اور اس کی خبر متضمن جواب محذوف ہے اور وہ فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ہے۔ اس پر مَنْ شَرَحَ کا جواب دلالت کر رہا ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ الذین لا یومنون بایات اللّٰہ سے بدل ہو اور اولئک ھم الکاذبون کا جملہ بدل مبدل منہ کے درمیان جملہ معترضہ ہے، یعنی جو کفر کرتا ہے وہ افتراء باندھتا ہے مگر جسے مجبور کیا گیا ہو۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اولئک مبتدا سے الکاذبون خبر سے بدل ہو تقدیر یوں ہوگی مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ هُمُ الْكَاذِبُوْنَ یا اُولٰٓئِكَ هُمْ مَّنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ یہ بھی ہوسکتا ہے یہ منصوب علی الذم ہو۔

[2] امام بغوی فرماتے ہیں ابن عباس نے فرمایا یہ آیت کریمہ عمار بن یاسر کے حق میں نازل ہوئی۔ مشرکین نے حضرت عمار، آپ کے ماں باپ آپ کی ماں سمیہ، صہیب بلال، خبیب اور سالم کو پکڑ لیا اور انہیں اذیتیں پہنچائیں۔ حضرت سمیہ کو دو اونٹوں کے درمیان باندھا گیا اور ان کے اندام نہانی میں نیزہ مارا گیا۔ پس وہ قتل ہوگئیں پھر ان کے خاوند یاسر کو قتل کیا گیا۔ اسلام میں سب سے پہلے جام شہادت نوش کرنے والے یہ دو خوش نصیب ہیں۔ حضرت عمار نے مجبوراً اپنی زبان سے وہ کہہ دیا جو وہ چاہتے تھے۔ قتادہ فرماتے ہیں بنو مغیرہ نے عمار کو پکڑ لیا اور انہیں بئر میمون میں غوطے دیئے اور کہا تم محمد ﷺ کی نبوت و رسالت کا انکار کردو تو آپ نے بادل نخواستہ ان کی بات مان لی۔ آپ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی گئی کہ عمار تو کافر ہوگیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہرگز نہیں، عمار تو سر سے لے کر قدموں تک ایمان سے لبریز ہے۔ ایمان اس کے گوشت اور خون میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ حضرت عمار ان سے چھٹکارا پا کر روتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ آپ ﷺ نے پوچھا تمہارے پیچھے کیا ہے؟ عرض کی شر ہے۔ پھر اپنا ماجرا عرض کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس وقت تمہارے دل کی کیفیت کیا تھی؟ عرض کی حضور دل تو ایمان سے مطمئن تھا۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے غلام کی اشکبار آنکھوں کو اپنے دست کرم سے پونچھا اور فرمایا اگر وہ دوبارہ تجھے مجبور کریں تو ایسا کہہ دینا کوئی حرج نہیں ہے (جبکہ ایمان سے دل مطمئن ہو) (1)۔ اسی طرح الثعلبی اور واحدی نے ذکر کیا ہے۔ ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کا ارادہ فرمایا تو مشرکین نے حضرت بلال، خبیب اور عمار بن یاسر کو پکڑ لیا۔ حضرت عمار نے

1۔ تفسیر بغوی، جلد 4، صفحہ 96-95 (تجارتیہ)

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

میں دوشیعہ تفاسیر سے بھی یہی حقیقت دکھادیتاہوں۔(اسکینز)



رُبَمَا ۱۴ ۳۶۹ النّحل ۱۶

قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ۝ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ ۗ لِسَانُ الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ۝ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ۝ إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ ۖ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ۝ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ۝ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ۝ أُولٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۖ

۱۰۲۔ کہد یجیے: اسے روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے برحق نازل کیا ہے تاکہ ایمان لانے والوں کو ثابت (قدم) رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت (ثابت) ہو۔☆

۱۰۳۔ اور بتحقیق ہمیں علم ہے کہ یہ لوگ (آپ کے بارے میں) کہتے ہیں: اس شخص کو ایک انسان سکھاتا ہے، حالانکہ جس شخص کی طرف یہ نسبت دیتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ (قرآن) تو واضح عربی زبان ہے۔

۱۰۴۔ جو لوگ اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے، یقیناً اللہ ان کی ہدایت نہیں کرتا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۰۵۔ جھوٹ تو صرف وہی لوگ افترا کرتے ہیں جو اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۱۰۶۔ جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ کا انکار کرے (اس کے لیے سخت عذاب ہے) بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو (تو کوئی حرج نہیں) لیکن جنہوں نے دل کھول کر کفر اختیار کیا ہو تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۱۰۷۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کیا ہے اور اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۰۸۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگادی ہے

مصلحت ختم ہونے پر بعض احکام اٹھائے جاتے ہیں اسے نسخ کہا جاتا ہے۔

۱۰۲۔ ان نادان لوگوں سے کہد یجیے کہ قرآن کسی انسان کا ساختہ نہیں ہے، بلکہ روح القدس (پاکیزہ فرشتے) نے بتدریج نازل کیا ہے۔ یہاں وحی لانے والے فرشتے جبرئیل کا نام نہیں لیا اور اس امکان کو رد کرنے کے لیے کہ اس سے کوئی غلطی اور فریب کاری صادر ہو سکتی ہے، اسے روح الامین بھی کہتے ہیں۔

احکام بتدریج نازل کرنے اور مصالح عباد کے ساتھ احکام کو تبدیل و تنسیخ کرنے سے اہل ایمان کی ثابت قدمی اور ایمان میں پختگی آ جاتی ہے، کیونکہ احکام کو وقت کے تقاضوں کے مطابق کرنے سے انسان مطمئن ہوتا ہے کہ قانون گزار کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اگر ایسا قانون بنائے جو وقت کے تقاضوں کے خلاف ہو تو ایمان میں کمزوری آ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تدریج و تنسیخ سے مسلمان ایک تابناک مستقبل اور ایک عظیم کامیابی کے انتظار میں رہتے ہیں، جو ایک مشن کی کامیابی کے لیے کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔

۱۰۶۔ یہ آیت عمار، صہیب، بلال اور خباب کے بارے میں نازل ہوئی جن کو مکہ میں اذیتیں دی گئیں۔ عمار کے والد یاسر اور والدہ قتل ہو گئے اور عمار نے وہ کچھ کہہ دیا جو کفار ان سے کہلوانا چاہتے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ عمار کافر ہو گیا: یہ سن کر رسول اکرمؐ نے فرمایا: ان عمارا ملیء ایمانا من قرنه الی قدمه و اختلط الایمان بلحمه و دمه۔ یعنی عمار سرتا پا ایمان سے سرشار ہے۔ ایمان اس کے گوشت و خون میں رچا بسا ہوا ہے۔ عمار روتے ہوئے رسول کریمؐ کی خدمت میں آئے تو آپؐ نے فرمایا: ان عادوا لك فعد لهم اگر وہ پھر ایسا کرے تو تو بھی دوبارہ ایسا کہہ دینا۔ (بحار الانوار ۱۹: ۳۵) تنگ نظر مخالفین کی طرف سے نظریے و عقیدے کی آزادی سلب کرنے کی صورت میں تقیہ کی نوبت آتی ہے، ایسے حالات میں اپنے عقیدے پر قائم رہ کر اپنا بچاؤ کرنا ایک انسانی حق ہے۔ عار و ننگ ان لوگوں کے لیے ہے جو دوسروں کو تقیہ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

۱۰۷ تا ۱۰۹۔ تمام قوانین میں بغاوت کی سزا سنگین ہوتی ہے کیونکہ بغاوت ایک سنگین جرم ہے، خصوصاً

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ
بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَ
هُدًى وَّبُشْرَى لِلْمُسْلِمِينَ ۝
وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا
يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ لِسَانُ الَّذِي
يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا
لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ۝
إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيٰتِ اللّٰهِ لَا
يَهْدِيهِمُ اللّٰهُ وَ لَهُمْ عَذَابٌ
أَلِيمٌ ۝
إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا
يُؤْمِنُونَ بِآيٰتِ اللّٰهِ وَأُولٰٓئِكَ
هُمُ الْكٰذِبُونَ ۝
مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا
مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ
بِالْإِيمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ
بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝
ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الْكٰفِرِينَ ۝
أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ

۱۰۲۔ کہد یجیے: اسے روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے برحق نازل کیا ہے تا کہ ایمان لانے والوں کو ثابت (قدم) رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت (ثابت) ہو۔☆

۱۰۳۔ اور تحقیق ہمیں علم ہے کہ یہ لوگ (آپ کے بارے میں) کہتے ہیں: اس شخص کو ایک انسان سکھاتا ہے، حالانکہ جس شخص کی طرف یہ نسبت دیتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ (قرآن) تو واضح عربی زبان ہے۔

۱۰۴۔ جو لوگ اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے، یقیناً اللہ ان کی ہدایت نہیں کرتا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۰۵۔ جھوٹ تو صرف وہی لوگ افترا کرتے ہیں جو اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۱۰۶۔ جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ کا انکار کرے (اس کے لیے سخت عذاب ہے) بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو (تو کوئی حرج نہیں) لیکن جنہوں نے دل کھول کر کفر اختیار کیا ہو تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۱۰۷۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کیا ہے اور اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۰۸۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے

2: حضرت عمار بن یاسر کا واقعہ اور تقیہ کی رخصت کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس پر تفصیلی گفتگو ہو چکی ہے۔
3: مسیلمہ کذاب نے ایک صحابی کو تقیہ نہ کرنے پر شہید کر دیا اور دوسرے کو تقیہ کرنے پر چھوڑ دیا۔ نبی کریم نے تقیہ نہ کرنے والے کو مبارک باد دی اور تقیہ کرنے والے کے متعلق فرمایا کہ اس نے رخصت پر عمل کیا ہے۔
4: جہاں دین ظاہر کرنا مشکل ہو وہاں سے ھجرت کرنا چاہئے، کیونکہ تقیہ ایک عارضی رخصت ہے۔ اصل ایمان ہی یہی ہے کہ دین اسلام پر کھل کر عمل کیا جائے۔
5: نبی کریم کے صحابہ کرام کی تعریف کی گئی ہے کہ وہ دعوت دین پر نقصانات اٹھاتے تھے اور صبر کرتے تھے۔

غیر ضروری جواب۔ حسن سلوک کرنا تو دین کی اصل تعلیمات ہیں، جبکہ اس سے دین کے اصولوں کو بھی کوئی نقصان نہیں پہنچ رہا۔ حضرت حسن بصری اور کئی علمائے اہل سنت تقیہ (مجبور کو دی گئی رخصت) کو تا قیامت جائز سمجھتے ہیں۔ اس جواب سے بھی کوئی اختلاف نہیں ہے مختلف علماء کی الگ الگ آراء ہیں۔



الاقتصاد فی الاعتقاد
SATURDAY
تفسير المنيري للزحيلي
https://al-maktaba.org/book/22915/961#p1

تفسیر المنیری للزحیلی :
لوگوں سے مدارات کرنا ان سے اظہار محبت کرنا دوستی کرنا اور موافقت کرنا : اگر اس سے دوسروں کو نقصان نہ پہنچے اور دین کے اصولوں کی خلاف ورزی نہ ہو تو یہ جائز ہے۔ اور اگر اس سے دوسروں کو نقصان پہنچتا ہو جیسے قتل، چوری وغیرہ
۔ حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: تقیہ قیامت تک جائز ہے اور قتل میں کوئی تقیہ نہیں ہے۔

یہاں بھی تقیہ کی بحث میں مدارات کا ذکر کیا گیا ہے، گویا خود اہلسنت کے یہاں بھی تقیہ مداراتی، تقیہ کی ایک قسم ہے

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

☜ جن نکات پر سُنی وشیعہ کے ہاں اختلاف ہے اس پر جواب کیوں نہیں دیا جارہا؟

## اعتراض: تقیہ کو جھوٹ ثابت کرو۔

الحمدللہ یہ رونا بھی ختم کر دیا ہے۔ میں اوپر تقیہ کو سُنی وشیعہ کتب سے جھوٹ اور منافقت ثابت کر چکا ہوں۔ کوشش کریں کہ علمی انداز سے رد کریں بصورت دیگر مجھے گروپ سے اٹھا کر باہر پھینک کر اعلان فرمادیں کہ حق ثابت ہو گیا۔ جب گفتگو کرنا نہیں آتی اور مخالفت برداشت بھی نہیں ہوتی تو گروپ بناتے کیوں ہو؟ الحمدللہ یہ رونا بھی ختم کر دیا ہے۔ میں اوپر تقیہ کو سُنی وشیعہ کتب سے جھوٹ اور منافقت ثابت کر چکا ہوں۔ کوشش کریں کہ علمی انداز سے رد کریں بصورت دیگر مجھے گروپ سے اٹھا کر باہر پھینک کر اعلان فرمادیں کہ حق ثابت ہو گیا۔ جب گفتگو کرنا نہیں آتی اور مخالفت برداشت بھی نہیں ہوتی تو آپ لوگ گروپ بناتے کیوں ہو؟

رہی بات لمبے جوابات کی تو اللہ کے بندے اعتراضات ہمیشہ مختصر ہوتے ہیں، ان کے جوابات ان سے لمبے ہی ہوں گے۔ نکتہ بہ نکتہ گفتگو کی جاتی تو اس طرح نہ ہوتا۔

اور عزت مآب علی ناصر صاحب۔۔ نبی کا پورا جملہ لکھ کر ترجمہ کریں۔ پہلے بھی یہی عرض کر چکا ہوں۔

قال النبي : "إن عادوا فعد" (ان ☜ اگر، اگر، اگر)

کیا نبی نے صرف فعد کہہ کہ حکم دیا تھا؟

اسی ابن کثیر کے ترجمہ سے ترجمہ دکھا دیتا ہوں۔




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

آپ جو فرمائش کریں گے میں پوری کرتا جاؤں گا۔ ان شاء اللہ۔

اس جواب میں غیر متعلقہ باتوں کو حذف کرتا ہوں۔

☜ تقیہ نہ صرف صریح جھوٹ اور منافقت ہے بلکہ میں آپ کو شیعہ کتب سے بھی دکھاتا ہوں کہ شیعہ علماء نے تقیہ کو مردار، سور، خنزیر کی طرح ہی کی ایک رخصت قرار دیا ہے۔

☟ ☟ ☟ ☟ ☟




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

ثابت نہیں ہو سکتی۔ اور نہ ہی اس کے پاس کوئی کرامت ہے کہ جس کے کرشمہ سے لوگوں کو اپنی حق بات منوا سکے تو اس مقام پر اس کا مسلمان ہونا اگر اس کے لئے جانی خطرہ یا مضرت رساں ہے تو اپنے حالات میں اگر وہ مسلمان ہونے سے انکار کر کے اپنی جان بچا کر بچ نکلتا ہے تو کوئی عقلمند اس کی یہ حرکت مذموم نہ سمجھے گا بلکہ اگر وہ ان کے ہاتھوں موت کے گھاٹ اتر جاتا ہے تو اسے غلطی و بے وقوف سمجھا جائے گا کیونکہ اس کی زندگی کے بچ جانے سے ملت کو فائدہ تھا، وہ ممکن ہے کئی افراد کو اپنے علم و ہنر سے فیض یاب کرتا جبکہ موت سے بچنے کی تدبیر نہ کرنے سے قوم کو نقصان ہوتا۔ بے شک اگر اس کی موت برموقع واقع ہوتی تو موثر ہوتی۔ مثلاً میدان جنگ۔ یا مذہب کا انحصار قربانی پر منحصر ہے تو اس کی موت شہادت ہے۔

خداوند کریم نے مسلمان کی جان کو بہت قیمتی شے قرار دیا ہے اس نے اس جان کی حفاظت کے لئے سور تک کا گوشت کھانے کی اجازت دی ہے جبکہ فاقہ سے اس کی جان معرض ہلاکت میں ہو اور خنزیر کے گوشت کے سوا کوئی غذا جان بچانے کے لئے میسر نہ ہو۔ جیسا کہ قرآن میں ہے کہ اتنا کھالو جس سے تمہاری جان بچ جائے۔ معلوم ہوا کہ حفاظت جان کے لئے حرام کھانا اور شراب پینا بزدر قرآن روا ہے۔ تو پھر مذہب کو چھپا لینا کیونکر حرام ہو سکتا ہے۔

## انبیاء کا تقیہ

اسلام دین فطرت ہے اور سائنس اس کی فطرت کے تابع ہے اس کے تمام احکامات مبنی بر دانش و مصلحت ہیں۔ جان انسانی کا اللہ تعالیٰ نے اس طرح خیال

علی ناصر (شیعہ مناظر): برداشت میں اور پورا گروپ کر رہا ہے آپکو۔، اسکے آگے نئے اسکین نا بھیجئے گا۔ ابھی جتنے حوالے ہیں آپ کے بہت مختصر اس پر گفتگو کرتے ہیں قارئین کو پڑھنے میں دشواری نہ ہو۔

( قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ) قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

آل عمران Aal-Imran (31)

(اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ اگر تم خدا کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو خدا بھی تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

(قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ )قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ

آل عمران Aal-Imran (32)

کہہ دو کہ خدا اور اس کے رسول کا حکم مانو اگر نہ مانیں تو خدا بھی کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

( قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ )قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ

آل عمران Aal-Imran (32)

کہہ دو کہ خدا اور اس کے رسول کا حکم مانو اگر نہ مانیں تو خدا بھی کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

کوئی آپ جیسا ہی ہے جس نے یہ ترجمہ کیا ہے۔ جیسا کہ میں نے واضح کر دیا ہے کہ (عد) فعل امر ہے اسی کے وزن پر ہے قل۔ ۔
ممتاز قریشی صاحب آپ سب کو سمجھائیں گے کیگے کہ (قل) کا ترجمہ "کہو" ہے لیکن (عد) کا ترجمہ "دوبارہ کرو" نہیں بلکہ "دوبارہ" کر لینا کیوں ہے۔

جعفر صادق: اب آپ بند گلی میں پہنچ چکے ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ گفتگو شروع سے آج تک آپ کی مرضی کے مطابق ہی چل رہی ہے، اپنا عقیدہ آپ لکھ نہیں سکے، جواب دعوی پیش کرنے کی ہمت نہ ہوئی، اوپر سے ذاتی حملے، غصہ، موضوع سے ہٹ کر دوسرے اعتراضات کی طرف گفتگو موڑنے کی کوششیں سب کچھ تو آپ نے کر لیا۔ پھر بھی کہہ رہے ہیں مجھے برداشت کیا جارہا ہے!! کوئی خوف خدا نہیں ہے۔
شرائط آپ نے توڑیں، اعتراض کے اوپر اعتراض آپ نے کئے ہیں، میرے جوابات میں پوچھے گئے سوالات اور مختلف اہم نکات کے جوابات آپ نے نہیں دئے اور اوپر سے شکایات بھی مجھ سے !
کل ہی کی بات ہے آپ نے کہا تقیہ کو جھوٹ اور منافقت ثابت کرو، میں نے دلائل دئے تو آپ نے ان پر مزید گفتگو کئے بغیر دوسرا اعتراض شروع کر دیا۔ اگر تقیہ جھوٹ نہیں ہے تو آپ دلیل دیکر ثابت کیوں نہیں کرتے کہ تقیہ باز سچ بولتا ہے۔ کوئی جاہل بیوقوف ہی ہوگا جو ایسا سمجھے گا کہ بندہ تقیہ بھی کرے اور سچ بھی بولے لیکن آپ ؟۔۔ شاید حق تسلیم کرنے کی توفیق نہیں ملی۔ بیشک ھدایت اللہ عزوجل کے ہاتھ میں ہے۔
اب آپ کیا چاہتے ہیں، میں کس طرح گفتگو کروں!؟

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

مجھ سے گفتگو کرتے وقت دلشاد صاحب کی بھی ایسی حالت ہو چکی ہے اب اس فہرست میں آپ بھی شامل ہو چکے ہیں۔ اس سے پہلے وحید کاظمی اور گل حسن نجفی تو پیچ گفتگو میں ہی حیلے بہانوں سے گفتگو ختم کر چکے ہیں۔ اگر گفتگو جاری رکھنا آپ کے لئے ممکن نہیں ہے تو بتادیں، کوئی زور زبردستی نہیں ہے۔ مجھے صرف چند دلائل دینے ہیں اور خاص کے لئے تقیہ جائز نہ ہونا ثابت کرنا ہے۔

آپ نے تو اب مجھے دلائل دینے سے بھی روک دیا ہے۔ ایڈمنز کو بھی سانپ سونگھ گیا ہے۔ بحر حال قارئین تک تقیہ کے متعلق کئی حقائق پہنچ چکے ہیں۔ آپ نے میرے دلائل کو ہاتھ تک نہیں لگایا اور یہ آپ کے بس کی بات بھی نہیں ہے، الحمد للہ جو کہا ہے وہ اہل سنت و اہل تشیع کتب سے ثابت بھی کیا ہے۔

آپ میرے جوابات اور پوچھے گئے نکات پر غور کیوں نہیں کرتے؟ میں نے مکمل فرمان نبی لکھ کر عرض کیا تھا کہ اس جملے کا ترجمہ کر دیں تو اسے اہمیت کیوں نہیں دی، قارئین کو بتادوں کہ ان تمام الفاظ کے ترجمہ کرنے سے علی ناصر صاحب کا یہ اعتراض ختم ہو جاتا ہے کہ نبی کریم نے حضرت عمار کو تقیہ کرنے کی رخصت دی تھی یا حکم دیا تھا کہ جب دل چاہے تقیہ کرتے رہو۔ یہی دین و ایمان ہے، یہی نیکی ہے، یہی صبر ہے۔ تقیہ نہیں تو ایمان نہیں! وغیرہ وغیرہ




☜ کیا کسی جملے میں موجود ایک لفظ سے پورے جملے کا معنی و مفہوم نکل سکتا ہے؟

آپ نے " قل " اور "عد " کا ترجمہ سب کو سمجھانے کا کہا ہے۔ آپ کو تو شرائط یاد نہیں ہیں لیکن مجھے بخوبی یاد ہے کہ ہمارے درمیان یہ بھی طئے ہوا تھا کہ کسی بھی نکتہ پر ذاتی رائے قبول نہیں کی جائے گی۔ مجھے پتہ نہیں تھا کہ آپ اہل تشیع کے اتنے بڑے مجتہد اور مفسر ہیں! جس کے نزدیک گذشتہ سب مجتہدین و مفسرین کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔

بحر حال میں پانچ اہل تشیع کے علماء اور پانچ اہل سنت کے علماء سے صرف "عد " نہیں بلکہ اس مکمل فرمان نبوی کا ترجمہ و مفہوم دکھا دیتا ہوں کیونکہ * نبی نے صرف "عد" کا لفظ نہیں فرمایا، بلکہ "إن عادوا فعد" کہہ کر حضرت عمار کو اجازت دی تھی۔

☜ سُنی و شیعہ تمام علماء نے ایک ہی معنی و مفہوم ان الفاظ سے نکالا ہے۔

آپ چاہیں تو اپنی روش برقرار رکھتے ہوئے ان تمام سُنی و شیعہ مجتہدین اور مفسرین کے ترجمے اور مفہوم کا انکار کر سکتے ہیں، کیونکہ آپ کی رائے آپ کے شیعوں کے لئے حرف آخر ہے۔ (شاید)

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

سب سے پہلے اہل تشیع کے پانچ علماء و مجتہدین و مفسرین نے فرمان نبی کے اس جملے کا وہی ترجمہ اور مفہوم بیان کیا ہے جو میں بتاتا آرہاہوں۔

:1 مولانا سید ظفر حسن (مترجم اصول کافی)

:2 آیت اللہ شیخ محمد حسین نجفی (مترجم وسائل الشریعہ ترجمہ وسائل الشیعہ)

:3 مولانا سید صفدر حسین نجفی (مترجم تفسیر نمونہ)

:4 مولانا سید تلمیذ حسین رضوی (مترجم تفسیر صافی)

:5 محسن علی نجفی (مترجم تفسیر بلاغ القرآن)


الشافی ١٤٣ کتاب الایمان والکفر

لقيني أمس في موضع كذا وكذا فقال: عليك السلام يا أبا عبد الله.

۹۔ راوی کہتا ہے میں راستہ میں حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے ملا ... بڑھ گیا۔ اس کے بعد آپ کی خدمت میں آیا اور کہا میں آپ پر فدا ہوں میں آپ ... منہ پھیر لیا تھا تاکہ آپ کو کوئی اذیت نہ پہنچے۔ حضرت نے فرمایا۔ اللہ تم پر رحم کرے ... کہ مخالفوں کا مجمع تھا اس نے کہا۔ علیک السلام یا ابا عبداللہ اس نے اچھا نہ کیا۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے السلام پر علیک کو مقدم کیا اور بجائے ...

**توضیح:** ان دونوں باتوں سے مخصوص تعظیم کا اظہار کیا۔ مخالفوں کی موجودگی میں ... بلکہ تقیہ سے کام لینا چاہیے تھا۔

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم، عن هارون بن مسلم، عن مسعدة بن صدقة قال: قيل لأبي عبد الله ﷺ: إنّ الناس يروون أنّ عليّاً ﷺ قال على منبر الكوفة: أيّها الناس إنّكم ستُدعون إلى سبّي فسبّوني، ثمّ تُدعون إلى البراءة منّي فلا تبرّؤوا منّي، فقال: ما أكثر ما يكذب الناس على عليّ ﷺ، ثمّ قال: إنّما قال: إنّكم ستُدعون إلى سبّي فسبّوني، ثمّ ستُدعون إلى البراءة منّي وإنّي لعلى دين محمّد، ولم يقل: لا تبرّؤوا منّي، فقال له السائل: أرأيت إن اختار القتل دون البراءة؟ فقال: والله ما ذلك عليه وما له إلّا ما مضى عليه عمّار بن ياسر حيث أكرهه أهل مكّة وقلبه مطمئنّ بالإيمان، فأنزل الله عزّ وجلّ فيه «إلّا من أُكره وقلبه مطمئنّ بالإيمان» فقال له النبيّ ﷺ عندها: يا عمّار إن عادوا فعُد فقد أنزل الله عزّ وجلّ عذرك وأمرك أن تعود إن عادوا.

۱۰۔ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے کہا گیا کہ لوگ یہ بیان کرتے ہیں کہ علی علیہ السلام نے منبر کوفہ پر کہا۔ لوگو! عنقریب تم سے کہا جائے گا کہ مجھے گالی دو۔ تو تم مجھے گالی دے دینا اور اگر مجھ سے برأت ظاہر کرنے کو کہیں تو نہ کرنا۔ حضرت نے فرمایا لوگوں نے حضرت علی پر کیسا جھوٹ بولا ہے پھر فرمایا۔ حضرت نے تو یہ فرمایا تھا کہ تم سے مجھے گالی دینے کو کہا جائے تو تم مجھے گالی دے دینا اور اگر مجھ سے برأت کو کہا جائے۔ تو میں دین محمد پر ہوں یہ نہیں فرمایا کہ تم مجھ سے اظہار برأت نہ کرنا۔ وسائل دین محمد پر ہونے سے یہ برأت نہ کرنی چاہیئے لہٰذا اس نے کہا، پوچھا گیا برأت کے مقابلہ میں قتل ہونے کو ترجیح دی جائے۔ حضرت نے فرمایا یہ تکلیف اس پر نہیں اور نہ اس کے لئے جائز ہے بلکہ اس کو وہی کرنا چاہیئے جو عمار بن یاسر نے کیا۔ جبکہ اہل مکہ نے انھیں مجبور کیا (کلمۂ کفر کہنے پر) حالانکہ ان کا دل ایمان کی طرف سے مطمئن تھا خدا نے یہ آیت نازل کی۔ مگر وہ جو مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان کی طرف سے مطمئن ہو اس موقع پر رسول اللہ نے عمار سے فرمایا اگر وہ لوگ پھر ایسا کرنے کو کہیں تو کہہ دینا۔ خدا نے تمہارا عذر

الشافی جلد ۲ ١٤٤ کتاب الایمان والکفر

قبول کر لیا اور تمھیں حکم دیا ہے کہ اگر دوبارہ کلمۂ کفر کہنے پر مجبور کریں تو کہہ دینا۔

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

أرأيت أن أختار القتل دون البراءة ، فقال : والله ما ذلك عليه ، وما له إلّا ما مضى عليه عمّار بن ياسر حيث أكرهه أهل مكّة وقلبه مطمئن بالإيمان ، فأنزل الله عزّ وجلّ فيه : ﴿ إلّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإيمانِ ﴾(٢) فقال له النبي ( صلّى الله عليه وآله ) عندها : يا عمار إن عادوا فعد ، فقد أنزل الله عذرك ، وأمرك أن تعود إن عادوا .

ورواه الحميري في ( قرب الإسناد ) عن هارون بن مسلم مثله(٣) .

[ ٢١٤٢٤ ] ٣ ـ وعنه ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل ، عن محمّد بن مروان قال : قال لي أبو عبدالله ( عليه السلام ) : ما منع ميثم رحمه الله من التقية ؟ فوالله لقد علم إنّ هذه الآية نزلت في عمار وأصحابه : ﴿ إلّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإيمانِ ﴾(١) .




[ ٢١٤٢٥ ] ٤ ـ وعن محمّد بن يحيى ،
عن زكريا المؤمن ، عن عبدالله بن أسد ،
جعفر ( عليه السلام ) : رجلان من أهل ال
أمير المؤمنين ( عليه السلام ) فبرىء واحد
الذي برىء وقتل الآخر ، فقال : أمّا الذي
الذي لم يبرأ فرجل تعجل إلى الجنّة .

[ ٢١٤٢٦ ] ٥ ـ وعنه ، عن أحمد ، عن ا
عن محمّد بن مروان ، عن أبي عبدالله (

---

(٢) النحل ١٦ : ١٠٦
(٣) قرب الإسناد : ٨ .
٣ ـ الكافي ٢ : ١٧٤ / ١٥
(١) النحل ١٦ : ١٠٦
٤ ـ الكافي ٢ : ١٧٥ / ٢١
٥ ـ الكافي ٢ :١٢٦/ ٢ ، وأورده في الحديث ٤ من الباب ٩٢ من أبواب أحكام الأولاد .

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

کر شرک کو ظاہر کیا تھا اس لئے خداوند عالم نے ان کو دو بار اجر و ثواب عطا کیا تھا۔ (الاصول، امالی صدوقؒ)

۲۔ مسعدہ بن صدقہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ لوگ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے کوفہ کے منبر پر فرمایا: ایہا الناس! عنقریب تم لوگوں کو مجھ پر سب و شتم کرنے کو کہا جائے گا۔ تو تم بے شک مجھے گالی دے دینا۔ پھر تمہیں مجھ سے بیزاری اختیار کرنے کو کہا جائے گا مگر مجھ سے بیزاری اختیار نہ کرنا؟ یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: حضرت امیر علیہ السلام پر کس قدر زیادہ جھوٹ بولا جاتا ہے؟ حالانکہ آنجناب علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا کہ عنقریب تم کو مجھ پر سب و شتم کرنے کو کہا جائے گا تو تم بے شک مجھ پر سب و شتم کر لینا اور پھر تمہیں مجھ سے بیزاری اختیار کرنے کو کہا جائے گا حالانکہ میں حضرت محمد ﷺ کے دین (برحق) پر قائم ہوں یہاں آنجنابؑ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ تم مجھ سے بیزاری اختیار نہ کرنا۔ اس پر ایک سائل نے عرض کیا کہ اگر کوئی شخص بیزاری کا اظہار نہ کرے اور شہید ہونا پسند کرے تو آپ اس کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا: خدا کی قسم ان پر ایسا کرنا واجب نہیں ہے اور اسے وہ ہی کچھ کرنا چاہیے جو کہ عمار بن یاسرؓ نے کیا تھا۔ جبکہ اہل مکہ نے ان کو (حضرت رسول خدا ﷺ سے بیزاری پر) مجبور کیا تھا۔ (اور انہوں نے اظہار کیا تھا) مگر ان کا دل ایمان پر مطمئن تھا۔ اس پر خداوند عالم نے یہ آیت نازل کی۔ ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ﴾ (مگر وہ جسے کفر پر مجبور کیا جائے لیکن اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو) اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر وہ لوگ دوبارہ تم سے یہ کلمات کہلوائیں تو کہہ دینا۔ جبکہ خداوند عالم نے تمہارا عذر قبول کر لیا ہے۔ اور تمہیں حکم دیا ہے کہ اگر وہ دوبارہ کہلوائیں تو تم کہہ دینا۔ (الاصول، قرب الاسناد)

۳۔ محمد بن مروان بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ (جناب) میثم رحمۃ اللہ کو تقیہ کرنے سے کس چیز نے روکا؟ (اور تقیہ نہ کر کے شہید ہو گئے) جبکہ بخدا وہ جانتے تھے کہ یہ آیت مبارکہ اور ان کے اصحاب کے حق میں اتری ہے: ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ﴾۔ (الاصول)




۴۔ عبداللہ بن عطا بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام
شخصوں کو پکڑا گیا اور ان کو حضرت امیر علیہ السلام سے بیزاری اختیار کرنے
کا اظہار کیا جسے چھوڑ دیا گیا۔ مگر دوسرے کو شہید کر دیا گیا۔ تو؟ امام علیہ السلا
گیا وہ دینی بصیرت رکھنے والا شخص ہے اور جس نے بیزاری ظاہر نہیں کی
داخل ہونے میں جلدی کی ہے۔ (ایضاً)

۵۔ جناب کشیؒ باسناد خود یوسف بن عمران میثمی سے روایت کرتے ہیں ان کا بیا

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!



۲۹۵

جلد ۲ تفسیر نمونہ

یعنی — خدا تمہیں اپنی سزا اور غضب سے ڈراتا ہے
" والی الله المصیر"
یعنی — تم سب کی بازگشت خدا کی طرف ہے اور اگر تم نے دشمنوں سے دوستی کرلی تو اپنے اعمال کا نتیجہ بہت جلد دیکھ لوگے۔

## "تقیہ" ایک حفاظتی ڈھال ہے

یہ صحیح ہے کہ کبھی انسان اعلیٰ ترین مقاصد مثلاً حفظِ شرافت، تقویت حق اور باطل کی کمر توڑنے کے لیے اپنی جان عزیز تک فدا کرنے کو تیار ہوتا ہے لیکن کیا کوئی عقلمند بغیر کسی اہم مقصد کے اپنی جان خطرے میں ڈالنے کو جائز کہہ سکتا ہے اسلام نے صراحت سے اجازت دی ہے کہ جب انسان کی جان، مال اور عزت و آبرو خطرے میں ہو اور اظہار حق سے کوئی اہم نتیجہ اور فائدہ بھی حاصل نہ ہوتا ہو تو وقتی طور پر اظہار حق نہ کیا جائے اور اپنے فرائض مخفی طور ادا کرلیے جائیں جیسا کہ مندرجہ بالا آیت میں قرآن نے یاد دلایا ہے ایک اور تعبیر کے ذریعے سورہ نحل آیہ ۱۰۶ میں ہے:

"اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ"
مگر جو شخص مجبور ہو جائے (اور اپنے ایمان کے خلاف کسی چیز کا اظہار کردے) جب کہ اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو۔

تاریخ اور حدیث کی اسلامی کتابوں نے عمار، ان کے والد اور والدہ کی سرگذشت کو فراموش نہیں کیا کہ وہ بت پرستوں کے چنگل میں پھنس گئے تھے انہوں نے انہیں سخت اذیت میں مبتلا کردیا اور کہتے تھے کہ اسلام سے بیزاری کا اظہار کریں۔ عمار کے ماں باپ نہ مانے اور مشرکین کے ہاتھوں قتل ہوگئے لیکن عمار نے ان کے کہنے کے مطابق اظہار کردیا بعد میں خدائے بزرگوار کے خوف سے روتے ہوئے پیغمبر اکرم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ان سے فرمایا:

"ان عادوا لك فعد لهم"
اگر پھر پکڑے جاؤ تو وہ جو کہیں کہہ دینا



یوں آپ نے عمار کے اضطراب اور گریہ کو سکون بخشا۔
جس نکتہ کی طرف پوری توجہ کی ضرورت ہے یہ ہے کہ تمام مقامات پر " تق...
واجب ہے، کبھی حرام ہے اور کبھی مباح ہے۔
" تقیہ " اس حالت میں واجب ہوتا ہے جب بغیر کسی اہم فائدے...
لیکن جہاں " تقیہ " باطل کی ترویج، لوگوں کی گمراہی اور ظلم و ستم کی تقوی...
اسی بنیاد پر اس سلسلے میں کیے گئے تمام اعتراضات کا جواب دیا جائے گا۔
حقیقت میں اعتراض کرنے والے تحقیق کرتے تو انہیں پتہ چلتا کہ یہ شیعوں کا ہو...

۲۹۶ سورہ آل عمران

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

ربما ۱۴ ۳۶۹ النحل ۱۶

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ
بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا
يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ
يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا
لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا
يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾
اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا
مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ
بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ
بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ

۱۰۲۔ کہد یجیے: اسے روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے برحق نازل کیا ہے تا کہ ایمان لانے والوں کو ثابت (قدم) رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت (ثابت) ہو۔☆

۱۰۳۔ اور تحقیق ہمیں علم ہے کہ یہ لوگ (آپ کے بارے میں) کہتے ہیں: اس شخص کو ایک انسان سکھاتا ہے، حالانکہ جس شخص کی طرف یہ نسبت دیتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ (قرآن) تو واضح عربی زبان ہے۔

۱۰۴۔ جو لوگ اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے، یقیناً اللہ ان کی ہدایت نہیں کرتا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۰۵۔ جھوٹ تو صرف وہی لوگ افترا کرتے ہیں جو اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۱۰۶۔ جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ کا انکار کرے (اس کے لیے سخت عذاب ہے) بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو (تو کوئی حرج نہیں) لیکن جنہوں نے دل کھول کر کفر اختیار کیا ہو تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۱۰۷۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کیا ہے اور اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۰۸۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے

مصلحت ختم ہونے پر بعض احکام اٹھائے جاتے ہیں اسے نسخ کہا جاتا ہے۔

۱۰۲۔ ان نادان لوگوں سے کہد یجیے کہ قرآن کسی انسان کا ساختہ نہیں ہے، بلکہ روح القدس (پاکیزہ فرشتے) نے بتدریج نازل کیا ہے۔ یہاں وحی لانے والے فرشتے جبرئیل کا نام نہیں لیا اور اس امکان کو رد کرنے کے لیے کہ اس سے کوئی غلطی اور فریب کاری صادر ہو سکتی ہے، اسے روح الامین بھی کہتے ہیں۔

احکام بتدریج نازل کرنے اور مصالح عباد کے ساتھ احکام کو تبدیل و تنسیخ کرنے سے اہل ایمان کی ثابت قدمی اور ایمان میں پختگی آ جاتی ہے، کیونکہ احکام کو وقت کے تقاضوں کے مطابق کرنے سے انسان مطمئن ہوتا ہے کہ قانون گزار کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اگر ایسا قانون بنائے جو وقت کے تقاضوں کے خلاف ہو تو ایمان میں کمزوری آ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تدریج و تنسیخ سے مسلمان ایک تابناک مستقبل اور ایک عظیم کامیابی کے انتظار میں رہتے ہیں، جو ایک مشن کی کامیابی کے لیے کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔

۱۰۶۔ یہ آیت عمار، صہیب، بلال اور خباب کے بارے میں نازل ہوئی جن کو مکہ میں اذیتیں دی گئیں۔ عمار کے والد یاسر اور والدہ قتل ہو گئے اور عمار نے وہ کچھ کہہ دیا جو کفار ان سے کہلوانا چاہتے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ عمار کافر ہو گیا: یہ سن کر رسول اکرمؐ نے فرمایا: ان عمارا ملیء ایمانا من قرنه الی قدمه و اختلط الایمان بلحمه و دمه۔ یعنی عمار سرتا پا ایمان سے سرشار ہے۔ ایمان اس کے گوشت و خون میں رچا بسا ہوا ہے۔ عمار روتے ہوئے رسول کریمؐ کی خدمت میں آئے تو آپؐ نے فرمایا: ان عادوا لک فعد لهم اگر وہ پھر ایسا کرے تو تو بھی دوبارہ ایسا کہہ دینا۔ بحار الانوار ۱۹: ۳۵ تنگ نظر مخالفین کی طرف سے نظریے و عقیدے کی آزادی سلب کرنے کی صورت میں تقیہ کی نوبت آتی ہے، ایسے حالات میں اپنے عقیدے پر قائم رہ کر اپنا بچاؤ کرنا ایک انسانی حق ہے۔ عار و ننگ ان لوگوں کے لیے ہے جو دوسروں کو تقیہ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

۱۰۷ تا ۱۰۹۔ تمام قوانین میں بغاوت کی سزا سنگین ہوتی ہے کیونکہ بغاوت ایک سنگین جرم ہے، خصوصاً



تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

مقتولین میں سے ہیں البتہ قریش جو کہلوانا چاہتے تھے عمار نے اسے زبان سے کہہ دیا لیکن وہ اس پر دل سے خوش نہ تھے انھوں نے مجبوراً ایسا کیا تھا۔ کہا گیا یارسول اللہ عمار کافر ہو گئے آنحضرتؐ نے فرمایا نہیں ہرگز نہیں عمار سر سے لے کر پاؤں تک ایمان سے بھرے ہوئے ہیں اور ایمان اُن کے گوشت اور خون میں گردش کر رہا ہے۔ عمار رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے نبی اکرمؐ نے ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کو پونچھا اور فرمایا کہ اے عمار اگر قریش دوبارہ تم سے یہ کہلوائیں تو کہہ دینا اور گھبرانا نہیں۔ [1]

کتاب کافی میں ہے کہ امام صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ لوگ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے منبر کوفہ پر فرمایا تھا ایها الناس انکم سیدعون الی سبی فسبونی ثم تدعون البراءة فلا تتبرؤا مني (اے لوگو عن قریب تمھیں مجھ پر سبّ وشتم (گالی گلوچ) کے لئے کہا جائے گا تو تم مجھ پر سب کر لینا پھر تمھیں مجھ سے بیزاری کے لئے بلایا جائے گا تو دیکھو مجھ سے بیزاری نہ کرنا) امام صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ لوگوں نے بہت سی جھوٹی باتیں علی سے منسوب کر دی ہیں پھر فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا انکم ستدعون الی سبی فسبونی ثم تدعون الی البراءة مني واني لعلى دين محمد صلى الله عليه وآله وسلم (تمھیں مجھ پر سبّ وشتم کے لئے طلب کیا جائے تو مجھ پر سب کرنا پھر تمھیں مجھ سے براءت کے لئے دعوت دی جائے گی اور میں حضرت محمدؐ کے دین پر ہوں اور یہ نہیں فرمایا کہ لاتتبروا مني (مجھ سے بیزاری نہ کرنا) تو سوال کرنے والے نے کہا کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ اس نے قتل کو پسند کر لیا اور براءت اختیار نہ کی فرمایا کہ نہیں اسے ایسا نہیں کرنا چاہیے اس کے لئے وہی عمل ہے جسے عمار بن یاسر نے اختیار کیا تھا جب انھیں اہلِ مکہ نے مجبور کیا تھا اور اُن کا دل ایمان پر مطمئن تھا اللہ تعالیٰ نے اُن کے بارے میں آیت نازل فرمائی الا...ایمان (الا یہ کہ اسے مجبور کر دیا جائے اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمایا اے عمار اگر اہلِ مکہ دوبارہ یہ کلمات کہلوائیں تو کہہ دینا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھاری معذرت کے بارے میں آیت نازل فرمائی ہے اور تمھیں حکم دیا ہے کہ اگر وہ اس امر کا اعادہ چاہیں تو تم اسے دوبارہ کہہ دینا۔ [2]

تفسیر عیاشی میں امام باقر علیہ السلام سے ایسی ہی روایت پائی جاتی ہے۔ [3]

امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ سے سوال کیا گیا کہ گردن کا پیش کر دینا آپ کو زیادہ محبوب ہے یا علیؑ سے براءت کرنا تو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جس امر کی اجازت دی گئی ہے وہ مجھے زیادہ پسندیدہ ہے کیا تم نے اللہ کا قول عمار بن یاسر کے بارے میں نہیں سنا اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ ۔ [4]

(۱) جوامع الجامع ج ۲ ص ۳۰۹ و مجمع البیان ج ۵-۶ ص ۳۸۷    (۲) الکافی ج ۲ ص ۲۱۹ ح ۱۰
(۳) تفسیر عیاشی ج ۲ ص ۲۷۱ ح ۷۳    (۴) تفسیر عیاشی ج ۲ ص ۲۷۲ ح ۷۴



تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

اہل سنت کے پانچ علماء و مفسرین نے اس فرمان نبوی کا وہی ترجمہ و مفہوم بیان کیاہے جو میں بتاتا آرہاہوں۔

:1 پیر محمد کرم شاہ الازہری (مترجم تفسیر قرطبی)

:2 مولانا اخلاق حسین کاظمی دہلوی (مترجم مستند موضح قرآن شاہ عبد القادر محدث دہلوی)

:3 مولانا حافظ محمد داؤد راغب رحمانی اور مولانا ابو الاشبال احمد شاغف (مترجم تفسیر ابن کثیر)

:4 مولانا ابو الصالح محمد قاسم قادری (مترجم کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن مع صراط الجنان فی تفسیر قرآن)

:5 مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی (مترجم تفسیر خزائن العرفان امام احمد رضا خان بریلوی)



تفسیر قرطبی، جلد پنجم — 595 — پارہ 14، سورۃ نحل

**مسئلہ نمبر 2**۔ قولہ تعالیٰ: اِلَّا مَنۡ اُكۡرِهَ یہ آیت حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ یہی اہل تفسیر کا قول ہے کیونکہ یہ اس بعض کے زیادہ قریب ہے جس کی طرف انہوں نے آپ کو بلایا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا ہے: مشرکوں نے آپ کو پکڑ لیا اور انہوں نے آپ کے والد اور والدہ سمیہ رضی اللہ عنہا، اور حضرت بلال، حضرت صہیب، حضرت خباب اور حضرت سالم رضی اللہ عنہم کو بھی پکڑ لیا اور انہیں بہت ستایا، اذیتیں پہنچائیں، اور حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو دو اونٹوں کے درمیان باندھ دیا گیا اور ان کی شرمگاہ میں نیزہ مارا گیا۔ اور انہیں کہا گیا: بے شک تو نے ان مردوں کی وجہ سے اسلام قبول کیا ہے، پھر انہیں شہید کر دیا گیا اور ان کے خاوند حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کو بھی شہید کر دیا گیا، اور یہ دونوں اسلام میں پہلے مقتول ہیں۔ اور رہے حضرت عمار رضی اللہ عنہ! تو آپ نے مجبوراً اپنی زبان سے ان کے سامنے وہ کہہ دیا جو انہوں نے ارادہ کیا، پھر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اس کی شکایت کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا: "اپنے دل کو کیسا پاتے ہو؟" انہوں نے عرض کی: وہ ایمان کے ساتھ مطمئن ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پس اگر وہ اعادہ کریں تو تم بھی دوبارہ کہہ دو(1)"۔ اور منصور بن معتمر نے حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے انہوں نے بیان کیا: اسلام میں پہلی شہید حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی ماں ہے، انہیں ابو جہل نے قتل کیا تھا، اور مردوں میں سے پہلے شہید مجمع مولیٰ حضرت عمر ہیں۔ اور منصور نے بھی حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ سب سے پہلے جنہوں نے اسلام ظاہر کیا وہ سات ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق، حضرت بلال، حضرت خباب، حضرت صہیب، حضرت عمار اور حضرت عمار کی والدہ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہم۔ پس رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو ان کی حفاظت حضرت ابو طالب نے کی، اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حفاظت ان کی قوم نے کی، اور دوسروں کو انہوں نے پکڑ لیا۔ اور انہیں لوہے کی زرہیں پہنا دیتے، پھر انہیں دھوپ میں ڈال دیتے یہاں تک کہ انہیں لوہے اور سورج کی گرمی سے حد درجہ مشقت اور تکلیف پہنچتی، اور جب شام ہوتی تو ابو جہل اپنے ساتھ نیزہ لے کر ان کے پاس آتا اور انہیں گالیاں دینے لگتا اور انہیں خوب جھڑکتا، اور پھر وہ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور انہیں گالیاں دینے لگا اور بے حیائی کرنے لگا، پھر ان کی شرمگاہ پر نیزہ مارا یہاں تک کہ وہ ان کے منہ سے باہر نکل گیا اور انہیں [illegible] کیا؛ اور دوسروں نے وہ کچھ کہہ دیا جو ان سے پوچھا گیا، سوائے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کیونکہ [illegible] کی رضا کی خاطر معاملہ آسان کر دیا، پس وہ انہیں عذاب اور اذیتیں دینے لگے اور ان کو کہ [illegible] لو۔ (واپس لوٹ آؤ) اور وہ فرماتے: اَحَد اَحَد (اللہ تعالیٰ ایک ہے، اللہ تعالیٰ ایک ہے)، [illegible] پھر انہوں نے آپ کو باندھ دیا اور آپ کے گلے میں کھجور کی چھال کی رسی ڈال دی اور اپنے [illegible] کے ساتھ مکہ کے ان دو پہاڑوں کے درمیان کھیلتے رہیں حتیٰ کہ وہ بھی آپ سے اکتا گئے اور [illegible] حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم تمام نے سوائے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے اس بارے کلام کی جو [illegible] ہمارا تدارک فرما دے — کیونکہ ان پر ان کے نفس نے اللہ کی راہ آسان کر دی، پس وہ اپنی [illegible]

1۔ المستدرک للحاکم، کتاب التفسیر، سورۃ النحل، جلد 2، صفحہ 389، حدیث 3362

## تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!



ربما ۱۴ — ۳۶۲ — النحل ۱۶

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۞ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ

بے ہوش ہیں، آپ ہی ثابت ہوا، کہ آخرت میں وہی

الْخٰسِرُوْنَ ۞ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِیْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ

خراب ہیں ۞ پھر یوں ہے کہ تیرا رب، ان لوگوں پر کہ وطن چھوڑا ہے بعد

مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْۤا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

اس کے کہ بچلائے (آزمائے) گئے، پھر لڑتے رہے اور ٹھہرے رہے، تیرا رب ان باتوں کے بعد

لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۞ یَوْمَ تَاْتِیْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ

بخشنے والا مہربان ہے ۞ جس دن آوے گا ہر جی، جواب سوال کرتا اپنی طرف

نَّفْسِهَا وَ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۞ وَ

سے، اور پورا ملے گا ہر کسی کو جو اس نے کمایا، اور ان پر ظلم نہ ہوگا ۞ اور بتائی

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْیَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَىٕنَّةً

اللہ نے کہاوت، ایک بستی تھی، چین امن سے چلی

یَّاْتِیْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ

آتی تھی اس کو روزی فراغت کی ہر جگہ سے، پھر ناشکری کی

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ

اللہ کے احسانوں کی، پھر چکھایا اس کو اللہ نے مزہ، کہ ان کے تن کے کپڑے ہوئے بھوک اور ڈر،

بِمَا كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ۞ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ

بدلا اس کا جو کرتے تھے ۞ اور ان کو پہنچ چکا رسول انہی میں کا،

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ ۞

پھر اس کو جھٹلایا، پھر پکڑا ان کو عذاب نے، اور وہ گنہگار تھے ۞

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَیِّبًا ۪ وَّ اشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ

سو کھاؤ جو روزی دی تم کو اللہ نے حلال اور پاک، اور شکر کرو اللہ کے احسان کا، اگر تم

كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۞ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةَ وَ الدَّمَ

اسی کو پوجتے ہو ۞ یہی حرام کیا ہے تم پر مردہ اور لہو

منزل ۳

موضح قرآن

۱۴ منزل ۳

تشریح ف حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسرؓ پر کفار قریش نے ظلم و تشدد کیا اور مجبور کیا کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کریں اور ان کے بتوں کی تعریف کریں۔ حضرت عمارؓ نے شدید دباؤ میں آکر ان کا کہنا مان لیا، پھر انہیں احساس ہوا اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تشریف لائے اور سارا ماجرا بیان کیا۔ آپ نے پوچھا کیف تجد قلبک۔ اس وقت تیرے دل کی حالت کیا تھی۔ عمارؓ نے کہا مطمئنا بالایمان میرا قلب ایمان پر قائم تھا۔ آپ نے فرمایا ان عادو افعد۔ کوئی حرج نہیں، اگر وہ آئندہ پھر ظلم و تشدد کریں تو تم اپنی جان بچانے کے لئے آئندہ بھی ایسا کر سکتے ہو۔ شریعت میں اسے رخصت کہا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں ایک مقام عزیمت ہے جس پر حضرت بلالؓ قائم تھے۔ آپ کو انتہائی ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جاتا اور ان سے کہا جاتا کہ بتوں کی تعریف کرو۔ آپ اپنے خدا کی تعریف کرتے اور احد احد، وہ ایک ہے، وہ اکیلا ہے۔ فرماتے اور ساتھ ہی اپنے عزم صمیم کا ان لفظوں میں اظہار کرتے۔ واللہ لو اعلم کلمۃ ہی اغیظ لکم منہا لقلتہ۔ خدا کی قسم! اگر اس کلمہ احد احد سے بھی زیادہ کوئی کلمہ تمہیں طیش دلانے والا ہوتا تو میں وہ زبان پر لاتا۔

حضرت حبیب بن زید انصاری کو کذاب مسیلمہ نے گرفتار کر کے ان پر تشدد کیا اور کہا تشہد انی رسول اللہ کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ آپ نے فرمایا لا اسمع میں ایسی مکروہ بات سننا بھی نہیں۔ مسیلمہ نے انکے جسم کی بوٹیاں بوٹیاں کرا دیں اور وہ ایمان پر ثابت رہے۔ یہ مقام عزیمت ہے۔ اسلام نے انسان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالا۔ (بقیہ آگے صفحہ پر)

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!




**مرتد کو ایمان نصیب نہیں ہوتا:** (١٠٧) چونکہ مرتد نے دنیوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی ہے اور دنیا کفر اختیار کیا اس لیے اب انہیں ہدایت نصیب نہیں ہو سکتی اور یہ سچے دین پر نہیں جم سکتے۔

**مرتد کے دل پر مہر لگ جاتی ہے:** (١٠٨) ان کے دلوں پر تو مہر لگ چکی ہے اب یہ مفید نصیحتوں کو سمجھ کانوں اور آنکھوں پر بھی مہر لگ چکی ہے اس لیے اب یہ ان قویٰ سے بھی فائدہ نہیں اٹھا سکتے یا اپنے انجام

**مرتد آخرت میں نقصان اٹھائیں گے:** (١٠٩) جس میں ایسی بری باتیں موجود ہوں وہ لا محالہ اٹھائیں گے خود تو ڈوبے ہی تھے گھر والوں کو بھی لے ڈوبے۔

**مجبور لوگ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں:** پھر فرمایا کہ جنہیں جبریہ کافر بنایا گیا مگر ان کے دل ایمان و یقین سے مطمئن رہے ان پر اللہ کا قہر نہیں اترے گا کیونکہ یہ بے چارے مجبور ہیں اور ان کے دلوں میں بھی نور ایمان ہے یعنی اس حکم سے وہ مستثنیٰ ہیں جو زبان سے تو مشرکوں کے موافق ہوں اور مار پیٹ کے خوف سے اظہار کفر کرتے ہوں مگر دل سے ان کے موافق نہ ہوں۔

**اس آیت کا شان نزول:** کہتے ہیں کہ یہ آیت عمارؓ بن یاسر کے بارے میں اتری جب انہیں مشرکوں نے ایذائیں پہنچائیں کہ محمد ﷺ کو نہ مانیں تو مجبوراً آپ نے اپنی زبان سے ان کی ہاں میں ہاں ملا دی آخر مشرکوں نے آپ کو چھوڑ دیا۔ آپ دوڑے دوڑے رحمت عالم ﷺ کی خدمت میں آئے اور بولے یا رسول اللہ آج میں نے ڈر کی وجہ سے زبان سے کافروں کے سامنے یہ اقرار کر لیا ہے کہ میں آپ کو نہیں مانتا مگر میرے دل میں آپ کی تصدیق ہے اس پر یہ آیت اتری۔ محمد بن عمار کہتے ہیں ایک دفعہ کافروں نے میرے والد عمار کو پکڑ کر طرح طرح سے ستایا اور تکلیفیں پہنچائیں انہوں نے گھبرا کر ان کی ہاں میں ہاں ملا دی پھر اس کا ذکر رحمت عالم ﷺ سے کیا پوچھا اس وقت تمہارے دل کی کیا حالت تھی بولے ایمان سے مطمئن تھا فرمایا اگر مشرک پھر ستائیں تو پھر زبان سے یہی کہہ دینا (ابن جریر) (بیہقی والی روایت میں یہ بھی ہے) عمارؓ نے گھبرا کر کافروں کو خوش کرنے کے لیے آپ کو برا کہا اور بتوں کی تعریف کی پھر آ کر کہا یا رسول اللہ میں نے آپ کو برا بھی کہہ دیا اور ان کے بتوں کی تعریف بھی کر دی پوچھا تمہارے دل کی کیا حالت تھی بولے ایمان سے مطمئن تھا فرمایا اگر مشرک پھر ستائیں تو پھر زبان سے یہی کلمہ کہہ دینا۔ اس پر یہ آیت اتری۔

**حالت جبر میں کفریہ کلمہ جائز ہے:** یہ متفق علیہ مسئلہ ہے جس پر کفر کے لیے جبر کیا جاوے وہ جان بچانے کے لیے کفریہ کلمے استعمال کر سکتا ہے البتہ اعلیٰ درجہ یہی ہے کہ زبان سے کفر کا اظہار نہ کرے اور اللہ کی راہ میں جان دے دے جیسے بلالؓ نے کیا اور جان پر کھیل گئے مگر احد احد ہی پکارتے رہے کافروں نے آپ پر بڑے بڑے مظالم ڈھائے سخت گرمی میں گرم گرم ریت پر ننگا لٹا کر اوپر سے جھلستا ہوا ان کے سینہ پر بھاری پتھر رکھ دیا اور کہا اگر اب بھی شرک پر راضی ہو جائے گا تو ہم تجھے چھوڑ دیں گے مگر اس کوہ پیکر عزم والے مسلمان نے شرک گوارا نہ کیا اور احد احد ہی کا نعرہ لگاتے رہے فرمایا کرتے تھے کہ اگر مجھے ایسا کلمہ معلوم ہوتا جس سے تم احد سے زیادہ چڑتے ہو تو آج میں وہی استعمال کرتا ایسے ہی پکے عزم والے مسلمانوں نے اسلام کا بول بالا اور کفر و شرک کا منہ کالا کیا اللہ ان سے راضی ہو آمین۔

**حبیبؓ انصاری کا واقعہ:** اسی طرح جب مسیلمہ کذاب نے حبیبؓ بن زید انصاری سے کہا کیا محمد ﷺ کی رسالت کا اقرار کرتا ہے؟ بولے ہاں بے شک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں بولا کیا تجھے میری رسالت کا بھی اقرار ہے فرمایا میں سنتا نہیں اس اللہ کے

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

ہوکر جب دیکھا کہ جان پر بن گئی تو بادلِ نخواستہ کلمۂ کفر کا تلفُّظ کردیا۔رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو خبر دی گئی کہ حضرت عمار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ کافر ہوگئے تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا ''ہرگز نہیں، حضرت عمار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ سر سے پاؤں تک ایمان سے پُر ہیں اور اس کے گوشت اور خون میں ذوقِ ایمانی سرایت کرگیا ہے۔ پھر حضرت عمار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ روتے ہوئے خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تو حضور اقدس صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ''کیا ہوا؟ حضرت عمار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرض کی: اے خدا کے رسول! بہت ہی برا ہوا اور بہت ہی برے کلمے میری زبان پر جاری ہوئے۔ سیّد المرسلین صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ''اس وقت تیرے دل کا کیا حال تھا؟ حضرت عمار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرض کی ''دل ایمان پر خوب جما ہوا تھا۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے شفقت و رحمت فرمائی اور فرمایا کہ اگر پھر ایسا اتفاق ہو تو یہی کرنا چاہیے۔ اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔[1]

## حالتِ اِکراہ میں کلمۂ کفر کہنے سے متعلق 4 شرعی مسائل

**(1)**......اس آیت سے معلوم ہوا کہ حالتِ اِکراہ میں اگر دل ایمان پر جما ہوا ہو تو کلمۂ کفر کا زبان پر جاری کرنا جائز ہے جب کہ آدمی کو (کسی ظالم کی طرف سے) اپنی جان یا کسی عُضْو کے تلف ہونے کا (حقیقی) خوف ہو۔ (اور اس میں یہ بھی ضروری ہے کہ اگر کوئی دو معنی والی بات کہنے میں گزارا چل سکتا ہو جس سے کفار اپنی مراد لیں اور کہنے والا اس کی درست مراد لے تو ضروری ہے کہ ایسی دو معنی والی بات ہی کہے جبکہ اس طرح کہنا جانتا ہو۔)

**(2)**......اگر اس حالت میں بھی صبر کرے اور قتل کر ڈالا جائے تو اسے اجر ملے گا اور وہ شہید ہوگا جیسا کہ حضرت خُبیب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ نے صبر کیا اور وہ سولی پر چڑھا کر شہید کر ڈالے گئے۔ سرکارِ دوعالَم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے انہیں سیّدُ الشُّہداء فرمایا۔




**(3)**......جس شخص کو مجبور کیا جائے اگر اس کا دل ایمان پر جما ہوا نہ ہو تو وہ کلمۂ کفر زبا

**(4)**......اگر کوئی شخص بغیر مجبوری کے مذاق کے طور پر یا علم نہ ہونے کی وجہ سے کلم

ہوجائے گا[2]۔[3]

❶......خازن، النحل، تحت الآیۃ: ۱۰۶، ۳/۱۴۴ ملخصاً.
❷......تفسیرات احمدیہ، النحل، تحت الآیۃ: ۱۰۶، ص ۵۰۱.
❸......کفریہ کلمات سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کرنے کیلئے امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی
جواب'' (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔



www.dawateislami.net

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!



النحل ١٦ — ٥٢٠ — رُبَمَا ١٤

مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

غضب ہے اور ان کو بڑا عذاب ہے یہ اس لئے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی آخرت سے

عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

پیاری جانی اور اس لئے کہ اللہ (ایسے) کافروں کو راہ نہیں دیتا یہ ہیں وہ جن کے

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾

دل اور کان اور آنکھوں پر اللہ نے مہر کر دی ہے اور وہی غفلت میں پڑے ہیں

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

آپ ہی ہوا کہ آخرت میں وہی خراب ہیں پھر بے شک تمہارا رب ان کے لئے جنہوں نے

هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

اپنے گھر چھوڑے بعد اس کے کہ ستائے گئے پھر انہوں نے جہاد کیا اور صابر رہے بے شک تمہارا رب اس کے بعد

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ۧ يَوْمَ تَاْتِىْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ

ضرور بخشنے والا ہے مہربان جس دن ہر جان اپنی ہی طرف جھگڑتی آئے گی اور ہر جان کو

نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١١١﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

اس کا کیا پورا بھر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا اور اللہ نے کہاوت بیان فرمائی ایک بستی

ضعیف تھے بھاگ نہیں سکتے تھے انہوں نے مجبور ہو کر جب دیکھا کہ جان پر بن گئی تو باد ل نخواستہ کلمۂ کفر کا تلفظ کر دیا۔ رسول کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو خبر دی گئی کہ عمار کافر ہو گئے۔ فرمایا: ہرگز نہیں! عمار سر سے پاؤں تک ایمان سے پُر ہیں اور اس کے گوشت اور خون میں ذوقِ ایمانی سرایت کر گیا ہے پھر حضرت عمار روتے ہوئے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے حضور نے فرمایا: کیا ہوا؟ عمار نے عرض کیا: اے خدا کے رسول! بہت ہی بُرا ہوا اور بہت ہی بُرے کلمے میری زبان پر جاری ہوئے۔ ارشاد فرمایا: اس وقت تیرے دل کا کیا حال تھا؟ عرض کیا دل ایمان پر خوب جما ہوا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے شفقت و رحمت فرمائی اور فرمایا کہ اگر پھر ایسا اتفاق ہو تو یہی کرنا چاہئے۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خازن) مسئلہ: آیت سے معلوم ہوا کہ حالتِ اکراہ (کفر پر مجبور کئے جانے کی حالت) میں اگر دل ایمان پر جما ہوا ہو تو کلمۂ کفر کا اجرا (زبان پر جاری کرنا) جائز ہے جبکہ آدمی کو اپنے جان یا کسی عضو کے تلف (ضائع) ہونے کا خوف ہو۔ مسئلہ: اگر اس حالت میں بھی صبر کرے اور قتل کر ڈالا جائے تو وہ ماجور (ثواب پائے گا) اور شہید ہوگا جیسا کہ حضرت خبیب رضی اللہ تعالی عنہ شہید کر ڈالے گئے۔ سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے انہیں سید الشہداء فرمایا۔ مسئلہ: جس شخص کو مجبور کیا جائے اگر اس کا دل زبان پر لانے سے کافر ہو جائے گا۔ مسئلہ: اگر کوئی شخص بغیر مجبوری کے تمسخر یا جہل سے کلمۂ کفر زبان پر جاری کرے کافر ہو جائے گا۔ اور اعتقاد کے ساتھ۔ ف اور یہ دنیا ارتداد (مرتد ہونے) پر اقدام کرنے کا سبب ہے۔ ف نہ وہ تدبر (انجام پر غور) کرتے ہیں نہ طریق رشد و صواب کو دیکھتے ہیں۔ ف کہ اپنی عاقبت و انجام کار کو نہیں سوچتے۔ ف کہ ان کے لیے دائمی عذاب ہے۔ ف ہجرت کی۔ ف کفار نے ان پر سختیاں کیں اور انہیں کفر پر مجبور کیا۔ ف ہجرت کے بعد ف ہجرت و جہاد و صبر ف وہ روز قیامت کہتا ہوگا اور سب کو اپنی اپنی پڑی ہوگی۔ ف حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ روز قیامت

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ ﴿3﴾

www.dawateislami.net

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

**استدلال:** تقیہ مجبور اور بے بس کو دی گئی ایک رخصت ہے۔ یہ واجب یا فرض ہر گز نہیں ہے۔ نبی کریم نے حضرت عمار کو یہ کہہ کر اجازت دی تھی "إن عادوا فعد "یعنی اگر دوبارہ یہی حالات ہوں تو تقیہ کر کے جان بچا سکتے ہو۔ تقیہ نہ کرنے والا افضل ہے اور حق پر ڈٹ کر جان گنوائی تو شہید اکبر ہے۔

علی ناصر (شیعہ مناظر): ممتاز قریشی صاحب آپ سے بارہا کہا ہے غیر ضروری بات نہ کیا کریں، بند گلی کا تجربہ آپ کو زیادہ ہے، جہاں عموما لوگ آتے جاتے نہیں۔

2 میسج کے جواب میں آپ نے 10 سے زیادہ میسج بھیجیں ہیں، اس لئے میں بھی اب اختصار کا پابند نہیں ہوں اور اب تو آپ نے جہالت کی انتہا کر دی اور ان لوگوں نے بھی جو آپ کو تنخواہ پر اسکین بنا کر دے رہے ہیں، یہ اضافی اسکین جن میں "اگر" مارک کر کے آپ نے بھیجا ہے، میں نے اختصار کے لئے صیغہ امر کو تزکرہ کیا، یہ آپ پہلے بھی کہہ چکے ہیں مگر میں نے یہ سوچ کر کہ بے عقل انسان ہے در گزر کیا تھا۔

میں نہ بہت بڑا مترجم ہوں نہ مجتہد ہوں، ایک چھوٹا طالب علم ہوں، مگر آپ کی طرح اتنا گیا گزرہ اور بے وقوف نہیں جو "امر" اور "رخصت" کب کلام سے ظاہر ہوتا ہے اسکا فرق نہ جانتا ہو۔ میں اپنی بات پر قائم ہوں اور اسکین بھی لگا چکا ہوں "عد" فعل امر سے اور اس سے مراد اعادہ کرو ہے، اور "ان عادو فعد "یعنی وہ پھر ایسا کریں تو دوبارہ یہی کرنا، اسی کو حکم کہتے ہیں۔

آپ کے تمام بھیجے گئے اسکین میرے حق میں ہیں (الشافی: اگر وہ لوگ پھر ایسا کرنے کو کہیں تو کہ دینا- کہ دینا حکم ہے)، (وسائل الشیعہ: اگر وہ لوگ دوبارہ تم سے یہ کلمات کہلوائیں تو کہ دینا- کہ دینا حکم ہے)، (تفسیر نمونہ: اگر پھر پکڑے جاو تو وہ جو کہیں کہ دینا" کہ دینا حکم ہے ") بلاغ القران اور تفسیر صافی کی بھی یہی عبارت ہے

آپ کا اعتراض میں نے تفسیر در منثور کی روایت سے دور کئے ہیں یہی واقعہ جلال الدین سیوطی نے امام بن سعد سے نقل کیا ہے، جب رسول خدا کی اس واقعہ کے بعد جناب عمار سے ملاقات ہوئی تو جناب عمار رو رہے تھے، نبی کریم ص نے ان کے آنسو پوچھے اور فرمایا: تمہیں کفار نے پکڑ لیا تھا اور پانی میں غوطہ دئے تھے اور تم نے ایسا ایسا کہا تھا (ان عادوا فقل ذالک لهم ) اگر وہ پھر ایسا ایسا کہنے پر مجبور کریں تو کہ دو۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ(61)

پھر جو کوئی تجھ سے اس واقعہ میں جھگڑے بعد اس کے کہ تیرے پاس صحیح علم آ چکا ہے تو کہہ دے کہ آؤ ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں بلائیں، پھر سب التجا کریں اور اللہ کی لعنت ڈالیں ان پر جو جھوٹے ہوں۔

کیا یہاں نبی ص فقل کہہ کر اللہ نے رخصت دی ہے کہ صحیح علم آجانے کے بعد عیسی کے بارے میں اگر یہ تجھ سے جھگڑا کریں تو تمہیں اختیار ہے چاہے ان سے کہنا، چاہے نہ کہنا، کہ آوؤ ہم اپنے بیٹوں۔۔۔۔۔الخ؟

https://quranurdu.org/3

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!



مطمئن بالإيمان

قال: إن عادوا فعد

فنزلت {إلا من أكره وقلبه مطمئن بالإيمان}

وأخرج ابن سعد عن محمد بن سيرين: إن النبي لقي عماراً وهو يبكي فجعل يمسح عن عينيه ويقول: أخذك الكفار فغطوك في الماء فقلت كذا وكذا

فإن عادوا فقل ذلك لهم

وأخرج ابن سعد عن أبي عبيدة بن محمد بن عمار بن ياسر في قوله: {إلا من أكره وقلبه مطمئن بالإيمان} قال: ذلك عمار بن ياسر وفي قوله: {ولكن من شرح بالكفر صدرا} قال: ذاك عبد الله بن أبي سرح

وأخرج ابن أبي شيبة وابن جرير وابن المنذر عن أبي مالك في قوله: {إلا من أكره وقلبه مطمئن بالإيمان} قال: نزلت في عمار بن ياسر

وأخرج ابن أبي شيبة عن الحكم {إلا من أكره وقلبه مطمئن بالإيمان} قال: نزلت في عمار



www.KitaboSunnat.com

تفسیر درمنثور جلد چہارم                    360                    النحل

کے پروردگار کا معاملہ ان کے ساتھ جنہوں نے ہجرت کی بڑی آزمائشوں سے گزرنے کے بعد پھر جہاد بھی کیا اور (مصائب میں) صبر سے کام لیا ہے بے شک آپ کا رب ان آزمائشوں کے بعد (ان کے لیے) بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے"۔

امام ابن المنذر، ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ رحمہم اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کرنے کا ارادہ کیا تو اپنے اصحاب سے فرمایا کہ تم مجھ سے جدا ہو جاؤ جس کو قوت ہو وہ رات کے آخری حصہ تک تاخیر کرے اور جسے یہ طاقت نہ ہو وہ رات کے ابتداء میں ہی چلا جائے اور جب تم سن لو کہ میں امن کے ساتھ مدینہ پہنچ گیا ہوں تو تم میرے پاس آ جانا۔ حضرت بلال، خباب، عمار اور قریش کی ایک لونڈی جو اسلام قبول کر چکی تھی۔ صبح کے وقت مشرکوں کے ہتھے چڑھ گئے، انہوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: وہ اسلام کا انکار کرے لیکن انہوں نے اس کی بات نہ مانی لوہے کی زرہیں دھوپ میں گرم کرتے پھر حضرت بلال کو پہناتے، جب وہ گرم لوہا آپ کو پہناتے تو آپ احد احد کا نعرہ لگاتے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ کو وہ کانٹوں میں گھسیٹتے تھے۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے تقیہ ایسا کلمہ کہہ دیا جو انہیں اچھا لگا، اس مسلمان لونڈی کے لیے ابوجہل نے چار کیل لگائے پھر ان کے درمیان اس کو لٹا کر باندھ دیا پھر اس کے دل میں نیزہ مار حتی کہ اسے قتل کر دیا۔ پھر مشرکین نے حضرت بلال، خباب اور عمار رضی اللہ عنہم کو چھوڑ دیا۔ یہ صحابہ نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچ گئے اور اپنی تکالیف کی خبر دی، حضرت عمار نے جو بات کہی تھی اس کی وجہ سے بہت پریشان تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تو نے یہ کلمہ کہا تھا تو تیرے دل کی کیفیت کیا تھی؟ کیا کلمہ کفریہ کے ساتھ تمہارا دل مطمئن تھا یا نہیں؟ عمار نے کہا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیت نازل کی: اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَىٕنٌّۢ بِالْاِیْمَانِ۔

امام عبد الرزاق، ابن سعد، ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، حاکم (انہوں نے اسے صحیح کہا ہے) اور بیہقی نے دلائل میں ابو عبیدہ بن محمد بن عمار من ابیہ کے سلسلہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں: مشرکین نے حضرت عمار بن یاسر کو پکڑ لیا اور اس وقت تک نہ چھوڑا جب تک کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے متعلق نازیبا کلمات نہ کہے اور ان کے باطل معبودوں کا خیر کے ساتھ ذکر نہیں کیا۔ پھر انہوں نے حضرت عمار کو چھوڑ دیا۔ جب وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے تو عرض کی: میں نے آپ کے بارے نازیبا کلمات کہے اور ان کے معبودوں باطلہ کا خیر کے ساتھ ذکر کیا ہے (اب میرے لیے کیا حکم ہے)۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس وقت تیرے دل کی کیفیت کیا تھی؟ حضرت عمار نے عرض کی: دل تو ایمان کے ساتھ مطمئن تھا۔ فرمایا: اگر وہ دوبارہ ایسی بات پر مجبور کریں تو تم کہہ دینا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَىٕنٌّۢ بِالْاِیْمَانِ۔(1)

امام ابن سعد رحمہ اللہ نے حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ملاقات حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے ہوئی جب کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ رو رہے تھے۔ غم خوار نبی نے اپنے غلام کے آنسو پونچھے اور فرمایا: تجھے کفار نے پکڑ لیا تھا اور تجھے پانی میں غوطے دیئے تھے اور تو نے ایسا ایسا کہا تھا۔ اگر وہ پھر ایسا ایسا کہنے پر مجبور کریں تو کہہ دو۔

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 14، صفحہ 216




تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت!

سورہ انعام: فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ وَّلَا يُرَدُّ بَأْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ(147)

پھر اگر تجھے جھٹلائیں تو کہہ دو کہ تمہارا رب بہت وسیع رحمت والا ہے، اور اس کا عذاب نہیں ٹلے گا گناہگار لوگوں سے۔

کیا یہاں فقل سے مراد رخصت ہے کہ اگر یہ لوگ تمہیں جھٹلائیں تو تمہیں اختیار ہے چاہے تو کہہ دینا چاہے تو نہ کہنا تمہارا رب بہت وسیع رحمت والا؟



وماتت فيها غريباً وحيداً بلا خلاف بين سائر المؤرخين ، ومنه يعلم من هم الناس الذين وصفوا بالضلالة!

هذا ، وقد روى الشيخ المفيد في أماليه بسنده عن أمير المؤمنين الإمام علي عليه السلام أنه قال : «خالطوا الناس بألسنتكم وأجسادكم ، وزايلوهم بقلوبكم وأعمالكم»(١).

ولست أدري كيف تكون مخالفة مخالطة الناس بأخلاقهم ومخالطتهم باللسان والمخالفة في الأعمال والمزايلة بالقلوب من غير تقية؟!

**الحديث الثالث : أمر النبي ﷺ عمار بن ياسر بالتقية :**

وهو ما أشرنا إليه في قصة عمار وأصحابه الذين أظهروا كلمة الكفر بألسنتهم وقلوبهم مطمئنة بالإيمان.

فقد روى الطبري بسنده عن أبي عبيدة بن محمد بن عمار بن ياسر ، أنه قال : (أخذ المشركون عمار بن ياسر فعذبوه حتى باراهم في بعض ما أرادوا ، فشكا ذلك إلى النبي ﷺ فقال النبي ﷺ : «كيف تجد قلبك؟» قال : مطمئناً بالإيمان ، قال النبي ﷺ : «فإن عادوا فعد»(٢)).

وفي تفسير الرازي أنه قيل بشأن عمار : (يا رسول الله! إن عماراً كفر! فقال : «كلا ، إن عماراً ملئ إيماناً من قرنه إلى قدمه ، واختلط الإيمان بلحمه ودمه ، فأتى عمار رسول الله ﷺ وهو يبكي ، فجعل رسول الله ﷺ يمسح عينيه ويقول : ما لك؟ إن عادوا لك فعد لهم بما قلت»(٣)).




حديث الثالث : امر النبی عمار بن یاسر بالتقیۃ ۔ صفحہ 64

الحمد للہ یہاں ثابت ہو گیا کہ (فعد) اور (فقل) دونوں طرح سے جناب عمار کو رسول خدا امر کر رہے ہیں، اور اللہ نے اپنے رسول کی اطاعت کو امت پر فرض قرار دیا ہے۔

(قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ )[3آل عمران 32]۔

اے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم آپ کہہ دیجئے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اگر تم نے اعراض کیا تو بیشک اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا ہے۔

(مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ)[4 /النساء 80]۔

جس کسی نے رسول کی اطاعت کی اس نے گویا اللہ ہی اطاعت کی۔

(وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ) [ 4النساء64 ]۔

ہم نے جتنے بھی رسول بھیجے اس کا مقصد یہ تھا کہ اللہ کے حکم سے ان کی اطاعت کی جائے"

- 7288حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «§دَعُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ، إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِسُؤَالِهِمْ وَاخْتِلاَفِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوهُ، وَإِذَا -[95]- أَمَرْتُكُمْ بِأَمْرٍ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ«

تقیہ افضل عبادت یا مجبور کو دی گئی رخصت !

